اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوا غَرَائِبَهٗ (الحدیث)

# مَعَارِفُ الْبَیَانِ
## فِیْ
# اِعْرَابِ الْقُرْآنِ

جلد اوّل سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ تا سُوْرَۃُ الْاَنْعَامِ

www.KitaboSunnat.com




تالیف

اُستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اُسامہ عبدالرحمٰن صاحب حفظہ اللہ لودھروی

فاضل جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں



ناشر

مکتبہ امدادیہ

مُلتان، پاکستان

061-4544965
0300-7828402

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوا غَرَائِبَهُ (الحدیث)

# مَعَارِفُ الْبَيَان

فِي

# إِعْرَابِ الْقُرْآن

جلد اول

سُورَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُورَةُ الْأَنْعَامِ

## تالیف


أستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ چک شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں



ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان


www.kitabosunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب **مَعَارِفُ الْبَیَانِ فِیْ اِعْرَابِ الْقُرْآن** جلد اوّل

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ تا سُوْرَۃُ الْاَنْعَامِ

تالیف : ابواسامہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب لودھروی


مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
فون نمبر ۰۶۱-۴۵۴۴۹۶۵/۰۳۰۰-۷۸۴۸۴۰۲

المکتبۃ الرحمانیۃ
۱۹ ... بے بالاں ٹاؤن۔ لاہور


**ملنے کے پتے**


☆ کتب خانہ مجیدیہ ملتان ☆ ادارہ اشاعت الخیر ملتان ☆ مکتبہ حقانیہ ملتان
☆ مکتبہ رحمانیہ اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۷۲۲۴۲۲۸/۷۲۲۱۳۹۵
☆ مکتبہ خلیل لاہور
☆ مکتبہ العلم اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲-۷۲۳۱۷۸۸/۷۲۱۱۷۸۸
☆ قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی فون ۰۲۱-۲۲۱۲۲۲۱/۲۲۱۲۲۲۰
☆ مکتبہ الشیخ بہادر آباد کراچی
☆ کتب خانہ اشرفیہ کراچی فون نمبر ۰۲۱-۲۲۱۳۰۵۸
☆ دارالاشاعت اُردو بازار کراچی فون نمبر ۰۲۱-۲۲۱۳۷۶۸

بتعاون
محمد حمزہ صدیق قریشی صاحب


**ضروری گزارش**

اس کتاب کی تصحیح کی حتی المقدور کوشش کی گئی ہے اس کے باوجود کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ ادارہ آپ کا بے حد مشکور ہوگا۔ (ادارہ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| انتساب | ۷ | فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت | ۱۲ |
| تقریظ حضرت مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب | ۸ | عرض مؤلف | ۱۳ |
| تقریظ حضرت مولانا عبدالغفار تونسوی صاحب | ۹ | ماخذ و مراجع | ۱۵ |
| تقریظ حضرت مولانا محمد میاں صاحب | ۱۰ | اُمورِ ملحوظہ فی مَعارفِ البَیان | ۱۶ |
| الترجمان فی تسہیل معارف البیان | ۱۱ | | |


## مقدمۃ الکتاب


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| فائدہ نمبر (۱) برائے سَوَآءٌ | ۱۷ | فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظِ وَیْلٌ | ۲۴ |
| فائدہ نمبر (۲) برائے قِیْلَ کا نائب فاعل | ۱۷ | فائدہ نمبر (۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب | ۲۵ |
| فائدہ نمبر (۳) برائے نائب فاعل | ۱۷ | فائدہ نمبر (۲۱) برائے ترکیب لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ | ۲۵ |
| فائدہ نمبر (۴) برائے ترکیب یَاۤاَیُّهَا | ۱۸ | فائدہ نمبر (۲۲) برائے حَتّٰی | ۲۵ |
| فائدہ نمبر (۵) قاعدہ نحویہ | ۱۸ | فائدہ نمبر (۲۳) برائے لَمَّا | ۲۶ |
| فائدہ نمبر (6) برائے اَمَّا اور اِمَّا | ۱۸ | فائدہ نمبر (۲۴) برائے حرف اَوْ | ۲۶ |
| فائدہ نمبر (۷) مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں | ۱۹ | فائدہ نمبر (۲۵) برائے مفعول مطلق | ۲۶ |
| فائدہ نمبر (۸) هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر | ۱۹ | مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں | ۲۷ |
| فائدہ نمبر (۹) برائے کَیْفَ | ۲۰ | فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء | ۲۷ |
| فائدہ نمبر (۱۰) برائے اِذْ | ۲۰ | چند مقامات جن میں جزاء پر دخول فَاء واجب ہے | ۲۸ |
| اِذَا مفاجاتیہ کے بارے نحویوں کے تین مذاہب | ۲۱ | فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ | ۲۹ |
| فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط | ۲۱ | فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واؤ | ۳۰ |
| اَیٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے | ۲۲ | احوال وجوب ذکر واؤ | ۳۰ |
| فائدہ نمبر (۱۲) برائے مَا کی دیگر قسمیں | ۲۲ | احوال امتناع ذکر واؤ | ۳۰ |
| فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم | ۲۲ | احوال جواز ذکر واؤ | ۳۱ |
| فائدہ نمبر (۱۴) برائے مَا زائدہ | ۲۳ | واؤ کی دیگر اقسام | ۳۲ |
| فائدہ نمبر (۱۵) برائے اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ | ۲۳ | فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ | ۳۳ |
| فائدہ نمبر (۱۶) برائے فَاء | ۲۳ | فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی | ۳۳ |
| فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ | ۲۳ | فائدہ نمبر (۳۱) برائے کَاف | ۳۴ |
| | | فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لَام | ۳۴ |
| فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حِجازیہ | ۲۳ | فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ | ۳۵ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| | |
|---|---|
| فائدہ نمبر (۳۴) برائے اسم تفضیل | ۳۶ |
| فائدہ نمبر (۳۵) برائے کان | ۳۷ |
| فائدہ نمبر (۳۶) برائے حروف جر | ۳۷ |
| فائدہ نمبر (۳۷) برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر ومؤنث کی مساوات | ۳۸ |
| فائدہ نمبر (۳۸) برائے افعال مقاربہ | ۳۸ |
| فائدہ نمبر (۳۹) برائے مبتدا وخبر | ۳۹ |
| وہ مقامات جن میں نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے | ۳۹ |
| وہ مقامات جن میں مبتدا کو حذف کرنا کثیر ہے | ۴۰ |
| فائدہ نمبر (۴۰) برائے حرف لا | ۴۰ |
| فائدہ نمبر (۴۱) برائے حرف متی | ۴۱ |
| فائدہ نمبر (۴۲) برائے علون | ۴۱ |
| فائدہ نمبر (۴۳) برائے اسمائے ظروف | ۴۱ |
| مثلٌ اور مثلٌ کی تین حالتیں ہیں | ۴۲ |
| فائدہ نمبر (۴۴) برائے اقسام جملہ | ۴۳ |
| فائدہ نمبر (۴۵) برائے لیکن | ۴۳ |
| فائدہ نمبر (۴۶) برائے لفظ غیر | ۴۴ |
| فائدہ نمبر (۴۷) برائے نون وقایہ | ۴۴ |
| فائدہ نمبر (۴۸) لَا مَحَلَّ لَهَا مِنَ الْاِعْرَاب جملے | ۴۴ |
| محل اعراب جملوں کی سات قسمیں ہیں | ۴۴ |
| فائدہ نمبر (۴۹) برائے فرق بین الحال والتمیز | ۴۵ |
| فائدہ نمبر (۵۰) برائے کم استفہامیہ وکم خبریہ | ۴۶ |
| **ترکیب سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَعَ تَعَوُّذ وتَسْمِيَه** | ۴۷ |


## سُوْرَةُ الْبَقَرَة


| | |
|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱ | ۴۸ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲ | ۴۹ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳ | ۵۳ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۴ | ۵۷ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۵ | ۶۱ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۶ | ۶۳ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۷ | ۶۷ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۸ | ۶۹ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۹ | ۷۲ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۰ | ۷۵ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۱ | ۷۸ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۲ | ۸۲ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۳ | ۸۵ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۴ | ۸۸ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۵ | ۹۱ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۶ | ۹۴ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۷ | ۹۸ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۸ | ۱۰۱ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۹ | ۱۰۳ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۰ | ۱۰۶ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۱ | ۱۰۸ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۲ | ۱۱۲ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۳ | ۱۱۳ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۴ | ۱۱۶ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۵ | ۱۲۳ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۶ | ۱۲۷ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۷ | ۱۳۱ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۸ | ۱۳۴ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۹ | ۱۳۷ |
| ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳۰ | ۱۳۹ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۱ | ۱۳۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۶ | ۱۵۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۲ | ۱۳۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۷ | ۱۶۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۳ | ۱۴۹ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۸ | ۱۶۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۴ | ۱۵۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۹ | ۱۶۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳۵ | ۱۵۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۴۰ | ۱۷۱ |


## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَان


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱ | ۱۷۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۱ | ۲۰۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲ | ۱۷۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۲ | ۲۱۲ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳ | ۱۸۰ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۳ | ۲۱۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۴ | ۱۸۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۴ | ۲۲۰ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۵ | ۱۸۹ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۵ | ۲۲۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۶ | ۱۹۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۶ | ۲۲۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۷ | ۱۹۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۷ | ۲۲۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۸ | ۱۹۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۸ | ۲۳۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۹ | ۲۰۲ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۹ | ۲۳۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۰ | ۲۰۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۰ | ۲۴۲ |


## سُوْرَةُ النِّسَآءِ


| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱ | ۲۴۷ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۳ | ۲۸۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲ | ۲۵۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۴ | ۲۹۰ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳ | ۲۵۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۵ | ۲۹۲ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۴ | ۲۵۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۶ | ۲۹۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۵ | ۲۶۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۷ | ۲۹۶ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۶ | ۲۶۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۸ | ۲۹۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۷ | ۲۶۷ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۹ | ۳۰۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۸ | ۲۷۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۰ | ۳۰۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۹ | ۲۷۴ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۱ | ۳۰۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۰ | ۲۷۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۲ | ۳۱۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۱ | ۲۸۰ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۳ | ۳۱۴ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۲ | ۲۸۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۴ | ۳۱۸ |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سُوْرَةُ الْمَائِدَة



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱ | ۳۲۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۹ | ۳۴۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲ | ۳۲۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۰ | ۳۵۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳ | ۳۲۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۱ | ۳۵۸ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۴ | ۳۳۲ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۲ | ۳۶۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۵ | ۳۳۵ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۳ | ۳۶۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۶ | ۳۳۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۴ | ۳۶۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۷ | ۳۴۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۵ | ۳۷۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۸ | ۳۴۷ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۶ | ۳۷۵ |



## سُوْرَةُ الْاَنْعَام



| | | | |
|---|---|---|---|
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱ | ۳۷۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۱ | ۴۱۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲ | ۳۸۱ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۲ | ۴۱۴ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۳ | ۳۸۴ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۳ | ۴۱۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۴ | ۳۸۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۴ | ۴۲۱ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۵ | ۳۹۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۵ | ۴۲۵ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۶ | ۳۹۶ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۶ | ۴۲۹ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۷ | ۳۹۸ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۷ | ۴۳۳ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۸ | ۴۰۰ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۸ | ۴۳۷ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۹ | ۴۰۳ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۹ | ۴۴۰ |
| ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۱۰ | ۴۰۹ | ترکیب رکوع نمبر ۔۔۔ ۲۰ | ۴۴۳ |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# الانتساب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حضرت والد حافظ حبیب اللہ صاحب رحمۃ اللہ رحمۃ کاملۃ المتوفی ۸ جون ۲۰۲۰ء بمطابق ۱۵ شوال المکرم ۱۴۳۱ھ بروز پیر جب حیات پور میں امام و خطیب تھے انہوں نے خواب دیکھا کہ ایک مجلس میں نبی اقدس ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اجمعین موجود ہیں اور والد صاحب ؒ نے فقیر سے فرمایا کہ عبد الرحمن تو بھی اس مجلس میں موجود تھا۔ اور فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دودھ کا پیالہ فقیر کے والد صاحب ؒ کو عطا فرمانے لگے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یا رسول اللہ حبیب اللہ کو پیالہ نہ دو بلکہ اس کے بیٹے عبد الرحمن کو عطا فرماؤ تو نبی کریم ﷺ نے دودھ کا پیالہ خواب میں فقیر کو عطا فرمایا۔ انتہی رؤیا والدی

اور دودھ کی تعبیر علم سے ہے اور اس زمانہ میں فقیر عبد الرحمن جامعہ خیر المدارس میں دورہ حدیث کا طالب علم تھا۔ جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شفقت اور مشورہ سے رحمۃ للعالمین ﷺ نے والد صاحب ؒ کے خواب میں جو کرم نوازی فرمائی تھی اسی کا نتیجہ ہے کہ عرصہ ۲۸ سال سے فقیر قرآن وسنت کی خدمت میں معروف ہے۔ اور فقیر کی تالیف شدہ متعدد کتب منصہ شہود پر آچکی ہیں ورنہ فقیر کی ذاتی حیثیت " من آنم کہ من دانم " اور معارف البیان فی اعراب القرآن بھی اسی مذکورہ خواب کی تعبیر ہی ہے۔

اسی لئے فقیر اپنی اس تالیف کو سید الکونین فخر موجودات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارک اور امیر المومنین خلیفہ اوّل سیدنا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی ذات محسنہ اور والدین مرحومین کی ذوات مشفقہ اور جامعہ سراج العلوم میں درجہ حفظ و درجہ اُولیٰ تک، اور جامعہ اسلامیہ باب العلوم میں درجہ ثالثہ، اور جامعہ دار العلوم مدنیہ بہاولپور میں درجہ ثانیہ و رابعہ اور جامعہ خیر المدارس ملتان میں دورہ حدیث تک کے تمام اساتذہ کرام کی ذوات مرشدہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔۔۔۔۔ زہے عزو شرف گر قبول افتد

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ أَجْمَعِيْنَ

فقیر عبد الرحمٰن لودھروی

جامعہ نور القرآن والسنۃ لودھراں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ

## حضرت مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ :أَمَّا بَعْدُ حق تعالیٰ شانہ کا خصوصی فضل وکرم ہے کہ ہمارے مدرسہ معارف اسلامیہ جس کی بنیاد حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ نے اپنی پر خلوص دعاؤں سے رکھی تھی الحمد للہ اس ادارہ سے جس طرح قرآن کریم اور دورہ حدیث شریف اور دیگر علوم سے طلبہ وطالبات مستفید ہو کر دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح ادارہ ھذا کا شعبہ تصنیف وتالیف بھی کافی حد تک شہرت کا حامل ہے اس سے قبل ادارہ ھذا کی کئی کتب جید علماء سے داد تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اس وقت زیر نظر کتاب معارف البیان فی اعراب القرآن جو قرآن کریم کی ترکیب پر مشتمل جامع مکمل تالیف ہے۔ قرآن کریم کی تفسیر پر اس وقت لاکھوں سے متجاوز تفاسیر ہیں اور ان میں کچھ تفاسیر ایسی بھی ہیں جن میں ترکیب قرآن پر کلام کیا گیا ہے، مگر اکثر وبیشتر عربی زبان میں ہیں جن سے کم استعداد کے طلبہ صحیح معنی میں فائدہ حاصل نہیں کر سکتے ہمارے مدرسہ کے شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا عبدالرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اُن طلبہ پہ شفقت فرماتے ہوئے ہماری اس دیرینہ خواہش پر قلم اٹھایا اور اپنی پاکیزہ علمی خدمت کو علماء اور طلباء کے لئے یکساں مفید بنایا اور اکابر کے علوم کو چن چن کر معارف البیان میں جمع فرمایا۔ بلا مبالغہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ ترکیب قرآن دوسری تراکیب سے مستغنی کر دے گی إن شاء الله

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کے علوم ومعارف سے جملہ مسلمانوں کو نفع دے اور ان کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے ـــــ آمین فجزاه الله عنا وعن جميع المسلمين خير الجزاء

والسلام

عبدالقیوم قاسمی غفرلہ

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

۲۳,۱۱,۲۰۱۳

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ مبارک

## از مولانا محمد عبد الغفار تونسوی حفظہ اللہ تعالیٰ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ

اَمَّا بَعْدُ:

بندہ ہر سال مدرسہ عربیہ معارف اسلامیہ کراچی مناظرہ پڑھانے کے لئے حاضر ہوتا ہے، محترم و مکرم حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب نقشبندی شیخ الحدیث جامعہ ہذا سے ہر سال ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے، مولانا موصوف از حد درجے کے ذہین وذی استعداد ہونے کے ساتھ ساتھ متعدد کتب کے مصنف و مؤلف بھی ہیں، جنہوں نے کئی کتب کے تراجم و حواشی و شروحات تحریر کر کے اہل علم کی تشنگی و پیاس کو بجھایا ہے۔

حال ہی میں انہوں نے قرآنِ مقدس کو نحوی ترکیب کے ساتھ تحریر کر کے علماء و صلحاء کی دیرینہ خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی سعی بلیغ فرمائی ہے، خصوصاً وہ حضرات جو ہر سال دورہ تفسیر پڑھاتے ہیں ان کے لئے یہ نحوی ترکیب "سونے پہ سہاگہ" کا کام دے گی، کیونکہ قرآن مقدس کی نحوی ترکیب کے بارے پاکستان میں کسی عالم نے اس وقت تک قلم نہیں اٹھایا۔ یہ حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب موصوف ہی ہیں جنہوں نے علماء و طلباء کے افادے کے لئے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے، اور قرآن مقدس کی یہ خدمت و سعادت انہیں کے حصہ میں آئی ہے۔

اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت و کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ انہیں قرآن و سنت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماویں۔۔۔ آمین

محتاج دعا

(مولانا) محمد عبد الغفار تونسوی

۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

۸ جون ۲۰۱۴ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ مبارک

## استاذیم استاذ العلماء حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

مدیر و شیخ الحدیث جامعہ سراج العلوم عید گاہ لودھراں

بسم اللہ تعالیٰ

بندہ نے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب سینئر مدرس جامعہ سراج العلوم لودھراں کی خدمتِ قرآن عظیم بصورت تراکیبِ قرآن مختلف مقامات سے دیکھی ہے جو کہ طلباء کے لئے ہی نہیں بلکہ علماء کرام و مدرسین حضرات کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس خدمت قرآن عظیم کو مفید و مقبول بنائے۔۔۔ آمین

(مولانا) محمد میاں

خادم جامعہ سراج العلوم لودھراں

۰۱،۰۹،۲۰۲۰

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# آلتَّرْجُمَان
فِیْ
# تَسْهِيْلِ مَعَارِفُ الْبَیَان

افادات

استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ گلی شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

کاتب ومرتب

مولانا محمد سلمان دہلوی

فاضل: الجامعة البنورية العالمية سائٹ کراچی

ناشر

مکتبہ اِمْدَادِیہ ملتان پاکستان

فون نمبر

061.4544965::0300.78284·

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ لِاَھْلِھَا اَمَّا بَعْدُ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تَعَلَّمُوا السُّنَّۃَ وَالْفَرَائِضَ وَاللَّحْنَ کَمَا تَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ تم علم نحو سیکھو کیونکہ اس میں عجائب قرآن اور اس کے معانی اور حدیث اور سنت کے معانی کا علم ہے۔ اور جو شخص نحو کو نہیں پہچانے گا وہ اکثر کتاب اللہ کو نہیں پہچانے گا اور اکثر سنن کو نہیں پہچانے گا۔

☆ اور علامہ زمخشری کی رائے یہ ہے کہ اکثر اصول فقہ کے ابواب اور اصول فقہ کے مسائل میں گفتگو علم اعراب پر مبنی ہے۔

☆ اعراب اور تعریب دونوں کا معنی ایک ہے یعنی ظاہر کرنا اور اعراب کو اعراب اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی بیان کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے

☆ علامہ ابو بکر بن انباری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین سے قرآن کریم کے اعراب کی فضیلت اور اس کی تعلیم کی ترغیب اور لحن کی مذمت اور کراہت منقول ہے اس لئے قراء القرآن پر واجب ہے کہ وہ اعراب القرآن کو سیکھنے میں اپنی جانوں کو مشقت میں ڈالیں۔ چنانچہ مستدرک حاکم میں حدیث ابی ہریرہ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَہٗ اور کنز العمال میں ایک حدیث مذکور ہے اَعْرِبُوا الْکَلَامَ کَیْ تُعْرِبُوا الْقُرْآنَ اور اسی طرح کنز العمال میں حدیث انس رضی اللہ عنہ مرفوع ہے مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ مُتَعَمِّدًا بِاِعْرَابٍ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ حَرْفٍ فَضْلُ اَرْبَعِیْنَ حَسَنَۃً

☆ اور ابن عطیہ فرماتے ہیں شریعت میں اعراب القرآن اصل ہے اس لئے کہ شریعت معانی قرآن کا نام ہے اور وہ اعراب القرآن سے قائم ہوتے ہیں

☆ اور علامہ عکبری فرماتے ہیں قرآن کریم کے معنی پر واقف ہونا اور اغراض قرآن کی وضاحت کا سبب سے پہلا عبارت اعراب القرآن کو پہچاننا ہے۔ اور اسی وجہ سے اسرار القرآن کی وضاحت کرنے والے پر لغت عربیہ میں نظر کرنا اور معرفت اعراب ضروری ہے اور عالم اور فقیہ اور مجتہد پر اعراب کا لحاظ کرنا ضروری ہے اس لئے کہ اعراب کے مختلف ہونے سے معنی تبدیل اور مختلف ہو جاتا ہے۔

☆ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اعراب کلام کا زیور اور اس کی زینت اور اس کی خوبصورتی ہے اور علماء نے وجوہ اعراب اور معانی قرآن کو جاننے والے عالم کی تعریف کی ہے۔ اسی لئے علماء نے اعراب القرآن کے بارے میں ہر زمانہ میں کتب جلیلہ لکھی ہیں اور قدیماً و حدیثاً اعراب القرآن پڑھنے پڑھانے پر علماء نے بہت محنت فرمائی ہے مثلاً اعراب القرآن عبد الرحمٰن انباری اور اعراب القرآن حسین بن ابی العز الھمدانی اور املاء ما من بہ الرحمٰن من وجوہ الاعراب اور الدر المصون لعلامہ حلبی اور اس کے علاوہ بھی اس علم میں بہت کتابیں لکھی گئی ہیں مگر وہ تمام کتب عربی زبان میں ہیں جن سے فائدہ اٹھانا اہل عجم کے عوام الناس تو عوام الناس رہے اکثر فارغ التحصیل حضرات کے لئے بھی فائدہ اٹھانا مشکل تھا اس لئے فقیر کے دل میں عرصہ دراز سے یہ آرزو تھی کہ اعراب القرآن جو کہ عربی زبان میں محفوظ ہے اس کو پاک و ہند کی اکثری زبان لغت اردو میں منتقل کیا جائے تو جب فقیر مدرسہ معارف اسلامیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کراچی میں مدرس تھا تو تقریباً ۲۰۰۰ء میں اس عظیم کام کی ابتداء کی گئی جو کہ تقریباً ۱۰ سال میں یہ کاوش مکمل ہوئی اور الحمد للہ اس عظیم کام میں ہم نے اپنی وسعت کے مطابق بہت کوشش کی ہے مگر ہماری کوشش درست ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور اگر کہیں کوئی لغزش اور کمزوری پائی جائے تو کُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ ہے اور خَیْرُ الْخَطَّائِیْنَ اَلتَّوَّابُوْنَ ہے۔ اور ہم اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ وہ ایسے علماء کا ہمارے لئے انتظام فرمائے جو ہماری محنت میں واقع ہونے والی خطاؤں پر ہمیں مطلع فرمائیں۔ اور ہم نے اپنی اس جہد تفسیر کا نام "معارف البیان فی اعراب القرآن" رکھا ہے۔

اور اس اعراب القرآن کی تالیف میں جن حضرات نے بھی کسی بھی صورت میں فقیر کے ساتھ تعاون فرمایا ہے اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کو دونوں جہاں میں اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور ان تمام حضرات کو اور فقیر کو اور ہمارے خاندانوں کو اور اساتذہ اور تلامذہ کو اپنی رضا عطا فرماتے ہوئے دنیا و آخرت کی ہر ذلت اور ندامت اور محتاجی سے محفوظ فرمائے۔ بالخصوص مدرسہ معارف اسلامیہ کے مدیر مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب حفظہ اللہ اور بابا نیک محمد بلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد سلمان دہلوی صاحب حفظہ اللہ فاضل الجامعۃ البنوریہ العالمیہ۔ آخر الذکر یعنی مولوی سلمان صاحب نے جمعرات اور جمعہ کی چھٹی کے اوقات کو فضول کاموں اور دوستیوں میں خرچ کرنے کی بجائے اعراب القرآن کو لکھنے کے لئے وقف کیا اور ان کی محنت سے اس عظیم کام کی تکمیل میں آسانی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ محنت قبول فرمائے اور ان کے لئے اور ان کے والدین کے لئے فلاح دارین کا ذریعہ بنائے اور آخر میں ایک اور اپنے خاص دوست اور محسن کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کی محبت اور شفقت عرصہ پندرہ سال سے جاری ہے میری مراد بھائی وقار احمد اعوان مالک الفکر ہوٹل سعید آباد کراچی ہیں کئی پاروں کی ترکیب اور تحفۃ الراقیہ شرح دروس البلاغۃ کے مسودہ کا اکثر حصہ ان کی محبت میں الفکر ہوٹل کی بالائی منزل پر تصنیف کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے خاندان کو خدمت دین کے لئے قبول فرمائے

"رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنَ"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# عرض مؤلف

اور خاکسار فقیر عبدالرحمٰن بن حافظ حبیب اللہ اللہ تعالیٰ کے احسان و فضل کا جتنا بھی شکر ادا کرے وہ کم ہے کہ لاریب و بے نظیر کتاب کی ترکیب اس کے ہاتھوں تکمیل کو پہنچی ہے اور ارباب علم و بصیرت کی خدمت میں باادب التماس ہے کہ اگر اس ترکیب میں اُن کی نظر سے کوئی غلطی یا لغزش گزرے تو براہ کرم فقیر حقیر کو اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح کر دی جائے۔ ورنہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ ترکیب القرآن کے بارگراں کا تحمل میری طاقت سے بہت بڑھ کر تھا۔ مگر ایک علمی خدمت سمجھ کر اور خادمین قرآن کریم میں شامل ہونے کے لئے میں نے اس کام کو انجام دیا ہے۔ اور رب العالمین کا شکر ہے کہ یہ کام تکمیل کو پہنچا "وَالعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ مَقْبُولٌ" اور میں اللہ جلّ جلالہ سے بعجز وزاری عرض کرتا ہوں کہ جس طرح اس نے احسان فرما کر اعراب القرآن کی مجھ سے تکمیل کرا دی ہے اسی طرح اس کو شرف قبول عام عطا فرما کر اپنی نعمت مجھ پر کامل بنائے اور ہمیں اپنے رسول اشرف الانبیاء ﷺ کے متبعین میں سابقین الاولین کے گروہ میں داخل فرمائے

یا اللہ آپ ہماری اس امید کو پورا فرمانا کیونکہ آپ ایسے کریم ہیں کہ آپ کے باب کرم سے امیدوار کا خالی ہاتھ آنا محال ہے اور جو آپ کے ماسوا سے منقطع ہو جاتا ہے تو آپ بھی اس کو ہرگز نہیں چھوڑتے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ماخذ و مراجع

اس اعراب القرآن کی تصنیف و تالیف میں درج ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے

(۱) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔۔ محی الدین الدرویش

(۲) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔۔ محمود صافی

(۳) املاء ما من بہ الرحمن:۔۔۔۔۔۔۔۔ ابو البقاء عکبری

(۴) روح المعانی:

(۵) التفسیر المظہری:

(۶) جلالین:

(۷) حاشیہ الجمل:

(۸) تفسیر حقانی:

(۹) دیگر مختلف تفاسیر مثلاً تفسیر کبیر و قرطبی وغیرہ:

(۱۰) مختلف کتب نحو:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تلک عشرۃ کاملۃ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اُمُورِ ملحوظہ فی مَعارِفِ البَیان

معارف البیان فی اعراب القرآن میں جن امتیازات و خصوصیات کو مد نظر رکھا گیا ہے ان میں سے بعض درج ذیل ہیں

(۱) دوران ترکیب اصطلاحات اور مشکل تعبیر کی بجائے عام فہم اور آسان انداز تحریر اختیار کیا گیا ہے کیونکہ ہماری محنت سے مستفیدین طلباء کرام ہیں۔ افاضل علماء کے لئے تو اس کتاب کا ہونا نہ ہونا برابر ہے

(۲) جہاں کسی لفظ کی ترکیب میں دو احتمال تھے تو اسہل احتمال کو اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔ الخ میں اگر إِذَا کو شرطیہ بنائیں تو جزاء محذوف ماننی پڑتی ہے اس لئے إِذَا کو لِمُؤْمِنٍ کے متعلق کا مفعول فیہ بنایا گیا ہے

(۳) فعل مجہول کے نائب فاعل کے بعد جو مفعول واقع ہوتا ہے بعض نحوی اس کو مفعول بہ اور بعض اس کو مفعول ثانی سے تعبیر کرتے ہیں ہم نے ترکیب میں تعبیر اول کو اختیار کیا ہے۔

(۴) ظرف مستقر کو بعض نحوی فعل کے اور بعض شبہ فعل کے متعلق بناتے ہیں ہم نے مختلف مقامات میں دونوں قول پر عمل کیا ہے کبھی ظرف مستقر کا متعلق فعل اور کبھی شبہ فعل مقدر مانا ہے

(۵) مَا مشابہ بلیس کو دوران ترکیب مَا حجازیہ کے نام سے ذکر کیا گیا ہے کیونکہ بنو تمیم کے نزدیک یہ مَا عمل نہیں کرتا ہے۔

(۶) ترکیب قبقری اور ترکیب زنجیری دونوں مذکور ہیں

(۷) ترکیب قبقری میں اختصار کے لئے حرف با (بمعنی ساتھ) استعمال کیا گیا ہے مثلاً اگر یہ کہا جائے کہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ اور مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا تو عبارت طویل ہوگی تو یوں تعبیر کیا گیا ہے فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۸) بعض جن کتب سے خاص ترکیب یا تقدیری عبارت لی گئی ہے اس کتاب کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے مثلاً روح المعانی وغیرہ

(۹) مختلف الفاظ کی ترکیب اور اہم نحوی قواعد کو فوائد کے عنوان کے ساتھ مقدمۃ الکتاب کے طور پہ شامل اشاعت کیا گیا ہے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# مقدمۃ الکتاب

## فائدہ نمبر(۱) برائے سَوَآءٌ:

یہ لفظ اِسْتِوَآءٌ کے معنی میں ہوتا ہے اور اسم فاعل کے معنی میں ہو کر خبر واقع ہوتا ہے۔ اور جب یہ لفظ ھمزہ تسویہ کے بعد ہو تو اس کے بعد دو کلمے ضروری ہیں۔ خواہ وہ دونوں کلمے اسم ہوں، خواہ وہ دونوں کلمے فعل ہوں، اور جب اس کے بعد دو فعل واقع ہوں اور ھمزہ تسویہ نہ ہو تو اس صورت میں دوسرا فعل پہلے پر حرف عطف اَوْ کے ساتھ معطوف ہوتا ہے جیسے: سَوَآءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْقَعَدْتَ۔ اور جب اس کے بعد دو مصدر واقع ہوں تو اس وقت دوسرے مصدر کا پہلے پر واؤ کے ساتھ یا اَوْ کے ساتھ عطف درست ہوتا ہے۔ جیسے: سَوَآءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ وَقُعُوْدُکَ اور سَوَآءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ اَوْقُعُوْدُکَ

اور ھمزہ تسویہ وہ ھمزہ ہے جو سَوَآءٌ اور مَا اُبَالِیْ اور مَا اَدْرِیْ اور لَیْتَ شِعْرِیْ کے بعد واقع ہوتا ہے اور ھمزہ تسویہ کا ضابطہ یہ ہے کہ یہ وہ ھمزہ ہے جو ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہے جس جملہ کی جگہ مصدر کا رکھنا درست ہو جیسا کہ سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ "سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ اِنْذَارُکَ وَعَدَمُ اِنْذَارِکَ کی تاویل میں ہے۔

## فائدہ نمبر(۲) برائے قِیْلَ کا نائب فاعل:

بعض نحوی قِیْلَ کا نائب فاعل ایسی ھُوَ ضمیر مقدر کرتے ہیں جس کا مرجع قِیْلَ کا مصدر قول ہوتا ہے۔ اور بعض نحوی فرماتے ہیں کہ قِیْلَ کے بعد جو جملہ واقع ہوتا ہے وہ نائب فاعل ہوتا ہے اور یہ نحوی فرماتے ہیں کہ جس جملہ سے مراد اس جملہ کا لفظ ہو وہ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ جملہ مبتداء واقع ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ کَنْزٌ مِّنْ کُنُوْزِ الْجَنَّةِ: اس میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ جملہ مفرد کے حکم میں ہے اور مراد لفظ ہو کر مبتداء ہے۔ اور جیسے ایک کہاوت ہے زَعَمُوْا مَطِیَّةُ الْکِذْبِ (زَعَمُوْا کا لفظ جھوٹ کی سواری ہے) اس میں زَعَمُوْا جملہ مبتداء ہے۔

## فائدہ نمبر(۳) برائے نائب فاعل:

### فاعل کو حذف کرنے کے بعد چار چیزوں میں سے کوئی ایک اس کا نائب بن سکتی ہے

(۱) مفعول بہ ہے جیسے: وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ میں ہے یہ اصل میں قَضَی اللّٰهُ الْاَمْرَ تھا۔

(۲) مجرور بحرف جر بھی فاعل کا نائب ہو سکتا ہے بشرطیکہ حرف جر تعلیل کے لئے نہ ہو جیسے: لَمَّا سُقِطَ فِیْ اَیْدِیْهِمْ میں ہے ترکیب اس طرح ہوگی فِیْ حرف جر اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی لفظاً حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے اور محلاً مرفوع نائب فاعل مگر اس میں یہ بات یاد رہے کہ مجرور بحرف جر اگر مؤنث ہو اور وہ فاعل کا نائب ہو تو اس کا فعل مؤنث نہیں ہوگا بلکہ فعل مذکر باقی رہے گا یعنی ذُهِبَتْ بِفَاطِمَةَ نہیں بلکہ ذُهِبَ بِفَاطِمَةَ کہا جائے گا۔

(۳) ظرف متصرف مختص فاعل کا نائب ہو سکتی ہے جیسے: مُشِیَ یَوْمٌ کَامِلٌ اور صِیْمَ رَمَضَانُ اور ظرف متصرف سے مراد وہ ظرف ہے جس کا مسند الیہ بننا درست ہو جیسے یَوْمٌ وغیرہ اور مختص سے مراد یہ ہے کہ وہ ظرف مفید ہو مبہم نہ ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور ظرف کے مختص ہونے کی کئی صورتیں ہیں

(۱): وصف کے ساتھ مختص ہو جیسے: جُلِسَ مَجْلِسٌ مُفِيدٌ

(۲): اضافت کے ساتھ مختص ہوتی ہے جیسے: سُهِرَتْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ

(۳): علمیت کے ساتھ ظرف مختص ہوتی ہے جیسے: صِيمَ رَمَضَانُ لہٰذا ظروف مبہمہ فاعل کا نائب نہیں بن سکتی

(۴): ایسا مصدر بھی فاعل کا نائب بن سکتا ہے جو متصرف مختص ہو جیسے: فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ میں نَفْخَةٌ نائب فاعل ہے اور یہ ایسا مصدر ہے جو متصرف ہے پھر اس کو مسند الیہ بنانا صحیح ہے اور مختص بھی ہے کیونکہ صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ اور مصدر غیر متصرف ان مصادر کو کہا جاتا ہے کہ مصدر ہونے اور مفعول مطلق ہونے کی بناء پر جن کو نصب لازم ہو جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ

## فائدہ نمبر(۴) برائے ترکیب يَاأَيُّهَا:

قرآن کریم میں حروف نداء میں سے صرف حرف ندا یاء کے ساتھ ندا واقع ہوئی ہے اور أَيُّ منادی ہے اور حرف ھَا برائے تنبیہ ہے اور جو اسم أَيُّهَا کے بعد واقع ہوتا ہے وہ ترکیب میں کیا واقع ہوتا ہے؟ اس بارے میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ جمہور نحویوں کے نزدیک وہ اسم معرف باللام آئی کی صفت واقع ہوتا ہے۔ عند البعض اسم معرف باللام أَيُّ سے بدل واقع ہوتا ہے اور جو حضرات أَيُّهَا کو مرکب اضافی بتاتے ہیں تو یہ درست نہیں ہے اس لئے کہ منادی مضاف منصوب ہوتا ہے تو اگر أَيُّهَا مرکب اضافی ہوتا تو یہ لفظاً منصوب ہوتا۔

## فائدہ نمبر(۵) قاعدہ نحویہ:

جو جمع مؤنث غیر عاقل ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: جَنّٰتٍ مَّعْرُوشٰتٍ اور اس کی صفت واحد مؤنث بھی آسکتی ہے۔ اور جو جمع مکسر ذوی العقول پر دال ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے اور واحد مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: فِيهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ میں ہے۔ اور جب صفت کو موصوف پر مقدم کر دیا جائے تو پھر وہ ذوالحال اور حال کہلاتا ہے جیسے: فِيهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال ہے اور أَزْوَاجٌ ذوالحال مؤخر ہے اور یہ اصل میں موصوف اور صفت تھے یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں ذوالحال کا نکرہ ہونا جائز ہے حالانکہ ذوالحال محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ معرفہ ہوتا ہے اور چونکہ ذوالحال اصل میں موصوف تھا مگر جب مؤخر ہو گیا تو ذوالحال بن جاتا ہے۔

## فائدہ نمبر(۶) برائے أَمَّا اور إِمَّا:

جب اس شکل کا لفظ شروع کلام میں ہو تو أَمَّا ہوتا ہے اور جب اس شکل کا لفظ شرط اور تفصیل کے لئے ہو اس وقت بھی أَمَّا ہوتا ہے نیز جب اس شکل کے لفظ کے جواب میں فاء ہو تو أَمَّا ہوگا اور اگر اس شکل کا لفظ ایک جملہ میں مکرر ہو تو إِمَّا ہوگا جیسے: إِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَّإِمَّا كَفُورًا نیز اس شکل کے لفظ کے بعد اسی جملہ میں کلمہ أَوْ آجائے تو بھی إِمَّا ہوگا جیسا کہ کتب نحو میں تقسیم کلمہ کی وجہ حصر میں إِمَّا ہوتا ہے۔ اور یہ بات یاد رہے کہ جب إِمَّا مکرر ہو تو پہلے إِمَّا کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تردیدیہ و تفصیلیہ ہے اور دوسرا وَاَمَّا عاطفہ ہوتا ہے اور اس سے پہلے واؤ زائدہ کا ہونا شرط ہے اور جو اَمَّا حرف شرط و تفصیل ہو اس کے اور اس کے بعد واقع ہونے والی فاء کے درمیان پانچ چیزوں میں سے ایک کے ساتھ فاصلہ ضروری ہے۔

(۱) مبتدا کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ۔۔۔ الخ میں ہے۔

(۲) خبر کا فاصلہ ہو جیسے: اَمَّا فِی الدَّارِ فَعَلِیٌّ۔

(۳) جملہ شرطیہ کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّا اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ فَرَوْحٌ وَّرَیْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِیْمٍ۔

(۴) ایسے اسم منصوب کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کے جواب کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔

(۵) ایسے ظرف کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کا معمول ہو کیونکہ اَمَّا میں اس فعل کا معنی پایا جاتا ہے اَمَّا جس فعل کا قائم مقام ہے جیسے:
اَمَّا الْیَوْمَ فَاِنِّیْ ذَاهِبٌ

اور اَمَّا تاکید اور شرط کے لئے آتا ہے اور کبھی اَمَّا کا قائم مقام واؤ ہو جاتا ہے جیسے: کہا جاتا ہے وَبَعْدُ یہ اصل میں اَمَّا بَعْدُ ہے اور فَاِمَّا تَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا میں اِمَّا دو حرف سے مرکب ہے اِنْ شرطیہ اور مَا زائدہ سے مرکب ہے

## فائدہ نمبر (۷) برائے مَاذَا:

مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو اور ذَا کا بعد ذَا سے بدل ہو یا عطف بیان ہو، دونوں مل کر خبر ہوں جیسے: مَاذَا الْوُقُوْفُ، مَا اسم استفہامیہ مبتدا ذَا الْوُقُوْفُ مبدل منہ بدل یا مبین اور عطف بیان مل کر خبر ہے۔

(۲) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم موصول ہو اور بعد والی عبارت صلہ ہو جیسے: مَاذَا يَرْجِعُوْنَ مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول اور يَرْجِعُوْنَ اس کا صلہ ہے، موصول با صلہ خبر ہے۔

(۳) مَاذَا پورا مرکب استفہام ہو جیسے لِمَاذَا جِئْتَ

(۴) پورا مَاذَا اسم جنس بمعنی شَیْئًا ہو یا اسم موصول بمعنی اَلَّذِیْ ہو۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الاتقان میں اس کے دو استعمال دوسرے بھی ذکر کئے ہیں (۱) مَا زائدہ ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو (۲) مَا استفہامیہ ہو اور ذَا زائدہ ہو۔

## فائدہ نمبر (۸) برائے هَلْ:

هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر ہوتا ہے۔

(۱) هَلْ قَدْ کے معنی میں ہو جیسے: هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا میں ہے۔

(۲) هَلْ: استفہام کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا میں ہے۔

(۳) هَلْ: امر کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ کیونکہ یہ اِنْتَهُوْا کے معنی میں ہے۔

(۴) هَلْ: کبھی نفی کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور ابن ہشام نے کلمہ ہَلْ کی دس خصوصیات بیان کی ہیں (۱) یہ طلب تصدیق کے لئے آتا ہے (۲) کلام موجب پر داخل ہوتا ہے۔(۳) مضارع پر داخل ہو تو اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کرتا ہے۔(۴) شرط پر داخل نہیں ہوتا۔(۵) إنّ شرطیہ پر داخل نہیں ہوتا۔(۶) ایسے اسم پر داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو۔(۷) حرف عطف کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۸) أمْ کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۹) استفہام انکاری کے لئے آتا ہے سوائے هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ کے۔(۱۰) اور یہ قَدْ کے معنی میں آتا ہے کمامر۔

## فائدہ نمبر(۹) برائے کَیْفَ:

کَیْفَ ایسا اسم ہے جو مبنی علی الفتح ہے اور اس کا استعمال اکثر استفہام کے لئے ہوتا ہے۔ پھر اگر اس کے بعد اسم واقع ہو تو یہ خبر مقدم ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ اَنْتَ اور کَیْفَ کُنْتَ۔ اور اگر اس کے بعد فعل واقع ہو تو پھر کبھی اس فعل کے فاعل یا مفعول سے حال واقع ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ جَآءَ اَخُوْکَ میں اَخُوْکَ سے حال مقدم ہے اور جیسے کَیْفَ اَکَلْتَ رَغِیْفًا میں رَغِیْفًا مفعول بہ کا حال واقع ہے۔ اور کبھی بواسطہ موصوف محذوف کے بعد والے فعل کا مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ میں ہے اور یہ اَلَمْ تَرَ فِعْلًا کَائِنًا کَیْفَ کی تاویل میں ہو کر فَعَلَ کا مفعول مطلق ہے۔ اور اگر یہ افعال قلوب سے پہلے واقع ہو تو ان کا مفعول بہ ثانی مقدم بنتا ہے جیسے: کَیْفَ تَظُنُّ الْاَمْرَ اور یہ ترکیب میں جو بھی واقع ہو افعال عامہ کَوْنٌ، وُجُوْدٌ، ثُبُوْتٌ، حُصُوْلٌ کا مفعول فیہ ہو کر واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی کَیْفَ شرط کے لئے آتا ہے جیسے: کَیْفَ تَفْعَلْ اَفْعَلْ (جیسے تو کرے گا میں کروں گا)

## فائدہ نمبر(۱۰) برائے اِذْ:

یہ ظرف زمان زمانہ ماضی کے لئے آتا ہے اور اس کے بعد جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی وہ جملہ حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی جاتی ہے اور اس کو تنوین عوض کہا جاتا ہے جیسے: یَوْمَئِذٍ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں ہے اور یہ اصل میں یَوْمَئِذٍ غُلِبَتِ الرُّوْمُ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ہے۔

کلمہ إذْ عام طور پر ترکیب میں پانچ چیزوں میں سے ایک چیز واقع ہوتا ہے

(۱) ظرف یعنی مفعول فیہ واقع ہوتا ہے جیسے: فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا میں إذْ نَصَرَ کا مفعول فیہ ہے۔

(۲) اگر یہ آیات کے شروع میں واقع ہو تو مفعول بہ واقع ہوتا ہے جیسے: وَ اِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ وغیرہ آیات میں ہے

(۳) کبھی مفعول بہ سے بدل واقع ہوتا ہے جیسے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ مَرْیَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ میں ہے اس میں کلمہ إذْ مَرْیَمَ سے بدل ہے

(۴) مضاف الیہ واقع ہو جیسے یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا میں إذْ یَوْمَ کا مضاف الیہ ہے۔

(۵) اور کبھی إذْ تعلیل کے لئے ہوتا ہے اور اس وقت اس سے ظرفیت والا معنی ختم ہو جاتا ہے۔

(۶) کبھی کلمہ إذْ مفاجات یعنی اچانک کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس صورت میں عام طور پر اس کے بعد بَیْنَا یا بَیْنَمَا واقع ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور جب کلمہ اِذْ مفاجات کے لئے استعمال ہو اس وقت اس کا اعراب کیا ہو گا تو اس کی تفصیل درج ذیل ہے

عند البعض ظرف زمان و عند البعض ظرف مکان و عند البعض مفاجات کے معنی میں حرف، و عند البعض حرف توکید یعنی زائد ہے۔ پھر قائلین ظرفیت میں سے ابن جنی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اِذْ مفاجاتیہ کا عامل اس کے بعد واقع ہونے والا فعل ہے اور بَیْنَ اور بَیْنَمَا کا عامل محذوف ہے فعل مذکور ان کی تفسیر کرتا ہے والتفصیل فی مغنی اللبیب۔

۞ اور ایک اِذَا مفاجاتیہ ہوتا ہے اور اس کے بارے میں نحویوں کے تین مذاہب ہیں ۞

(۱) سیبویہ کا مذہب: یہ ہے کہ یہ ظرف مکان یا ظرف زمان ہے اور یہ خبر کا مفعول فیہ ہوتا ہے اور ہم نے اعراب القرآن میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

(۲) اہل بصرہ کی ایک جماعت کا مذہب: ان کے نزدیک اِذَا ظرف زمان ہے اور خبر کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے۔

(۳) اہل کوفہ کا مذہب: یہ ہے کہ اِذَا حرف ہے اور ترکیب میں کچھ نہیں بنتا۔

اور اِذَا مفاجاتیہ جملہ اسمیہ کے ساتھ خاص ہے اور یہ ابتداء کلام میں واقع نہیں ہوتا اور اس کا معنی حال کا ہوتا ہے نہ کہ مستقبل جیسا کہ فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَىٰ میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط:

اسمائے شرط میں سے کلمہ مَنْ کے بعد اگر فعل لازم واقع ہو تو یہ مبتدا واقع ہوتا ہے جیسے: مَنْ يَذْهَبْ أَذْهَبْ مَعَهُ اسی طرح اگر اس کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو اس وقت بھی یہ مبتدا بنتا ہے جیسے: مَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ۔ الخ میں ہے۔ پھر عند البعض: اس کی خبر فعل شرط ہوتا ہے پھر مبتدا اور خبر مل کر شرط بنتے ہیں۔ اور عند البعض: جملہ جزائیہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور عند البعض فعل شرط و جزاء کا مجموعہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور بحمد اللہ فقیر نے معارف البیان فی اعراب القرآن میں اسی قول کو معمول بہ بنایا ہے۔

☆ اور اگر مَنْ کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول بہ مقدم واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَنْ يُهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهُ مِنْ مُّكْرِمٍ میں کلمہ مَنْ فعل يُهِن کا مفعول بہ مقدم ہے۔

☆ اور مَا کی ترکیب مَنْ کی مثل ہے۔

☆ اور مَهْمَا اور حَيْثُمَا اور مَتَىٰ اور أَيَّانَ اور أَيْنَ اور أَنَّىٰ ظرف زمان محلاً منصوب ہوتے ہیں۔ اور فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتے ہیں۔

☆ اور كَيْفَ حال شرط کے ہاں سے حال ہوتا ہے۔

☆ اور أَيُّ کا اعراب مضاف الیہ کے مطابق ہوتا ہے اگر مضاف الیہ ظرف ہو تو یہ مفعول فیہ بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ مصدر ہو تو مفعول مطلق بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ ظرف اور مصدر نہ ہو تو پھر یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



❁ فائدہ: أیٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے ❁

(۱) أیٌّ اسم شرط جازم ہو اس کے اعراب کی تفصیل اوپر لکھی جاچکی ہے۔

(۲) أیٌّ اسم موصول ہو اور یہ معرب ہوتا ہے اور اس کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے لیکن اگر یہ مضاف ہو اور اس کے صلہ کا پہلا جزء محذوف ہو تو اس وقت یہ مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔

(۳) أیٌّ اسم استفہام ہو جیسے: أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ میں ہے اور اس کا حکم اس أیّ کی مثل ہے جو اسم موصول ہوتا ہے۔

(۴) اگر یہ نکرہ کے بعد واقع ہوتا ہے تو صفت واقع ہوتا ہے اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو حال واقع ہوتا ہے۔

(۵) أیٌّ معرف باللام کی نداء کا وسیلہ ہو جیسے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا میں ہے۔

(۶) أیٌّ تعجب کے لئے ہوتا ہے جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ أَيُّ رَجُلٍ هٰذَا میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۱۲) مَا اسم شرط کے علاوہ بھی مَا کی دیگر قسمیں ہیں:

(۱) مَا کافہ: جو إنّ وغیرہ کو عمل سے روکتی ہے جیسے: إِنَّمَا إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ میں ہے۔

(۲) مَا زائدہ: جیسے: مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ میں ہے۔

(۳) مَا موصولہ: جیسے: بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ میں ہے۔

(۴) مَا مصدریہ: جیسے: بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ میں ہے۔

(۵) مَا استفہامیہ اور یہ تین صورتوں میں مبتدا ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہوتا ہے (۱) جب اس کے بعد اسم ہو جیسے: مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (۲) جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے: مَا يَقُومُ مَقَامَكَ (کونسی چیز تیرے قائم مقام ہے) (۳) جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے: مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ اور اگر اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو یہ محلاً منصوب اس کا مفعول بہ مقدم ہوتا ہے جیسے: مَا قَرَأْتَ اور اگر اس کے بعد فعل ناقص آجائے تو محلاً منصوب خبر مقدم ہوتی ہے جیسے: مَا كَانَ شَأْنُكَ۔

(۶) مَا جازمہ: اس کی تفصیل آئندہ اسباق میں مذکور ہے۔

(۷) مَا نافیہ مہملہ: اس کا ما بعد مبتدا اور خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوتی ہے جیسے: مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ میں ہے

(۸) مَا موصوفہ: جیسے: مَرَرْتُ بِمَا يُعْجِبُ لَكَ۔

(۹) مَا صفت: جیسے: أَكْرَمْتُهُ بِوَجْهٍ مَّا أَيْ وَجْهٍ۔

(۱۰) مَا تامہ: جو کہ صلہ و موصوف کی محتاج نہیں ہوتی جیسے: إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ۔

## فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم:

جب شرط اور قسم جمع ہو جائیں اور قسم مقدم ہو تو اس وقت مذکورہ جواب قسم کا جواب ہوگا اور شرط کا جواب محذوف ہوتا ہے جس پر جواب قسم دال ہوتا ہے اور اس کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں جیسے لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ میں ہے لَا يَخْرُجُونَ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب قسم ہے کیونکہ اگر جواب شرط ہوتا تو بحذف النون مجزوم ہوتا۔

## فائدہ نمبر(۱۴) برائے مَا زائدہ:

مَا متعدد مقامات میں زائد ہوتا ہے

(۱) حرف جر کے بعد جیسے: مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ میں ہے۔

(۲) اس جار کے بعد زائد ہوتا ہے جو اسم ہو جیسے: اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ میں ہے۔

(۳) حرف جازم کے بعد زائد ہوتا ہے جیسے: اَيًّا مَّا تَدْعُوْا میں ہے۔

(۴) کلمات شرط کے بعد زائد ہوتا ہے خواہ وہ جازم ہو جیسے: اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ میں ہے یا جازم نہ ہو جیسے: حَتّٰى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ میں ہے۔

(۵) متبوع اور تابع کے درمیان زائد ہوتا ہے جیسے: مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً میں ہے۔

☆ فائدہ ☆ مَا موصولہ اور استفہامیہ اور مصدریہ اور نافیہ کے درمیان پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں مَا کے بعد لَيْسَ، لَمْ، لَا ہو یا اس سے پہلے اِلَّا ہو تو وہ مَا موصولہ ہوگا جیسے: مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ "مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وغیرہ۔ اور جس جگہ مَا کاف تشبیہ کے بعد واقع ہو تو وہ مَا مصدریہ ہوگا۔ اور جس جگہ مَا حرف باء کے بعد واقع ہو وہاں اس کے موصولہ اور مصدریہ دونوں ہونے کا احتمال ہوتا ہے جیسے: بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ میں ہے۔ اور جس جگہ مَا ایسے دو فعلوں کے درمیان واقع ہو کہ ان میں سے پہلا فعل علم یا درایت یا نظر کے باب سے ہو اس جگہ میں مَا کے موصولہ اور استفہامیہ دونوں کا احتمال ہوتا ہے جیسے: مَا اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ۔ اور جس مقام میں مَا اِلَّا سے پہلے ہو وہ مَا عام طور پر نافیہ ہوتا ہے۔

## فائدہ نمبر(۱۵) برائے ہمزہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ:

جب ہمزہ استفہام اور حرف عطف جمع ہو جائیں جیسا کہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں جمع ہیں تو اس ہمزہ کے بارے میں دو مذہب ہیں۔

(۱) امام سیبویہ فرماتے ہیں کہ نیت میں ہمزہ حرف عطف سے مؤخر ہے مگر چونکہ یہ صدارت کلام چاہتا ہے اس لئے ہمزہ کو حرف عطف پر مقدم کیا گیا۔

(۲) اور علامہ زمخشری کا مذہب یہ ہے کہ فی الحقیقت تقدیم و تاخیر نہیں ہے ہمزہ کے بعد واقع ہونے والا حرف عطف اپنی جگہ میں واقع ہے اور ہمزہ اور حرف عطف کے درمیان ایک ایسا جملہ مقدر ہے جس پر بعد کے جملہ کا عطف درست ہے مثلاً یہاں تقدیر عبارت ہوگی اَتَغْفَلُوْنَ یا اَتَغْفُلُوْنَ فَلَا تَعْقِلُوْنَ۔

## فائدہ نمبر(۱۶) برائے فَاء:

فَاء کی کئی قسمیں ہیں (۱) فَاء عاطفہ (۲) فَاء استئنافیہ (۳) فَاء جزائیہ جو شرط کی جزاء پر داخل ہوتی ہے (۴) فَاء زائدہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۵) فاء فصیحہ اور یہ شرط مقدر کے جواب پر واقع ہوتی ہے اور اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہوتا ہے اور جملہ نعتیہ میں فاء اکثر فصیحہ ہوتی ہے (۶) فاء تفریعیہ

## فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ :

ایک لَوْلَا تحضیضیہ ہوتا ہے اور ایک لَوْلَا امتناعیہ ہوتا ہے۔ اور لَوْلَا امتناعیہ جملہ اسمیہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہوتا ہے اور اس کی خبر واجب الحذف ہوتی ہے۔ پھر اگر کلام مثبت ہو تو لَوْلَا کے جواب پر دخول لام کثیر ہوتا ہے جیسے: فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ اور اگر کلام منفی ہو تو دیکھا جائے گا کہ اگر کلام میں حرف نفی مَا ہو تو لَوْلَا کے جواب سے لام حذف ہوتا ہے جیسا کہ متنبی کا شعر ہے۔

✿ لَوْلَا مُفَارَقَةُ الْاَحْبَابِ مَا وَجَدَتْ ✿ ✿ لَهَا الْمَنَايَا اِلٰى اَرْوَاحِنَا سُبُلًا ✿

(اگر دوستوں کی جدائی (موجود) نہ ہوتی تو ان کے لئے موتیں ہماری روحوں کی طرف راستہ نہ پاتیں)

تو اس میں مَا وَجَدَتْ جواب ہے اور اس پر لام جوابیہ داخل نہیں ہے۔ اور اگر کلام میں حرف نفی مَا کے علاوہ کوئی دیگر حرف ہو تو اس وقت لَوْلَا کے جواب سے لام کو حذف کرنا واجب ہے تا کہ دو لام جمع نہ ہو جائیں جیسا کہ ایک شعر ہے۔

✿ عُوْجِيْ عَلَيْنَا رَبَّةَ الْهَوْدَجِ ✿ ✿ لَوْلَاكِ فِيْ ذَا الْعَامِ لَمْ اَحْجُجِ ✿

(ہم پر ٹھہر جاؤ اے ہودج کی مالک اگر تو موجود نہ ہوتی تو میں اس سال میں حج نہ کرتا)

## فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حجازیہ:

مَا حجازیہ یہ وہی مَا مشابہ بلَیْسَ ہے اور اس کا نام حجازیہ اس لئے ہے کہ یہ اہل حجاز کی لغت میں لَیْسَ کا عمل کرتی ہے اور بنو تمیم کی لغت میں یہ مَا نافیہ مہملہ ہے اور مَا حجازیہ کے عمل کرنے کی چار شرطیں ہیں

(۱) اس کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔

(۲) اس کی خبر کا معمول اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ مہمل ہوگی جیسے: مَا بِكَ اَنَا مُتَحَيِّرٌ

(۳) مَا کے بعد حرف اِنْ زائدہ نہ ہو ورنہ عمل نہیں کرے گی۔

(۴) مَا کی نفی اِلَّا کے ساتھ ختم نہ ہوئی ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔ جیسے: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ میں مَا حرف مہمل ہے اور مَا حجازیہ کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتی ہے۔

## فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَیْلٌ:

جب یہ اسم کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو تو اس وقت یہ مفعول مطلق ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے اور اس کا عامل ناصب مقدر ہوتا ہے۔ اور جب یہ مضاف نہ ہو تو پھر اس میں احسن وجہ مبتدا ہونے کی بنا پر رفع ہے اور نکرہ ہونے کے باوجود اس کا مبتدا ہونا اس لئے جائز ہے کہ اس میں دعا والا معنی پایا جاتا ہے تو اس میں تخصیص آ جاتی ہے۔ اور اگر یہ جہنم کی وادی کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہو تو پھر یہ معرفہ ہے تو پھر اس لئے بھی اس کا مبتدا بننا درست ہو جاتا ہے۔

## فائدہ نمبر (۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب:

افعال مدح وذم جس جملہ میں واقع ہوں اس جملہ کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر نِعْمَ الْعَبْدُ اَیُّوْبُ جملہ کی تراکیب اربعہ اس طرح ہوں گی۔

(۱) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل با فاعل مل کر جملہ انشائیہ خبر مقدم اور اَیُّوْبُ مخصوص بالمدح مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) نِعْمَ فعل مدح اَلْعَبْدُ مبین اَیُّوْبُ عطف بیان، دونوں مل کر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق پوری مثال ایک جملہ ہے۔

(۳) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہے اور اَیُّوْبُ مبتدا محذوف هُوَ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۴) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا اور اَیُّوْبُ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے مَمْدُوْحٌ، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق یہ مثال دو جملے ہیں۔

اور افعال مدح وذم چار ہیں نِعْمَ "حَبَّذَا" بِئْسَ "سَاءَ" اور یہ غیر متصرف افعال ہیں یعنی ان کی گردان نہیں ہوتی (اور ان کا تثنیہ وجمع بھی نہیں آتا)

اور کبھی مخصوص بالمدح اور مخصوص بالذم کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے: وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ یہ اصل میں نِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ نَحْنُ ہے اور نَحْنُ کے حذف کا قرینہ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ہے اور کبھی ان افعال کا فاعل ایسی ضمیر ہوتی ہے جس کی تمیز نکرہ منصوب ہوتی ہے جیسے: سَاءَتْ مُرْتَفَقًا میں ہے۔ مگر اس حکم سے حَبَّذَا مستثنیٰ ہے

## فائدہ نمبر (۲۱) برائے ترکیب لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ:

اس کی ترکیب میں علماء کے مختلف اقوال ہیں

قول نمبر ۱: لَا کی خبر محذوف ہے، اصل عبارت ہے لَا اِلٰهَ مَوْجُوْدٌ اور اِلَّا اللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل ہے

قول نمبر ۲: اور زمخشری فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف نہیں ہے بلکہ اصل عبارت ہی اَللّٰهُ اِلٰهٌ ہے اور یہ مبتدا اور خبر ہے پھر کلمہ حصر پایا گیا اور خبر کو اسم پر مقدم کیا گیا اور خبر کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا جیسا کہ لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ میں مبتدا کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا ہے۔

قول نمبر ۳: اور علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف ہے اور لفظ اَللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل نہیں ہے بلکہ لَا کی خبر مَوْجُوْدٌ جو محذوف ہے اس میں جو هُوَ ضمیر مستتر ہے لفظ اللّٰهُ اس سے بدل ہے۔

## فائدہ نمبر (۲۲) برائے حَتّٰی:

حَتّٰی کی کئی قسمیں ہیں

(۱) حَتّٰی انتہائے غایت کے لئے ہوتا ہے اور اس صورت میں اگر یہ اسم پر داخل ہو تو اس کو جر دیتا ہے جیسے: هِيَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور اس کو نصب دیتا ہے جیسے: حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ
(۲) حَتّٰى عاطفہ ہے۔
(۳) حَتّٰى ابتدائیہ ہے امام فراء کے بارے میں آتا ہے کہ جب ان کی موت کا وقت آیا تو انہوں نے فرمایا اَمُوْتُ وَفِیْ قَلْبِیْ شَیْءٌ مِنْ حَتّٰى

## فائدہ نمبر (۲۳) برائے لَمَّا:

لَمَّا کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہے
(۱) اگر یہ مضارع پر داخل ہو تو اس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی کے معنی میں بنا دیتا ہے جیسے: لَمَّا يَقْضِ مَا اَمَرَهٗ۔
(۲) اگر یہ ماضی پر داخل ہو تو عند البعض یہ ظرف ہوتا ہے اور حِیْنَ کے معنی میں ہوتا ہے اور عند البعض یہ دو جملوں کو درمیان ربط پیدا کرنے والا حرف ہے اور ہم نے دوران ترکیب یوں لکھا ہے لَمَّا ظرف فیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم۔
(۳) حرف استثناء ہوتا ہے اس وقت یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ اور وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

## فائدہ نمبر (۲۴) برائے حرف اَوْ:

یہ حرف عطف ہے صاحب مغنی اللبیب نے اس کے بارہ (۱۲) معانی لکھے ہیں
(۱) شک: یعنی سامع نے جس چیز کا ارادہ کیا ہے اس میں شک ڈالنے کے لئے اور متکلم کو وہ چیز معلوم ہو جیسے: وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ۔
(۲) تخییر: یہ تخییر کے لئے آتا ہے جیسے: سورۃ مائدہ میں ہے فَكَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ میں حرف اَوْ تخییر کے لئے ہے۔
(۳) اباحت کے لئے: جیسے: وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا میں ہے۔
(۴) تقسیم اور تنویع کے لئے آتا ہے جیسا کہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 33 اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْۤا اَوْ يُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ میں ہے کیونکہ اس میں محاربین کی سزا ان کے جرائم پر تقسیم کی گئی ہے۔
(۵) مخاطب کی طرف ابہام (دریافت طلب بات) کے معنی میں آتا ہے جیسے: وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۔
(۶) اجمال کے بعد تفصیل کے لئے آتا ہے جیسے: قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى۔
(۷) مطلق جمع کے لئے آتا ہے جیسے: لَعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى۔
(۸) اِلَّا یا اِلٰى کے معنی میں ہوتا ہے اور اس وقت اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور مضارع کو نصب دیتا ہے (والتفصیل فی مغنی اللبیب)

## فائدہ نمبر (۲۵) برائے مفعول مطلق:

مفعول مطلق کی تعریف اور اس کی پہچان کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے یہاں چند اہم باتیں لکھنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔
چند چیزیں مصدر کے قائم مقام ہوتی ہیں پھر ان کو مصدر کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ مفعول مطلق بنتی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱) اسم مصدر ہے جیسے: أَعْطَيْتُ زَيْدٌ عَطَاءً میں ہے۔

(۲) مصدر کی صفت مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا یہ اصل میں ذِكْرًا كَثِيْرًا ہے۔

(۳) مصدر کی طرف لوٹنے والی ضمیر مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ میں ہے۔

(۴) مصدر کا مرادف اس کا قائم مقام ہوتا ہے فَرِحَ زَيْدٌ جَذَلًا

(۵) مجرد کا مصدر مزید مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور دونوں کا معنی ایک ہو جیسے: أَنْبَتَكُمْ نَبَاتًا میں ہے۔

(۶) مصدر کی نوع پر دلالت کرنے والا اسم مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے جیسے: رَجَعَ فُلَانٌ الْقَهْقَرٰى میں ہے۔

(۷) مصدر کے آلہ پر جو اسم دلالت کرے جیسے: ضَرَبْتُ اللِّصَّ سَوْطًا میں ہے۔

(۸) أَيٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: سَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ

(۹) جو اسم مصدر کے عدد پر دلالت کرے وہ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ میں ہے

(۱۰) لفظ کُلّ اور بَعْض کو مصدر کی طرف مضاف کر دیا جاتا ہے جیسے: فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ

(۱۱) اسم اشارہ بشرطیکہ اس کے ساتھ مصدر کی طرف اشارہ کیا گیا ہو جیسے: اِجْتَهَدْتُ ذٰلِكَ الْاِجْتِهَادِ

(۱۲) کمال کے معنی پر دلالت کرنے والا أَيٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے بشرطیکہ أَيٌّ مصدر کی طرف مضاف ہو یعنی اگر أَيٌّ نکرہ کے بعد آئے گا تو اس کی صفت ہوگا اور اگر معرفہ کے بعد آئے گا تو اس کا حال ہوگا جیسے: مَرَرْتُ بِعَبْدِ اللّٰهِ أَيَّ رَجُلٍ میں حال ہے۔

## ❁ فائدہ: مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں ❁

(۱) مفعول مطلق کا عامل یا تو ایسا مصدر ہوگا جو لفظا اور معنی اس کی مثل ہوگا جیسے: فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا میں ہے اس لئے کہ اس میں جَزَآءً مفعول مطلق ہے اس کا عامل جَزَآؤُكُمْ ہے اور وہ جَزَآءً کی مثل مصدر ہے۔

(۲) مفعول مطلق کا عامل ایسا مصدر ہوگا جو لفظا اس کی مثل ہوگا اور معنی اس کی مثل نہیں ہوگا جیسے: أَعْجَبَنِيْ اِيْمَانُكَ تَصْدِيْقًا میں ہے اس میں تَصْدِيْقًا ایمان کا مفعول مطلق ہے۔

(۳) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی اور باب ایک ہوگا جیسے: خَرَجْتُ خُرُوْجًا میں ہے۔

(۴) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہوگا مگر باب مختلف ہوگا جیسے: أَنْبَتَ اللّٰهُ نَبَاتًا میں ہے۔

(۵) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہوگا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہوگا مگر مادہ اور لفظ مختلف ہوگا جیسے: قَعَدْتُ جُلُوْسًا میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صاحب کافیہ نے شرط جزاء کے کلمات گیارہ (۱۱) ذکر کئے ہیں

(۱) اِنْ (۲) مَهْمَا (۳) إِذْمَا (۴) إِذَا مَا (۵) حَيْثُمَا (۶) أَيْنَ (۷) مَتَى (۸) مَا (۹) مَنْ (۱۰) أَيٌّ (۱۱) أَنَّى

اور ان کو کلم المجازاۃ کہا جاتا ہے اور ان میں سے اصل حرف اِن ہے اور باقی کلمات شرط حرف اِن کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے شرط و جزاء کے کلمات میں شمار ہوتے ہیں اور کلم المجازاۃ ایسے دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں کہ ان میں سے پہلا سبب ہوتا ہے اور دوسرا مسبب ہوتا ہے، پھر پہلے فعل کا نام شرط ہے اس وجہ سے کہ وہ فعل ثانی کے متحقق ہونے کے لئے شرط ہے، اور دوسرے فعل کو جزاء کہا جاتا ہے اس وجہ سے کہ فعل ثانی کا وجود فعل اول پر مبنی ہے جیسا کہ فعل کی جزاء و بدلہ وجود فعل پر مبنی ہوتا ہے پھر اگر شرط و جزاء دونوں فعل مضارع ہوں یا شرط فعل مضارع ہو تو صورت اولیٰ میں شرط و جزاء میں اور صورت ثانیہ میں فقط شرط میں مضارع پر جزم واجب ہے۔ اور اگر فقط جزاء فعل مضارع ہو تو اس وقت جزاء میں جزم اور رفع دونوں جائز ہیں اور جزم غالب ہے اور عند الکوفیین اس صورت میں بھی رفع واجب ہے۔

باقی رہی یہ بات کہ شرط و جزاء کا عامل جازم کون ہے تو اس بارے آئمہ نحو کا اختلاف ہے

(۱) امام سیرافی کے نزدیک شرط و جزاء دونوں میں حرف شرط عامل ہے۔

(۲) امام خلیل و مبرد کے نزدیک حرف شرط عامل ہے شرط میں پھر یہ دونوں جزاء میں عامل ہیں۔

(۳) اور کوفیوں کے نزدیک شرط حرف شرط کی وجہ سے مجزوم ہے اور جزاء شرط کا پڑوسی ہونے کی وجہ مجزوم ہے۔

(۴) اور امام مازنی کے نزدیک شرط و جزاء دونوں مبنی ہیں (الحواشی الجدیدہ علی الکافیہ)

چند مقامات ایسے ہیں جن میں جزاء پر دخول فاء واجب ہے

(۱) جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو جیسے وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

(۲) جب جزاء جملہ انشائیہ ہو جیسے إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي۔

(۳) جب جزاء فعل ماضی ہو اور قَدْ کے ساتھ ملی ہوئی ہو جیسے إِن يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِن قَبْلُ۔

(۴) جب جزاء ایسا جملہ ہو جس کا فعل جامد ہو جیسے إِن تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنكَ مَالًا وَوَلَدًا فَعَسَىٰ رَبِّي۔۔۔الخ

(۵) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں مَا ہو جیسے فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ

(۶) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں لَنْ ہو جیسے وَمَا يَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوهُ

(۷) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سین ہو جیسے وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا

(۸) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سوف ہو جیسے وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ

(۹) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں کَأَنَّمَا ہو جیسے مَن قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱۰) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں رُبَّ ہو جیسے: إِنْ تَجِئْ فَرُبَّمَا أَجِيْ۔

(۱۱) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں حرف شرط ہو جیسے: إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ۔۔۔الخ

(۱۲) جب جزاء جملہ دعائیہ ہو جیسے: إِنْ أَكْرَمْتَنِيْ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔

(۱۳) اور اگر جزاء ایسا فعل ماضی ہو جس پر حرف قَدْ نہ لفظاً ہو اور نہ مقدر ہو تو اس پر دخول فاء جائز نہیں جیسے: إِنْ خَرَجْتَ خَرَجْتُ۔

(۱۴) اور اگر جزاء مضارع مثبت ہو تو دخول فاء وعدم دخول دونوں جائز ہیں جیسے وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ اور وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوْا أَلْفَيْنِ۔

(۱۵) اور اگر جزاء ایسا مضارع ہو جو لا کے ساتھ منفی ہو تو بھی دونوں صورتیں جائز ہیں فَمَنْ يُؤْمِنْ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا اور عدم دخول فاء بھی درست ہے۔

**فائدہ:** جن مقامات میں جزاء پر دخول فاء ضروری ہے ان مقامات میں بعض اوقات فاء کو حذف کیا جاتا ہے جیسے: ایک حدیث میں ہے فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا اسْتَمْتِعْ بِهَا اس میں اسْتَمْتِعْ جزاء فعل امر ہے مگر اس پر فاء داخل نہیں ہے اور اسی طرح کبھی ضرورت شعری کی وجہ سے بھی جزاء سے فاء حذف کیا جاتا ہے جیسے: حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

مَنْ يَفْعَلِ الْحَسَنَاتِ اللّٰهُ يَشْكُرُهَا ۞ وَالشَّرُّ بِالشَّرِّ عِنْدَ اللّٰهِ مِثْلَانِ

اس میں فَاللّٰهُ يَشْكُرُهَا ہونا چاہیے تھا۔

## فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ:

لَوْ کا استعمال پانچ صورتوں پر ہوتا ہے

(۱) تقلیل کے لئے جیسے ایک مقولہ ہے تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

(۲) لَوْ تمنی کے لئے آتا ہے جیسے: قرآن میں ہے لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ان دونوں صورتوں میں لَوْ جواب کا محتاج نہیں ہوتا۔

(۳) لَوْ عرض کے لئے ہوتا ہے جیسے لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا اس لَوْ کا جواب بھی نہیں ہوتا اور اس کے بعد آنے والی فاء سببیہ ہوتی ہے۔

(۴) لَوْ مصدریہ جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور یہ اکثر وَدَّ يَوَدُّ باب کے بعد آتا ہے جیسے قرآن میں ہے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ اور يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ۔

(۵) لَوْ شرطیہ: پھر جب لَوْ شرطیہ ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مستقبل کے ساتھ تعلیق کے لئے ہو اس وقت یہ إِنْ شرطیہ کے مترادف ہوتا ہے۔ (۲) ماضی میں تعلیق کے لئے ہو اور اس کا استعمال اکثر یہی ہے اور اس وقت یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نہیں پائی گئی اس وجہ سے کہ شرط نہیں پائی گئی جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کا دخول فعل کے ساتھ خاص ہے اور اگر کبھی اس کے بعد اسم واقع ہو تو وہ فعل محذوف کا معمول ہوگا۔ اور لَوْ شرطیہ کا جواب یا تو ماضی لفظاً ہوگا یا ماضی معنًی ہوگا یعنی ایسا مضارع ہوگا جو لَمْ کے ساتھ منفی ہوگا اور اس کے جواب پر اکثر لام داخل ہوتا ہے جیسے: لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا اور کبھی اس کے جواب پر لام داخل نہیں ہوتا جیسے: لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا اور کبھی اس کا جواب حذف کر دیا جاتا ہے اور جواب پر دلالت کرنے والے کلام کے ساتھ اکتفاء کیا جاتا ہے جیسے قرآن میں ہے لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر یہ دو مثبت فعلوں پر داخل ہو تو وہ دونوں منفی ہو جائیں گے جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا میں ہے تو اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نہ متعدد معبود ہیں اور نہ آسمان و زمین تباہ ہوئے ہیں اور جب یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو وہ مثبت بن جاتے ہیں جیسے: بخاری کی حدیث میں ہے لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ۔۔۔ الخ یا اللہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے تو اس کا مفہوم یہ نکلے گا کہ اللہ کی ذات موجود ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہدایت یافتہ ہیں۔

اور اگر یہ نفی اور ثبوت دونوں پر داخل ہو تو نفی ثبوت ہو جائے گی اور ثبوت نفی ہو جائے گا جیسے: لَوْ لَمْ يَهْتَمَّ بِأَمْرِ دُنْيَاهُ لَعَاشَ عَالَةً عَلَى النَّاسِ میں ہے۔

## **فائدہ نمبر(۲۸)** برائے حرف واؤ:

حرف واؤ کی کئی قسمیں ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

(۱) واؤ عاطفہ: جس کے ذریعہ مفردات یا جملوں کو ایک حکم میں شریک کیا جاتا ہے۔

(۲) واؤ استینافیہ: اس کے بعد فعل مرفوع ہوتا ہے۔

(۳) واؤ حالیہ اور یہ وہ واؤ ہے جس کی جگہ ظرف کو رکھنا صحیح ہو۔ اور واؤ حالیہ کے تین احوال ہیں۔ (۱) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر واجب ہے (۲) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا ممنوع ہے (۳) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا جائز ہے۔

### ✿ احوال وجوب ذکر واؤ ✿

(۱) حال کا جملہ ایسا جملہ اسمیہ ہو جو جملہ کو ذوالحال کے ساتھ ربط دینے والی چیز سے خالی ہو جیسے: لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ میں وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ہے۔

(۲) حال کے جملہ کے شروع میں ذوالحال کی ضمیر ہو جیسے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ میں وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ ہے۔

### ✿ احوال امتناع ذکر واؤ ✿

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



☆☆☆ سات صورتوں میں واؤ حالیہ کا ذکر ممتنع ہے ☆☆☆

(۱) واؤ حالیہ حرف عطف کے بعد ہو جیسے: کَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ میں هُمْ قَآئِلُوْنَ جملہ حالیہ ہے۔

(۲) جملہ حالیہ جملہ سابقہ کے مضمون کی تاکید کر رہا ہو جیسے: ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ میں لَا رَيْبَ فِيْهِ جملہ حالیہ ہے اور اس صورت کی یہ مثال اس وقت بنے گی جب وہ ترکیب اختیار کی جائے کہ لَا رَيْبَ فِيْهِ کو جملہ حالیہ بنایا جائے۔

(۳) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے: وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ میں اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ جملہ حالیہ ہے

(۴) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو حرف اَوْ سے پہلے ہو جیسا کہ ایک شعر ہے

✿ كُنْ لِلْخَلِيْلِ نَصِيْرًا جَارَ اَوْ عَدَلَا ✿ وَلَا تَشُحَّ عَلَيْهِ جَآءَ اَوْ بَخِلَا ✿

(اپنے دوست کے لئے تو مددگار ہو جا اس حال میں کہ وہ ظلم کرے یا انصاف کرے اور تو اس پر بخل نہ کر وہ سخاوت کرے یا بخل کرے) اس شعر میں جَارَ جملہ حالیہ ہے۔

(۵) حال کا جملہ ایسا مضارع مثبت ہو جس کے شروع میں قَدْ نہ ہو جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ میں تَسْتَكْثِرُ جملہ حالیہ ہے

(۶) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف مَا کے ساتھ منفی ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ عَهِدْتُكَ مَا تَصْبُوْ وَفِيْكَ شَبِيْبَةٌ ✿ فَمَا لَكَ بَعْدَ الشَّيْبِ صَبًّا مُتَيَّمًا ✿

(تجھ کو میں نے اس حال میں جانا ہے کہ تو عشق نہیں کرتا حالانکہ تجھ میں جوانی ہے تو بوڑھا ہونے کے بعد تیرے لئے دل لگی کرنے والا عشق نہیں ہے) اس شعر میں مَا تَصْبُوْ محل استشہاد ہے۔

(۷) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَا کے ساتھ منفی ہو جیسے: وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ میں لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ ہے۔ لیکن اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمْ کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کا ذکر جائز ہے۔ اور اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمَّا کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کو ذکر کرنا مختار ہے۔

✿ احوال جواز ذکر واؤ ✿

واؤ کے ذکر کے وجوب اور ذکر واؤ کے ممتنع ہونے کی جو صورتیں اوپر ذکر ہو چکی ہیں ان کے علاوہ واؤ حالیہ کے جو احوال ہیں ان میں واؤ کو ذکر کرنا اور ذکر نہ کرنا دونوں صورتیں جائز ہیں۔

**فائدہ:** حال کو ذوالحال پر مقدم جائز نہیں ہوتا لیکن اگر ذوالحال نکرہ ہو اور حالت نصب میں ہو تو پھر حال کو ذوالحال پر مقدم کیا جاتا ہے لیکن اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم ہو سکتا ہے یا نہیں تو اس بارے میں اختلاف ہے۔

عند الجمہور اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم نہیں ہو سکتا ہے مثلاً مَرَرْتُ بِهِنْدٍ جَالِسَةً میں جَالِسَةً هِنْدٍ سے حال ہے تو اس کو یوں کہنا منع ہے مَرَرْتُ جَالِسَةً بِهِنْدٍ اور ابن جنی اور کیسان وغیرہ کے نزدیک ذوالحال مجرور پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اس کا حال مقدم ہونا جائز ہے۔ فریقین کے دلائل کے لئے مطولات کی طرف رجوع کیا جائے۔

**فائدہ:** حال فاعل کا ہوتا ہے یا مفعول کا ہوتا ہے اور کبھی مضاف الیہ سے بھی حال آتا ہے اور مضاف الیہ سے حال آنا تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے

(۱) مضاف مضاف الیہ کی جز ہو اس وقت مضاف الیہ سے حال آتا ہے جیسے: وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا تو اب اس میں اِخْوَانًا هِمْ ضمیر سے حال ہے اور وہ مضاف الیہ ہے اور مضاف اس مضاف الیہ کا بعض ہے۔

(۲) مضاف مضاف الیہ کی جز کی مثل ہو یعنی مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنانا صحیح ہو جیسے: اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا میں ہے کیونکہ اس میں حَنِیْفًا اِبْرٰهِیْمَ سے حال ہے جو کہ مِلَّةَ کا مضاف الیہ ہے اور مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ کے بعض کی طرح ہے کہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام کرنا صحیح ہے اس لئے کہ یوں کہنا بھی صحیح ہے اِتَّبِعْ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا۔

(۳) مضاف حال میں عامل ہو مثلاً مضاف مصدر ہو یا وصف ہو تو اس وقت بھی مضاف الیہ سے حال آسکتا ہے جیسے قرآن میں ہے اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِیْعًا میں جَمِیْعًا كُمْ ضمیر سے حال ہے اور كُمْ ضمیر مضاف الیہ ہے اور اس کا مضاف لفظ مَرْجِعُ مصدر میمی ہے جو کہ حال میں نصب کا عمل کر رہا ہے۔

**فائدہ:** کبھی جملہ بھی حال واقع ہوتا ہے اور جملہ کے حال واقع ہونے کی تین شرطیں ہیں۔ (۱) جملہ خبریہ ہو جملہ انشائیہ حال نہیں بن سکتا۔ (۲) وہ جملہ ایسا ہو جس کے شروع میں علامت استقبال نہ ہو جیسے: سین وغیرہ۔ (۳) اس جملہ کا ماقبل کے ساتھ ربط ہو کبھی ربط واؤ اور ضمیر دونوں کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی صرف ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی وہ ربط صرف واؤ کے ساتھ ہوتا ہے۔

## ❁ واؤ کی دیگر اقسام ❁

(۱) واؤ قسمیہ جارہ: یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے جیسے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِیْنَ۔

(۲) واؤ ناصبہ بمعنی مع: جو مع کے معنی میں ہوتا ہے فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ۔

(۳) واؤ صرف اس کی تفصیل معارف التفسیر شرح نحو میر میں دیکھیں۔

(۴) واؤ زائدہ جیسے وَتَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ وَنَادَیْنٰهُ اَنْ... الخ عند البعض یہ واؤ زائدہ ہے۔ اور جیسے: حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا۔

(۵) جمع مذکر سالم کی علامت واؤ جیسے: اَلْمُسْلِمُوْنَ کی واؤ۔

(۶) فعل میں جمع مذکر کی علامت واؤ جیسے: سَمِعُوا اللَّغْوَ میں ہے۔

(۷) وہ واؤ جو اس ہمزہ سے بدلی ہوئی ہو جس ہمزہ کا ماقبل مضموم ہو جیسے: یُوْمِنُ یہ اصل میں یُؤْمِنُ ہے۔

(۸) واؤ ضمیر مرفوع متصل جیسے: قَامُوْا میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۹) واؤ اشباع جیسے: ضربتمونی۔

(۱۰) واؤ بمعنی حرف جر باء جیسے: أَنْتَ أَعْلَمُ وَمَالِكَ یہ اصل میں أَنْتَ أَعْلَمُ بِمَالِكَ ہے۔

(۱۱) واؤ بمعنی رُبَّ

## فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف إن:

حرف إنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) إنْ شرطیہ جازمہ (۲) إنْ زائدہ جو کہ آٹھ حروف زوائد میں سے ایک ہے۔ (۳) إنْ نافیہ اور یہ کبھی ماضی کی نفی کرتا ہے جیسے: إِنْ جَآءَ إِلَّا أَنْتُمْ اور کبھی حال کی نفی کرتا ہے جیسے: إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ اور یہ فعل پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: إِنْ يَّتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ اور اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ۔ (۴) إنْ مخففہ من المثقلہ اور یہ إنَّ حرف مشبہ بالفعل کا مخفف ہوتا ہے اور اگر إنْ مخففہ کے بعد فعل ہو تو یہ وجوباً مہمل ہو گا یعنی عمل نہیں کرے گا جیسے: وَإِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ میں ہے اور اگر اس کے بعد اسم ہو تو اس وقت بھی اس میں غالب مہمل ہوتا ہے اور اس کو عمل دینا قلیل ہے۔ اور جب إنْ مخففہ من المثقلہ مہمل ہو تو اس کے بعد لام مفتوحہ ضروری ہے اور اس کا نام ہے لام فارقہ اس لئے کہ وہ إنْ نافیہ اور إنْ مخففہ من المثقلہ کے درمیان فرق کرتا ہے۔

## فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی:

عرب بہت سارے اسموں کو تائے مقدرہ کے ساتھ مؤنث قرار دیتے ہیں اور اس مؤنث کو مؤنث سماعی کہتے ہیں اور تاء کے مقدر ہونے کی دلیل کئی چیزیں ہیں

(۱) کسی اسم کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹانا یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہو گا جیسے: اَلنَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں اَلنَّارُ کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹائی گئی ہے لہذا اَلنَّارُ مؤنث سماعی ہے

(۲) کسی اسم کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہو تو یہ اس اسم کے مؤنث سماعی ہونے کی دلیل ہے جیسے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ میں جَهَنَّمُ مؤنث سماعی ہے کیونکہ اس کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے۔

(۳) کسی اسم کی تصغیر میں تاء کا موجود ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے کیونکہ تصغیر چیزوں کو ان کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے جیسا کہ أُذُنٌ اور عَيْنٌ مؤنث ہیں اور ان میں تاء مقدر ہے اس لئے کہ ان کی تصغیر أُذَيْنَةٌ اور عُيَيْنَةٌ آتی ہے

(۴) کسی اسم کے فعل میں تائے تانیث ہو تو یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ میں اَلْعِيْرُ مؤنث سماعی ہے اور اس میں تاء مقدر ہے کیونکہ اگر یہ مذکر ہوتا تو اس کا مسند فعل فَصَلَتْ مؤنث نہ ہوتا۔

(۵) کسی اسم کے عدد سے تاء کا ساقط ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: شعر ہے

✿ أَرْمِيْ عَلَيْهَا وَهِيَ فَرْعٌ أَجْمَعُ ✿ وَهِيَ ثَلَاثُ أَذْرُعٍ وَإِصْبَعُ ✿

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(میں اس پر تیر پھینکتا ہوں اس حال میں کہ پوری نفع بخش ہے اور وہ تین ہاتھ اور ایک انگلی ہے) اس میں أذرُع ذِراع کی جمع ہے اور ذِراع مؤنث ہے کیونکہ اگر یہ معدود مذکر ہوتا تو عدد مؤنث ثلاثۃ آتا تو عدد ثلاث کا مذکر آنا یہ ذراع کے مؤنث ہونے کی دلیل ہے۔

اور انسان کے وہ اعضاء جو دو دو ہیں وہ مؤنث ہیں البتہ حاجب (آبرو) اور منخر (نتھنا) اور خد (رخسار) اگرچہ یہ بھی دو دو ہیں مگر یہ مذکر ہیں اور جو انسانی اعضاء دو دو نہیں ہیں جیسے: راس اور قلب تو ان اعضاء میں غالب مذکر ہونا ہے البتہ لسان (زبان) اور قفا (گدی) یہ کبھی کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتے ہیں۔

## فائدہ نمبر (۳۱) برائے تاء:

اس کی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) اسم اشارہ کی تاء جو کہ واحد مؤنث میں آتی ہے۔

(۲) تائے تانیث اور یہ فعل میں ساکن بھی ہوتی ہے اور متحرک بھی ہوتی ہے اور اسم میں ہمیشہ متحرک ہوتی ہے۔ چونکہ تائے تانیث مذکر اور مؤنث کے درمیان فرق کرنے کے لئے ہے تو اس لئے یہ ان صفات کے ساتھ متصل نہیں ہوتی جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں جیسے: حامل، حائض، مرضع

(۳) جمع مکسر عجمی کی تاء جیسے: جَورَب کی جمع جَوَارِبَۃٌ میں تاء ہے

(۴) تائے تمیز جو واحد کو اس کی جنس سے جدا کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے: تَمْرٌ جنس ہے تَمْرَۃٌ واحد ہے۔

(۵) تائے عوض جو ایسے اسموں کو لاحق ہوتی ہے جن کا فاء کلمہ حذف ہوتا ہے جیسے: عِدَۃٌ کیونکہ اس کی اصل وِعْدٌ ہے۔

(۶) تائے قسم جیسے قرآن میں ہے تَاللّٰہِ لَتُسْئَلُنَّ

اور ایک تاء مبالغہ کی ہوتی ہے اور یہ وصف کو لاحق ہوتی ہے اس میں مبالغہ پر دلالت کرنے کے لیے جیسے: عَلَّامَۃٌ بہت علم والا اور رَاوِیَۃٌ بہت زیادہ روایت کرنے والا۔

## فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لام:

حرف لام کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ حرف لام جو جر کا عمل کرنے والا ہے۔ (۲) ایسا لام جو جزم دینے کا عمل کرنے والا ہے۔ (۳) حرف لام غیر عامل جو حرف لام جر دیتا ہے اگر وہ اسم ظاہر پر داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِلّٰہِ البتہ جو منادیٰ مستغاث پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے اور جو لام جارہ ضمیر پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے جیسے: لَکَ لَہُمَا ہے البتہ اگر یائے ضمیر کے ساتھ ہو کر تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِیْ

❁ پھر لام جارہ کی مدخول کے اعتبار سے دو (۲) قسمیں ہیں ❁

(۱) وہ لام جارہ جو اسم پر داخل ہو۔ (۲) وہ لام جارہ جو فعل پر داخل ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور جو لام جارہ فعل پر داخل ہو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) لام کَی (۲) لام جحد اور فعل پر داخل ہونے والے لام کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور وہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ اور جو لام جزم دینے والا ہے وہ لام امر ہے اور اس کو لام طلب بھی کہتے ہیں اور یہ اکثر مکسور ہوتا ہے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور کبھی ساکن بھی ہوتا ہے جیسے: وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ۔

**جو حرف لام غیر عامل ہوتا ہے یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں**

(۱) لام ابتداء: جیسے: لَزَيْدٌ قَائِمٌ لام ابتداء مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور یہ مبتدا پر داخل ہوتا ہے جیسے: لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً میں ہے اور اِنَّ حرف تحقیق کے بعد واقع ہوتا ہے اور اس وقت اس کا نام لام مزحلقہ رکھا جاتا ہے اور پھر یہ اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ میں ہے اور فعل مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ میں ہے اور جار مجرور ظرف پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ میں ہے۔

(۲) لام مزحلقہ: جو اِنَّ کی خبر پر آتا ہے اور اس کا نام مزحلقہ اس لئے ہے کہ اس کا اصل مقام اِنَّ کے ساتھ ہے کیونکہ یہ بھی تاکید کے لئے ہے مگر اِنَّ کے ساتھ اس کو ذکر کرنے میں دو آلہ تاکید جمع ہو جاتے ہیں اور ایسا مکروہ ہے تو لام کو اس کی جگہ سے ہٹا کر اِنَّ کی خبر پر داخل کر دیا جاتا ہے۔

(۳) لام جواب: جو قسم اور لَوْ اور لَوْلَا کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۴) لام فارقہ: جو اِنْ مخففہ من المثقلہ کی خبر پر داخل ہوتا ہے۔

(۵) لام زائدہ: جیسے: ایک قول ہے اَرَاكَ لَشَاتِمِيْ اس قول لَشَاتِمِيْ پر حرف لام زائد ہے۔

(۶) لام البُعد: اور یہ وہ لام ہے جو اسمائے اشارہ کو لاحق ہوتا ہے اور اس لام میں اصل ساکن ہونا ہے جیسا کہ تِلْكَ میں ہے اس کے باوجود دوسرے اسمائے اشارہ میں التقائے ساکنین کی وجہ سے اس کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ جیسے ذٰلِكَ وغیرہ میں ہے۔

(۷) لام موطئہ للقسم: اور لام موطئہ للقسم کلمات شرط پر یہ بتانے کے لئے داخل ہوتا ہے کہ بعد والا جواب شرط پر مبنی نہیں بلکہ قسم پر مبنی ہے اور اسی وجہ سے اس کا نام لام مؤذنہ بھی رکھا جاتا ہے اور اس کا نام لام موطئہ اس لئے ہے کہ موطئہ کا معنی ہے تیار کرنے والا اور یہ لام بھی بعد والے جواب اور جزاء کو قسم کے لئے تیار کرتا ہے جیسے: لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ میں ہے اس میں لَا يَخْرُجُوْنَ جواب قسم محذوف کا ہے کیونکہ اگر شرط کی جزاء ہوتا تو مجزوم ہوتا اور نون اعرابی محذوف ہو جاتا۔

(۸) لام تعجب: (محمود صافی)

## فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ:

مفعول معہ وہ اسم ہے جو ایسی واؤ کے بعد مذکور ہو جو واؤ مع کے معنی میں ہو کیونکہ وہ فعل کے معمول یعنی فاعل یا مفعول کا ساتھی ہے

**مفعول معہ کی پانچ حالتیں ہیں**

(۱) جہاں عطف واجب ہو جیسے: اِشْتَرَكَ زَيْدٌ وَّعَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا عطف واجب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۲) جہاں عطف راجح ہو جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَّ عَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا معطوف ہونا راجح ہے اس لئے کہ واؤ میں اصل یہی ہے کہ وہ عطف کے لئے ہے۔

(۳) جہاں مفعول معہ ہونا واجب ہو جیسے: مَاتَ زَیْدٌ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ تو اس میں طُلُوْعَ الشَّمْسِ مفعول معہ ہے کیونکہ عطف شرکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں موت میں زید کے ساتھ طلوع شمس کی شرکت باطل ہے۔

(۴) جہاں مفعول معہ ہونا راجح ہو جیسے: ایک شعر ہے:

✿ فَکُوْنُوْا اَنْتُمْ وَبَنِیْ اَبِیْکُمْ ✿ ✿ مَکَانَ الْکُلْیَتَیْنِ مِنَ الطِّحَالِ ✿

(پس تم اپنے باپ کے بیٹوں کے ساتھ ہو جاؤ جیسے تلی سے گردوں کی جگہ ہوتی ہے) تو اس مثال میں بَنِیْ اَبِیْکُمْ کا مفعول معہ ہونا راجح ہے کیونکہ اگر یہاں عطف بنایا جائے تو معنی یہ ہوگا کہ تم ان کے لئے ہو جاؤ اور وہ تمہارے لئے ہو جائیں اور یہ شاعر کے مقصود کے خلاف ہے۔ کیونکہ شاعر کا مقصود ہے کہ تم قریب رہو۔ اور جیسے قُمْتُ وَزَیْدًا اس مثال میں بھی زَیْدًا کا مفعول معہ ہونا راجح ہے اس لئے کہ یہاں اگر عطف کیا جائے تو اچھا نہیں ہے اس لئے کہ ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کا عطف تب ہوتا ہے جب ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لائی جائے اور یہاں تاکید نہیں ہے۔

(۵) جہاں مفعول معہ ہونا اور عطف کرنا دونوں ممتنع ہوں جیسے: ایک شعر ہے

✿ عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَّمَآءً بَارِدًا ✿

اس میں مَآءً بَارِدًا کا تِبْنًا پر عطف بھی ممتنع ہے کیونکہ عطف مشارکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں مشارکت نہیں ہے۔ اس لئے کہ چارہ ہونے میں پانی بھوسے کا شریک نہیں ہے اور یہاں مَآءً بَارِدًا کا مفعول معہ ہونا بھی ممتنع ہے اس لئے کہ چرنے میں پانی بھوسے کا ساتھی نہیں ہوتا اور مفعول معہ تو فعل کے معمول کا ساتھی ہوتا ہے تو اس لئے اس میں واؤ کے بعد ایک فعل مقدر ہے اور مَآءً بَارِدًا اس کا مفعول بہ ہے اور اصل عبارت یوں ہوگی عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَّسَقَیْتُهَا مَآءً بَارِدًا اور اس میں جملہ کا عطف جملہ پر ہے اور آیت کریمہ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا میں مَنْ مَّعَهٗ اَغْرَقْنَا کا مفعول معہ بھی ہو سکتا ہے اور ہٗ ضمیر منصوب پر اس کا عطف بھی جائز ہے۔ تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور مفعول معہ کی باقی تفصیل کتب نحو میں دیکھئے۔

## فائدہ نمبر (۳۴) برائے اسم تفضیل:

اسم تفضیل کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) الف اور لام کے ساتھ اور اس صورت میں اس کے ساتھ مِنْ جارہ کا استعمال ممتنع ہے لہٰذا یوں نہیں کہا جائے گا فُلَانٌ اَلْاَفْضَلُ مِنْ فُلَانٍ اور اس صورت میں افراد اور تثنیہ اور جمع اور تذکیر و تانیث کے اعتبار سے اسم تفضیل اپنے ماقبل کے مطابق ہوگا اس لئے کہ اس صورت میں یہ ماقبل کی صفت ہوتا ہے اور صفت کی موصوف کے ساتھ ان مذکورہ چیزوں میں مطابقت ضروری ہے۔

(۲) اسم تفضیل مضاف ہو کر استعمال ہو پھر اگر یہ نکرہ کی طرف مضاف ہو تو یہ ہمیشہ مفرد اور مذکر ہوگا اور مِنْ جارہ اس کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ساتھ مشتق ہو گا اور اگر معرفہ کی طرف مضاف ہو تو بھی اس کے ساتھ مِنْ جارہ مشتق ہو گا لیکن اس میں دو صورتیں جائز ہوں گی (۱) اسم تفضیل مفرد ہو اس کا موصوف مفرد ہو یا مثنیہ ہو یا جمع ہو۔ (۲) اور اس میں یہ بھی جائز ہے کہ اسم تفضیل موصوف کے مطابق ہو جیسے: زَیْدٌ أَفْضَلُ الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدَانِ أَفْضَلَا الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدُوْنَ أَفْضَلُوْا الْقَوْمِ۔

(۳) اسم تفضیل کے استعمال کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ یہ مِنْ کے ساتھ استعمال ہو اور اس صورت میں اسم تفضیل ہمیشہ مفرد استعمال ہو گا اس کا موصوف مذکر ہو، مؤنث ہو، واحد ہو، مثنیہ ہو یا جمع ہو جیسا بھی ہو۔

## فائدہ نمبر (۳۵) برائے کَانَ:

کَانَ کی تین (۳) قسمیں ہیں (۱) کَانَ ناقصہ (۲) کَانَ تامہ (۳) کَانَ زائدہ

کَانَ ناقصہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ اس پر دلالت ہے کہ اس کی خبر اس کے اسم کے لئے زمانہ ماضی میں ثابت ہے۔

اور کَانَ تامہ وہ ہے جو فاعل کے ساتھ تام ہو جاتا ہے اور خبر کا محتاج نہیں ہوتا اور یہ ثَبَتَ اور وُجِدَ اور حَصَلَ کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: وَإِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ اور یہ وَإِنْ وُجِدَ ذُوْ عُسْرَةٍ کے معنی میں ہے۔ اور کَانَ زائدہ وہ ہے جو تاکید کے لئے آتا ہے اور تاکید کے علاوہ کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا جیسے قرآن میں ہے وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ یہ اصل میں بِمَا يَعْمَلُوْنَ ہے۔ اور کَانَ يَنْبَغِیْ کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے: مَا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا (ہمیں ایسی بات بولنا لائق اور سزاوار نہیں ہے)

❁ کَانَ کا استعمال قرآن میں پانچ (۵) طریقوں پر ہے ❁

(۱) ہمیشہ کے معنی میں جیسے: وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا میں ہے۔

(۲) ایسی ماضی کے معنی میں جو منقطع ہونے والی ہے جیسے: وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ میں ہے۔

(۳) حال کے معنی میں جیسے: كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ میں ہے۔

(۴) استقبال کے معنی میں جیسے: وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا میں ہے۔

(۵) صَارَ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۳۶) برائے حروف جر:

حروف جر مشہور ہیں اور حروف جر کی تین قسمیں ہیں (۱) اصلی (۲) زائد (۳) شبیہ بالزائد

حروف جر اصلی وہ ہیں جو کسی متعلق کے بھی محتاج ہوتے ہیں اور معنی اور اعراب کے اعتبار سے ان سے استغناء نہیں ہوتا جیسے: كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ میں باء ہے۔

حروف جر زائد وہ ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہیں ہوتے اور باعتبار معنی کے ان سے استغناء بھی نہیں ہوتا البتہ اعراب اور ترکیب کے اعتبار سے ان سے استغناء ہوتا ہے اور یہ صرف مضمون کلام کی تاکید کے لئے آتے ہیں جیسے: مَا جَاءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ میں مِنْ ہے اور وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا میں باء حرف جر زائد ہے اور جو حروف جر زائد ہوتے ہیں وہ چار ہیں۔ مِنْ، باء، کاف، لام

اور شبیہ بالزائد وہ حروف جر ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہ ہوں لفظاً اور معنی دونوں اعتبار سے ان سے استغناء نہ ہو۔ اور ایسے حرف جر چار ہیں۔ رُبَّ، خَلَا، عَدَا، حَاشَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ان حروف جارہ زائدہ میں سے باء سب سے زیادہ زائد ہوتی ہے اور اس کا زائد ہونا پانچ (۵) جگہ میں ہوتا ہے۔

(۱) کفیٰ کے فاعل میں جیسے: وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا میں ہے۔

(۲) سماعی طور پر مفعول بہ میں زائد ہوتی ہے جیسے قرآن میں ہے وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ

(۳) مبتداء میں زائد ہوتی ہے جبکہ مبتدا حَسْبُکَ کے لفظ سے مشتق ہو جیسے: بِحَسْبِکَ دِرْھَمٌ میں ہے یا حرف باء لفظ ناھِیْ کے بعد ہو جیسے: نَاھِیْکَ بِخَالِدٍ شُجَاعًا یا باء اِذَا مفاجاتیہ کے بعد ہو جیسے: خَرَجْتُ فَاِذَا بِالْاُسْتَاذِ یا کَیْفَ کے بعد ہو جیسے: کَیْفَ بِکَ اِذَا حَصَلَ کَذَا اس میں کاف ضمیر مبتدا ہے اور باء زائدہ ہے۔

(۴) اس حال میں باء زائد ہوتی ہے جس کا عامل منفی ہوتا ہے جیسے: فَمَا رَجَعْتُ بِخَائِبَۃٍ رِکَابٌ میں ہے

(۵) لَیْسَ اور مَا کی خبر میں باء زائد ہوتی ہے جیسے: اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ اور جیسے: وَمَا رَبُّکَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ اور اَنَّ کی خبر میں بھی داخل ہوتی ہے اور زائد ہوتی ہے جیسے: اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِھِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۳۷) برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر و مؤنث کی مساوات

کچھ وزن ایسے ہیں جن میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں

(۱) وزن فَعُوْلٌ: جو فاعل کے معنی میں ہو جیسے: رَجُلٌ صَبُوْرٌ اور اِمْرَاَۃٌ صَبُوْرٌ

(۲) وزن مِفْعَالٌ: جیسے: رَجُلٌ مِقْوَالٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِقْوَالٌ

(۳) وزن مِفْعِیْلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِعْطِیْرٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِعْطِیْرٌ

(۴) وزن مِفْعَلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِغْشَمٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِغْشَمٌ

(۵) وزن فَعِیْلٌ: جو صفت کے لئے ہو اور مفعول کے معنی میں ہو جیسے: اِمْرَاَۃٌ جَرِیْحٌ اور رَجُلٌ جَرِیْحٌ اور جیسے قرآن میں ہے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ مگر یہ یاد رہے کہ وزن فَعِیْلٌ میں مذکر اور مؤنث اس وقت برابر ہوتے ہیں جب اس سے پہلے موصوف مذکور ہو۔ اور اگر اس سے پہلے موصوف نہ ہو تو پھر مؤنث کے ساتھ تائے تانیث لاحق ہو گی جیسے: فِی الْمَیْدَانِ سِتَّۃٌ جَرْحٰی وَقَتِیْلَۃٌ۔

(۶) مصدر میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہیں اور جب مصدر موصوف ہو تو اس میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہوتے ہیں جیسے: ھٰذَا قَوْلٌ حَقٌّ اور ھٰذِہٖ قَضِیَّۃٌ حَقٌّ اور کچھ لوگ جب مصدر کا موصوف مؤنث ہو تو مصدر پر تائے تانیث داخل کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں قَضِیَّۃٌ حَقَّۃٌ یہ ان کی خطاء ہے اس سے بچنا چاہیے۔

## فائدہ نمبر (۳۸) برائے افعال مقاربہ:

ان کا عمل افعال ناقصہ والا ہے اور ان افعال کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ افعال مقاربہ ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا وقوع قریب ہے اور یہ کَادَ، کَرُبَ اور اَوْشَکَ ہیں۔

(۲) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر کی امید پر دلالت کرتے ہیں جیسے: عَسٰی اور اِخْلَوْلَقَ ہیں۔

(۳) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر میں شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے طَفِقَ اور جَعَلَ وغیرہ ہیں (ان کی باقی مباحث کتب نحو میں دیکھیں)۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## فائدہ نمبر(۳۹) برائے مبتدا و خبر:

مبتدا کی خبر جب جملہ ہو تو خبر کو مبتدا کے ساتھ ربط دینے والی چیزیں چار (۴) ہیں

(۱) ضمیر ہے بارز ہو یا مستتر جیسے: اَلظُّلْمُ مَرْتَعُهٗ وَخِيْمٌ

(۲) اسم اشارہ جیسے قرآن میں ہے وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ

(۳) مبتدا کا اس کے لفظ کے ساتھ اعادہ کرنا جیسے: اَلْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ

(۴) عموم: جیسے خَالِدٌ نِعْمَ الرَّجُلُ اس میں خَالِدٌ مبتدا ہے اور نِعْمَ الرَّجُلُ اس کی خبر ہے اور ربط دینے والی چیز عموم ہے۔

جب دو اسم معرفہ ہوں عام ہے معرفہ ہونے میں ان کا رتبہ برابر ہو جیسے: اَللّٰهُ رَبُّنَا میں ہے یا ان کا رتبہ مختلف ہو جیسے: زَيْدٌ اَلْفَاضِلُ میں ہے تو اس میں جو اسم پہلے ہوگا وہ مبتدا ہوگا اور عند البعض جو مشتق ہوگا وہ خبر ہوگا اگرچہ پہلے ہو جیسے: اَلْقَائِمُ زَيْدٌ میں ہے۔ اور اگر دو اسم ایسے نکرہ ہوں کہ وہ دونوں مبتدا بن سکتے ہوں تو اس صورت میں بھی جو اسم پہلے ہوگا وہ مبتدا ہوگا جیسے: اَفْضَلُ مِنْكَ اَفْضَلُ مِنِّيْ میں ہے۔

اور اگر دو اسم معرفہ اور نکرہ میں مختلف ہوں اور پہلا اسم معرفہ ہو تو وہ مبتدا ہوگا اور دوسرا خبر ہوگا جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ میں ہے۔ اور اگر معرفہ اور نکرہ کے اعتبار سے جو دو اسم مختلف ہوں مگر ان میں سے پہلا نکرہ ہو اور اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو بالاتفاق پہلا اسم خبر ہوگا جیسے: خَزٌّ ثَوْبُكَ (ریشم ہے تیرا کپڑا) اور اگر پہلا اسم نکرہ ہو اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والا کوئی سبب موجود ہو تو اس صورت میں بھی عند الجمہور پہلا اسم خبر ہوگا، اور عند السیبویہ پہلا اسم مبتدا ہوگا جیسے: خَيْرٌ مِنْكَ زَيْدٌ میں عند الجمہور خَيْرٌ مِنْكَ خبر ہے اور عند السیبویہ مبتدا ہے اور زَيْدٌ اس کی خبر ہے۔

**فائدہ:** مبتدا میں اصل تو یہی ہے کہ وہ معرفہ ہوتا ہے لیکن اگر کسی طریقے سے نکرہ میں تخصیص کر دی جائے تو پھر نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے۔

❁ پھر کئی مقامات ایسے ہیں جن میں نکرہ کا مبتدا واقع ہونا درست ہے ❁

(۱) نکرہ موصوف ہو جیسے: وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ میں ہے۔

(۲) نکرہ عمل کر رہا ہو جیسے: هَلْ مُسَافِرٌ اَخُوْكَ اس میں مُسَافِرٌ مبتدا کی قسم ثانی ہے۔

(۳) جہاں عطف ہو مگر اس میں شرط یہ ہے کہ معطوف یا معطوف علیہ میں کسی وجہ سے تخصیص ہو جیسے: قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى اس میں مَغْفِرَةٌ نکرہ مبتدا ہے کیونکہ اس کا عطف نکرہ موصوفہ پر ہے۔

(۴) خبر ظرف ہو جیسے: لَدَيْنَا مَزِيْدٌ میں ہے یا خبر جار اور مجرور ہو جیسے: لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ میں ہے۔

(۵) نکرہ عام ہو خواہ بذات خود عام ہو جیسے اسمائے استفہام وغیرہ ہیں یا کسی دوسرے کی وجہ سے عام ہو جیسے: مَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ میں رَجُلٌ نکرہ عام ہے۔

(۶) نکرہ سے مراد جنس تیرے جیسی صاحب حقیقت ہو جیسے: مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ كَافِرٍ میں ہے۔

(۷) نکرہ فعل کے معنی میں ہو جیسے: وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ میں ہے اور اس میں بددعا کا معنی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۸) نکرہ کے لئے خبر کا ثابت ہونا خوارق عادت میں سے ہو جیسے: شَجَرَةٌ سَجَدَتْ اور بَقَرَةٌ تَكَلَّمَتْ

(۹) نکرہ اِذَا مفاجاتیہ کے بعد واقع ہو جیسے: خَرَجْتُ فَإِذَا أَسَدٌ بِالْبَابِ

(۱۰) نکرہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ سَرَيْنَا وَنَجْمٌ قَدْ أَضَاءَ فَمُذْ ✿ بَدَا مُحَيَّاكَ أَخْفَى ضَوْءُهُ كُلَّ شَارِقِ ✿

تو اس شعر میں محل استشہاد نَجْمٌ قَدْ أَضَاءَ ہے اس میں نَجْمٌ مبتدا ہے جو کہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہے۔

(۱۱) نکرہ تفصیل کے لئے ہو جیسے امرؤ القیس کا شعر ہے

✿ فَأَقْبَلْتُ زَحْفًا عَلَى الرُّكْبَتَيْنِ ✿ فَثَوْبٌ نَسِيتُ وَثَوْبٌ أَجُرُّ ✿

اس شعر میں محل استشہاد ثَوْبٌ کا لفظ ہے۔

✿ **فائدہ:** چند مقامات میں مبتدا کو حذف کر دینا کثیر ہے ✿

(۱) جیسے: وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللهِ الْمُوقَدَةُ یہ اصل میں هِيَ نَارُ اللهِ... الخ ہے۔

(۲) فاء جزائیہ کے بعد جیسے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ یہ اصل میں فَعَمَلُهُ لِنَفْسِهِ ہے۔

(۳) قول کے بعد جیسے: قَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ یہ اصل میں هِيَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ہے۔

(۴) اس چیز کے بعد کہ معنی میں خبر مبتدا کی صفت ہو جیسے: اَلتَّائِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ یہ اصل میں هُمُ التَّائِبُوْنَ... الخ ہے
اس میں اَلتَّائِبُوْنَ هُمْ کی خبر ہے لیکن معنی میں اس کی صفت ہے۔

(۵) کبھی اس کے علاوہ بھی مبتدا کو حذف کیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ مَتَاعٌ قَلِيلٌ یہ اصل میں تَقَلُّبُهُمْ مَتَاعٌ قَلِيلٌ ہے۔

## فائدہ نمبر (۲۰) برائے حرف لَا:

حرف لَا کی کئی قسمیں ہیں

(۱) لَا حجازیہ: جو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

(۲) لَا جوابیہ: جو کسی سوال کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۳) لَا زائدہ اور یہ تاکید کے لئے آتا ہے جیسے: مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ میں ہے۔

(۴) لَا عاطفہ

(۵) لَا نفی جنس

(۶) لَا نافیہ: جو مضارع اور ماضی اور استقبال کی نفی کے لئے آتا ہے۔

(۷) لَا ناہیہ: یہ مضارع کو جزم دیتا ہے۔

(۸) کبھی لَا غَيْرُ کے معنی میں اسم ہو کر بھی استعمال ہوتا ہے اور اس وقت اس کا اعراب اس کے مابعد میں ظاہر ہوتا ہے جیسے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اور لَا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ وغیرہ میں ہے۔

## فائدہ نمبر (۴۱) برائے مَنْ:

مَنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) مَنْ استفہامیہ: مَنْ استفہامیہ کے بعد جب اسم ہو تو یہ مبتدا بنتا ہے جیسے مَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى اور یہ بھی جائز ہے کہ خبر مقدم ہو اور اسی طرح جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے مَنْ جَآءَ عَلٰٓى اَخِيْهِ اَوَّلًا اسی طرح جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ تو اس وقت بھی یہ مبتدا ہوتا ہے اور جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے جیسے مَنْ اَكْرَمَ الْاَمِيْرُ (امیر نے کس کا اکرام کیا ہے) اور جب اس کے بعد فعل ناقص ہو تو اس وقت خبر مقدم ہوتا ہے جیسے مَنْ كَانَ جَارَكَ (تیرا پڑوسی کون ہے)

(۲) مَنْ موصولہ: جیسے: وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں ہے۔

(۳) مَنْ شرطیہ: جیسے مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ

(۴) مَنْ موصوفہ: جیسے: كَفٰى بِنَا فَضْلًا عَلٰى مَنْ غَيْرِنَا میں مَنْ موصوفہ ہے اور وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ میں بھی مَنْ موصوفہ ہو سکتا ہے اور کلمہ مَنْ مذکر و مؤنث نیز مفرد، تثنیہ و جمع سب کے لئے برابر ہے۔

## فائدہ نمبر (۴۲) برائے نون:

نون کی دو (۲) قسمیں ہیں

(۱) اسم یہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے جیسے يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ میں ہے۔

(۲) وہ نون جو حرف ہے پھر اس کی دو (۲) قسمیں ہیں (۱) نون تاکید یہ کبھی ثقیلہ ہوتا ہے جیسے لَتُسْـَٔلُنَّ میں ہے اور کبھی خفیفہ ہوتا ہے جیسے لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ (۲) نون وقایہ یہ اس یاء متکلم کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جس کو فعل نے یا حرف ناصب نے نصب دیا ہو جیسے فَاعْبُدْنِيْ اور يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ میں ہے اسی طرح لَدُنْ کے مضاف الیہ ضمیر اور عَنْ اور مِنْ کے مجرور کے ساتھ بھی لاحق ہوتی ہے جیسے مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا اور مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ اور اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ میں ہے

### ❁ ایک نون تنوین ہوتا ہے ❁

یہ وہ نون ہوتا ہے جو لکھنے میں نہیں آتا اور تلفظ میں قائم اور باقی ہوتا ہے اور اس کی پانچ اقسام ہیں (۱) تمکن (۲) تنکیر (۳) عوض (۴) مقابلہ (۵) ترنم ان اقسام کی تفصیل کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے۔

## فائدہ نمبر (۴۳) برائے اسمائے ظروف:

(۱) حَيْثُ: حَيْثُ ظرف مکان کے لئے آتا ہے اور یہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اکثر اس کا مضاف الیہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ اور اگر اس کے بعد مفرد واقع ہو تو اس صورت میں یہ مبتدا ہوتا ہے اس کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبر محذوف ہوتی ہے جیسے اِجْلِسْ حَیْثُ خَالِدٌ یہ اصل میں حَیْثُ جَالِسٌ خَالِدٌ ہوگا۔ اور کبھی یہ حرف جر کے داخل ہونے کی وجہ سے محلاً مجرور ہوتا ہے۔ اور جب اس کے ساتھ کلمہ مَا متصل ہو جائے تو اس وقت یہ اسم شرط بن جاتا ہے جیسے حَیْثُمَا تَقْصِدْنِیْ اَقْصِدْکَ اور اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے اور کبھی حَیْثُ مفعول بہ بھی واقع ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ۔

(۲) اِذَا: اِذَا یہ ظرف زمان ہے اور متضمن معنی شرط ہے اور جملہ فعلیہ پر داخل ہونے کے ساتھ خاص ہے اور یہ جواب کا محتاج ہوتا ہے اور اس کے جواب کی متعدد صورتیں ہیں۔ (۱) اس کا جواب فعل ہو جیسے: فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِیَ بِالْحَقِّ (۲) اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو جس پر فاء داخل ہو جیسے: فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ (۳) اس کا جواب جملہ انشائیہ ہو جس پر فاء داخل ہو جیسا کہ سورۃ النصر میں ہے فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ۔۔۔ الخ (۴) کبھی جواب ایسا جملہ اسمیہ ہوگا جس پر اِذَا مفاجاتیہ داخل ہوگا جیسے اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ۔ پھر محققین کے نزدیک اِذَا کو نصب فعل شرط دیا کرتا ہے یعنی یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم واقع ہوتا ہے اور فقیر نے اعراب القرآن میں اسی قول پر عمل کیا ہے۔ نیز اِذَا کی یہ خاصیت ہے کہ اس کی جزاء شرط پر مقدم نہیں ہو سکتی نیز یہ شرط کو جزم بھی نہیں دیتا۔

(۳) مُذْ (۴) مُنْذُ

## مُذْ اور مُنْذُ کی تین حالتیں ہیں

(۱) ان کے بعد مجرور اسم واقع ہو اس صورت میں عند البعض یہ اسم اور مضاف ہوتے ہیں مگر صحیح قول یہ ہے کہ یہ اس وقت حرف جر ہوتے ہیں پھر اگر زمانہ ماضی ہو تو مِنْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهُ مُذْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ اور اگر زمانہ حال ہو تو فِیْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهُ مُذْ یَوْمِنَا اور اگر ان کا مدخول کوئی معدود ہو تو اس وقت مِنْ اور اِلٰی دونوں کے معنی میں ہو سکتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهُ مُذْ ثَلَاثَةِ اَیَّامٍ

(۲) مُذْ اور مُنْذُ کی دوسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد مرفوع اسم واقع ہو جیسے مُذْ یَوْمُ الْخَمِیْسِ اس حالت کے بارے میں اختلاف ہے (۱) مبرد اور فارسی وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ مبتدا ہوتے ہیں اور مابعد خبر ہوتا ہے پھر اگر مدخول زمانہ ماضی ہو یا معدود چیز ہو تو اس وقت ان کا معنی انتہاء مدت ہوتا ہے اور اگر مدخول ماضی ہو تو ان کا معنی اوّل مدت و ابتداء مدت ہوتا ہے۔ (۲) امام اخفش و زجاج وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ خبر اور ان کا مابعد مبتدا ہوتا ہے اور اس وقت ان کا معنی دو ایسے بَیْنَ کے لفظ ہوتے ہیں جو مضاف ہوتے ہیں لہٰذا ان حضرات کے نزدیک مَالَقِیْتُهُ مُذْ یَوْمَانِ کا معنی ہے بَیْنِیْ وَبَیْنَ لِقَآئِهِ یَوْمَانِ (۳) اور اکثر اہل کوفہ کے نزدیک مُذْ اور مُنْذُ دوسری حالت میں ظرف ہیں جو کہ ایسے جملہ کی طرف مضاف ہیں جس کا فعل حذف کر کے اس کے فاعل کو باقی رکھا گیا ہے۔ لہٰذا مثال مذکور میں مُذْ یَوْمَانِ اصل میں مُذْ كَانَ یَوْمَانِ ہے اور كَانَ تامہ بمعنی وُجِدَ ہے۔

(۳) مُذْ اور مُنْذُ کی تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ واقع ہو اس صورت میں یہ ظرف ہوتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں۔

## فائدہ نمبر (۴۴) برائے اقسام جملہ:

جملہ کی متفاتی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) جملہ مستانفہ (۲) جملہ مبینہ (۳) جملہ معلّقہ (۴) جملہ معطوفہ (۵) جملہ حالیہ (۶) جملہ معترضہ

جملہ معترضہ وہ ہوتا ہے جو دو چیزوں کے درمیان بے جوڑ واقع ہو جائے پھر جملہ معترضہ کا محل وقوع متعدد ہیں (۱) فعل اور فاعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ۔ میں ہے۔ (۲) فعل اور اس کے مفعول کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

✿ وَبُدِّلَتْ وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ ✿ اَسِنَّةُ قَوْمٍ لَا ضِعَافٍ وَلَا عُزْلٍ ✿

اس میں وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ جملہ معترضہ ہے۔ (۳) مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَآ اَکْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ میں وَلَوْ حَرَصْتَ ہے۔ (۴) اس چیز کے درمیان واقع ہوتا ہے جس کی اصل مبتدا اور خبر ہے جیسے شاعر کا شعر ہے

✿ اِنَّ الثَّمَانِیْنَ وَبُلِّغْتَهَا ✿ قَدْ اَحْوَجَتْ سَمْعِیْ اِلٰی تُرْجُمَانٍ ✿

اس میں بُلِّغْتَهَا جملہ معترضہ ہے جو مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہے کیونکہ اِنَّ کے دخول سے پہلے اَلثَّمَانِیْنَ مبتدا ہے اور اَحْوَجَتْ خبر ہے۔ (۵) شرط اور جواب کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

✿ لَعَمْرِیْ وَمَا عَمْرِیْ عَلَیَّ بِهَیِّنٍ ✿ لَقَدْ نَطَقَتْ بُطْلًا عَلَیَّ الْاَقَارِعُ ✿

میں ہے۔ (۶) قسم اور جواب قسم کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۷) موصوف اور صفت کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ میں ہے۔ (۸) موصول اور صلہ کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

✿ ذَاکَ الَّذِیْ وَاَبِیْکَ یَعْرِفُ مَالِکًا ✿ وَالْحَقُّ یَدْفَعُ تُرَّهَاتِ الْبَاطِلِ ✿

(۹) حرف استقبال اور فعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

✿ وَمَا اَدْرِیْ وَسَوْفَ اِخَالُ اَدْرِیْ ✿ اَقَوْمٌ اٰلُ حِصْنٍ اَمْ نِسَآءٌ ✿

(۱۰) حرف نفی اور اس کی منفی کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۱۱) دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حَمَلَتْهُ اُمُّهُ وَهْنًا عَلٰی وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهُ فِیْ عَامَیْنِ۔۔۔ الخ اس میں حَمَلَتْهُ اُمُّهُ جملہ معترضہ ہے۔ اور صاحب مغنی اللبیب نے جملہ معترضہ کی سترہ (۱۷) صورتیں ذکر کی ہیں باقی جملہ اقسام کی تعریفیں واضح ہیں لہذا ان کو ذکر نہیں کیا گیا۔

## فائدہ نمبر (۴۵) برائے لٰکِنَّ:

لٰکِنَّ مشدد حرف مشبہ بالفعل ہے اور لٰکِنْ مخفف یہ کبھی حرف استدراک ہوتا ہے اور کبھی عطف کے لئے بھی آتا ہے اگر کوئی یوں کہے مَا قَامَ زَیْدٌ وَلٰکِنْ عَمْرٌو اس قسم کی مثال کے بارے میں نحویوں کے چار (۴) اقوال ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱) عند یونس: لٰکِنْ عاطفہ نہیں ہے بلکہ واؤ عاطفہ ہے اور یہ عطف مفرد علی المفرد ہے۔

(۲) عند ابن مالک: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور یہ عطف جملہ علی الجملہ ہے جملہ معطوفہ کا کچھ حصہ محذوف ہے لہذا مَاقَامَ زَیْدٌ وَّلٰکِنْ عَمْرٌو اصل میں وَلٰکِنْ قَامَ عَمْرٌو ہے وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ اصل میں وَلٰکِنْ کَانَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ہے۔

(۳) عند ابن عصفور: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ اس کو لازم ہے۔

(۴) عند ابن کیسان: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ ہے اس کو لازم نہیں ہے۔

اور لٰکِنَّ مشدد جو کہ حرف مشبہ بالفعل ہے یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسا کہ تمام حروف مشبہ بالفعل کا یہی عمل ہے۔

## فائدہ نمبر (۴۶) برائے لفظ غَیْرٌ:

لفظ غَیْرٌ ان اسماء میں سے ہے جن میں شدید ابہام ہے اس لئے اضافت کے باوجود یہ معرفہ نہیں ہوتا پھر جب لفظ غَیْرٌ مضاف ہو تو پھر یہ دو (۲) طریقے سے استعمال ہوتا ہے (۱) یہ ہے کہ یہ نکرہ کی صفت ہو جیسے: رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ کُنَّا نَعْمَلُ میں ہے اور اس کا یہی استعمال اصل ہے۔ (۲) یہ استثناء کے لئے استعمال ہو تو پھر اس کا اعراب اس اسم کے اعراب کی طرح ہوگا جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جس کی تفصیل فقیر کی تالیف معارف التعبیر شرح نحو میر میں مذکور ہے۔

اور اگر لفظ غَیْرٌ دو متضاد چیزوں کے درمیان واقع ہو تو اس وقت یہ معرفہ ہو جاتا ہے چنانچہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی وجہ سے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ میں اس کو معرفہ کی صفت بنایا گیا ہے اور اگر لفظ غَیْرٌ کی جگہ لَا نافیہ آنے کی صلاحیت ہو تو اس وقت یہ حال واقع ہوتا ہے۔

## فائدہ نمبر (۴۷) برائے نون وقایہ:

نون وقایہ کا نام نون عماد بھی ہے اور یہ اس یاء متکلم سے پہلا آتا ہے جو تین (۳) چیزوں میں سے ایک کے ساتھ منصوب ہو۔

(۱) جو فعل کے ساتھ منصوب ہو جیسے: اَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ (۲) اس یاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو اسم فعل کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: عَلَیْکَنِیْ بمعنی اِلْزَمْنِیْ (۳) اس یاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو کسی حرف کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: اِنَّنِیْ اور اسی طرح جو یاء متکلم مِنْ اور عَنْ حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو اس کے ساتھ بھی آتا ہے اور اس کا نام نون وقایہ اس لئے ہے کہ وقایہ کا معنی ہے حفاظت کرنا اور بچانا اور یہ نون بھی فعل وغیرہ کو کسرہ سے محفوظ کرتا ہے۔

## فائدہ نمبر (۴۸) ان جملوں کے بارے میں جو لَا مَحَلَّ لَهَا مِنَ الْاِعْرَابِ ہیں

چند جملے ایسے ہیں جن کا کوئی محل اعراب نہیں ہے (۱) جملہ مبتدأ (۲) جملہ مستانفہ (۳) جواب ندا کا جملہ (۴) جو جملہ موصول کا صلہ واقع ہو (۵) جو جملہ جواب قسم واقع ہو (۶) جو جملہ معترضہ ہو (۷) جو جملہ تفسیریہ ہو جیسے: وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنِ اَلْقِ عَصَاکَ میں اَلْقِ عَصَاکَ ہے۔ (۸) جو جملہ مبینہ ہو جیسے: اَلْکَلِمَةُ عَلٰی ثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ میں اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ ہے۔ (۹) شرط غیر جازم کی جزاء جو جملہ واقع ہو۔ (۱۰) وہ جملہ جو سابقہ جملوں میں سے کسی ایک کا تابع ہو۔

❁ اور جن جملوں کا کوئی محل اعراب ہوتا ہے اس کی سات (۷) قسمیں ہیں ❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱) جو جملہ خبر واقع ہو اور اس کا محل مبتدا کی خبر میں رفع ہوتا ہے اور کان وغیرہ کی خبر کا محل نصب ہوتا ہے۔

(۲) جو جملہ حال واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ

(۳) جو جملہ مفعول واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے بشرطیکہ نائب فاعل نہ ہو۔

(۴) جو جملہ مضاف الیہ واقع ہو اور اس کا محل جر ہے اور جملہ کی طرف آٹھ (۸) چیزیں مضاف ہوتی ہیں (۱) اسماء الزمان (۲) حَيْثُ (۳) آیۃ بمعنی علامت (۴) ذُوْ (۵) لَدُنْ (۶) رَيْثَ (۷) لفظ قول (۸) قَائِلٌ کا لفظ

(۵) وہ جملہ جو فاء کے بعد واقع ہو یا اذا کے بعد واقع ہو اور شرط جازم کی جزاء ہو جیسے: مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ

(۶) جو جملہ کسی مفرد کا تابع ہو مثلاً مفرد کی صفت ہو جیسے: مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ میں لَا بَيْعٌ فِيْهِ يَوْمٌ کی صفت ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہے یا کسی حرف کے ساتھ معطوف ہو جیسے زَيْدٌ مُنْطَلِقٌ وَأَبُوْهُ ذَاهِبٌ یہ فرض کیا جائے کہ واؤ کے ذریعہ صرف خبر پر عطف ہے۔

(۷) جو جملہ کسی ایسے جملہ کا تابع ہو جس کے لئے اعراب کا کوئی محل ہے۔

## **فائدہ نمبر** (۳۹) برائے فرق بین الحال والتمیز

پانچ (۵) چیزوں میں حال اور تمیز جمع ہوتے ہیں وہ یہ ہیں

(۱) دونوں اسم ہوتے ہیں۔ (۲) دونوں نکرہ ہوتے ہیں۔ (۳) دونوں کلام میں زائد ہوتے ہیں یعنی بایں معنی کہ جملہ ان کے بغیر تام ہو جاتا ہے۔ (۴) دونوں منصوب ہوتے ہیں۔ (۵) دونوں ابہام دور کرتے ہیں۔

### ❁ حال اور تمیز میں سات (۷) چیزوں میں فرق ہے ❁

(۱) حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے رَأَيْتُ الْأَمِيْرَ وَهُوَ رَاكِبٌ میں وَهُوَ رَاكِبٌ جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اور ظرف بھی ہوتا ہے جیسے: رَأَيْتُ الْهِلَالَ بَيْنَ السَّحَابِ میں بَيْنَ السَّحَابِ مَوْجُوْدًا کا مفعول فیہ ہو کر اَلْهِلَالَ کا حال ہے۔ اور حال بھی جار اور مجرور بھی ہوتا ہے جیسے: أَعْجَبَنِيْ السَّمَكُ فِي الْمَاءِ اور تمیز ہمیشہ اسم ہوتی ہے۔

(۲) کبھی حال پر کلام کا معنی مقصود موقوف ہوتا ہے جیسے: لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكٰرٰى اور تمیز ایسی نہیں ہے۔

(۳) حال کسی چیز کی حالت کو بیان کرتا ہے اور تمیز ذات کو بیان کرتی ہے۔

(۴) حال متعدد بھی ہوتا ہے اور تمیز نہیں ہوتی۔

(۵) حال کا عامل جب فعل متصرف ہو یا ایسا شبہ فعل ہو جو فعل متصرف کے مشابہ ہو تو اس وقت حال اپنے عامل پر مقدم ہو سکتا ہے۔ جیسے: خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ۔ الخ میں خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ حال مقدم ہے اور تمیز اپنے عامل سے مقدم نہیں ہو سکتی۔

(۶) حال میں اصل یہ ہے کہ وہ مشتق ہوتا ہے اور تمیز میں اصل یہ ہے کہ وہ جامد ہوتی ہے اور کبھی حال بھی جامد ہوتا ہے جیسے هٰذَا مَالُكَ ذَهَبًا اور کبھی تمیز مشتق بھی ہوتی ہے جیسے لِلّٰهِ دَرُّهٗ فَارِسًا

(۷) حال اپنے عامل کے لئے مؤکد بھی ہوتا ہے جیسے: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا میں ہے اور تمیز اس طرح نہیں ہوتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## فائدہ نمبر(۵۰) برائے کَمْ استفہامیہ وکَمْ خبریہ:

کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ اس کے اپنے اعراب وترکیب کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کَمْ سے پہلے حرف جر ہو تو مجرور ہوگا اور جار بامجرور ظرف لغو فعل کا متعلق مقدم ہوگا جیسے: بِكَمْ دِرْهَمًا اِشْتَرَيْتَ (کتنے درہم کے ساتھ تو نے خریدا ہے) اور بِكَمْ طَالِبٍ اِجْتَهَدْتُ (کس قدر طالبوں کے لئے میں نے کوشش کی) اسی طرح اگر کَمْ سے پہلے مضاف ہوگا تو مجرور ہوگا جیسے: كِتَابَ كَمْ رَجُلًا أَخَذْتَ (کتنے مردوں کی کتاب تو نے لی ہے) اور عِلْمَ كَمْ أُسْتَاذًا كَتَبْتُ (کس قدر زیادہ استاذوں کا علم میں نے لکھا) کَمْ ممیز اپنی تمیز سے مل کر مضاف الیہ ہوگا مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ مقدم ہوگا

اور اگر کَمْ پر حرف جر اور مضاف داخل نہ ہو اور بعد والے فعل کا مفعول بہ محذوف ہو تو ایسا کَمْ بعد والے فعل کے عمل کے موافق منصوب ہوگا جیسے: كَمْ قَلَمًا بَنَيْتَ (کتنے قلم تو نے بنائے ہیں) و كَمْ دُكَّانٍ اِشْتَرَيْتُ (کس قدر دکانیں میں نے خریدی ہیں) اس میں ممیز با تمیز مفعول بہ مقدم ہے اور منصوب ہے۔ اور كَمْ إِنْبَاتًا أَنْبَتَ اللّٰهُ (کتنی بار اگانا اللہ نے اگایا) اور كَمْ إِنْبَاتٍ أَنْبَتَ اللّٰهُ (کس قدر با اگانا اللہ نے اگایا ہے) اس میں ممیز با تمیز مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور كَمْ يَوْمًا اِعْتَكَفْتَ (کتنے دن تو نے اعتکاف کیا) و كَمْ يَوْمٍ صُمْتُ (کس قدر دنوں میں روزہ رکھا میں نے) اس میں ممیز با تمیز مفعول فیہ ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

اور اگر کَمْ کے بعد والے فعل کا مفعول مذکور ہو جیسے: كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَهُ اور كَمْ غُلَامٍ مَلَكْتُهُ تو اس میں دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) یہ کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے بنایا جائے اور فعل مفسر اس کے بعد مقدر مانا جائے کیونکہ اگر اس سے پہلے مقدر کریں تو کَمْ کی صدارت فوت ہو جائے گی مثلاً كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ ضَرَبْتَهُ پھر دوسرا ضَرَبْتَ اوّل ضَرَبْتَ کی تفسیر کر رہا ہے تو اوّل ضَرَبْتَ کو حذف کر دیا تو اب یہ ممیز با تمیز مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوگا اور فعل مقدر کا مفعول بہ ہوگا

(۲) اس میں دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے نہ بنایا جائے تو پھر ممیز با تمیز مل کر مبتدا ہوگا اور بعد والا جملہ اس کی خبر ہوگا اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو بلکہ اسم ہو اور وہ اسم ظرف بھی نہ ہو تو ممیز با تمیز محلاً مرفوع مبتدا ہوگا اور بعد والا اسم خبر ہوگا جیسے: كَمْ رَجُلًا أَخُوكَ (کتنے مرد تیرے بھائی ہیں) و كَمْ طَالِبٍ مُجْتَهِدٌ (کس قدر طالب محنتی ہیں) اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو اور کَمْ جس اسم پر داخل ہو وہ ظرف ہو تو ممیز با تمیز خبر مقدم ہوگا اور بعد والا اسم مبتدا ہوگا جیسے: كَمْ يَوْمًا اِعْتِكَافُكَ (کتنے دن تیرا اعتکاف ہے) اور كَمْ شَهْرٍ صَوْمِي (کس قدر زیادہ میرا روزہ ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## ترکیب سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مع تعوذ وتسمیہ

**اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

اَعُوْذُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے مِنْ جار الشَّيْطٰنِ موصوف الرَّجِيْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔ باء جار اِسْمِ مضاف اَللّٰهِ موصوف الرَّحْمٰنِ صفت اولیٰ اَلرَّحِيْمِ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَبْتَدِئُ کے، اَبْتَدِئُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝**

**آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴:** اَلْحَمْدُ مبتدا لام جار اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَالَمِيْنَ مرکب اضافی صفت اولیٰ اَلرَّحْمٰنِ صفت ثانیہ اَلرَّحِيْمِ صفت ثالثہ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ مرکب اضافی صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَعْبُدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم، نَسْتَعِيْنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

**اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝**

**آیت نمبر ۱۷۷:** لَيْسَ فعل ناقص اَلْبِرَّ اس کی خبر مقدم، اَنْ مصدریہ ناصبہ تُوَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ قِبَلَ مضاف اَلْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر اسم مؤخر، لَيْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلْبِرَّ اس کا اسم مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل با حرف جار اَللّٰهِ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اَلْمَلٰٓئِكَةِ معطوف ثانی واؤ عاطفہ اَلْكِتٰبِ معطوف ثالث واؤ عاطفہ اَلنَّبِيّٖنَ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰتَى فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَالَ مفعول بہ اول، عَلٰى حُبِّهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے ذَوِي الْقُرْبٰى مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ معطوفات اربعہ، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مفعول بہ ثانی اور وَفِي الرِّقَابِ بھی بواسطہ عطف اٰتَى کے متعلق ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ اَقَامَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ اٰتَى فعل هُوَ مستتر فاعل اَلزَّكٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مَنْ کا صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْمُوْفُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل بِ حرف جار عَهْدِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف عٰهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لٰكِنَّ کی خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَلصّٰبِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِيْ حرف جار اَلْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق واؤ عاطفہ حِيْنَ الْبَاْسِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ہے فعل محذوف اَمْدَحُ کا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ صَدَقُوْا موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



ھُمْ ضمیر فصل اَلْمُتَّقُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَ اَدَآءٌ اِلَیْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۷۸﴾

**آیت نمبر ۱۷۸**۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے كُتِبَ فعل مجہول عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْقِصَاصُ مصدر فِی الْقَتْلٰى اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر نائب فاعل، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا و جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا اَلْحُرُّ مبتدا بِالْحُرِّ جار با مجرور مقتول محذوف کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ اور وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى کا عطف اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ پر ہے فَا فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذٰلِکَ مَنْ اسم شرط مبتدا عُفِیَ فعل مجہول لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ اَخِیْهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْءٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول نائب فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَا جزائیہ اِتِّبَاعٌ مصدر بِالْمَعْرُوْفِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَدَآءٌ اِلَیْهِ متعلق سے مل کر ذوالحال بِاِحْسَانٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا ہوا اس کی خبر محذوف ہے عَلَیْهِ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزا، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزا، شرط محذوف با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا تَخْفِیْفٌ موصوف مِّنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فَا فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ مَنْ اسم شرط مبتدا اِعْتَدٰى فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَلَهٗ فا جزائیہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزا، شرط با جزا خبر، مبتدا با خبر جزا ہے شرط محذوف کی، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لَكُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیٰوةٌ یّٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

**آیت نمبر ۱۷۹**۔ واؤ استینافیہ لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِی الْقِصَاصِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم حَیٰوةٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا مقدم یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل اُولِی الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا مؤخر، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا لَعَلَّ حرف مشبہ بالفعل كُمْ ضمیر اس کا اسم تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ اسم و خبر سے مل کر اِحْیَاءٌ کی تعلیل میں ہو کر كُمْ ضمیر سے حال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿١٨٠﴾

**آیت نمبر ۱۸۰:** كُتِبَ فعل مجہول عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق الْوَصِيَّةُ مصدر لام جار الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق مصدر متعلق سے مل کر ذوالحال بِالْمَعْرُوفِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ إِذَا شرطیہ حَضَرَ فعل أَحَدَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم الْمَوْتُ فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط جزاء محذوف ہے فَلْيُوصِ۔ إِن شرطیہ تَرَكَ فعل هُوَ مستتر فاعل خَيْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَلْيُوصِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ حَقًّا مصدر مفعول مطلق ہے فعل محذوف حَقَّ کا اور عَلَى الْمُتَّقِينَ متعلق ہے۔

فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٨١﴾

**آیت نمبر ۱۸۱:** فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا بَدَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بَعْدَ مضاف مَا مصدریہ سَمِعَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بَعْدَ مضاف مَا مصدریہ سَمِعَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ۔ فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ إِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ إِثْمُهُ مرکب اضافی مبتدا عَلَى حرف جار الَّذِينَ اسم موصول يُبَدِّلُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق اللَّهَ اس کا اسم سَمِيعٌ عَلِيمٌ إِنَّ کی دو خبریں۔ إِنَّ اپنے اسم اور دو خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨٢﴾

**آیت نمبر ۱۸۲:** فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا خَافَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِن مُّوصٍ جار اور مجرور جَنَفًا کے متعلق مقدم جَنَفًا أَوْ إِثْمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ أَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ لَا نفی جنس إِثْمَ اس کا اسم عَلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق اللَّهَ اس کا اسم غَفُورٌ رَّحِيمٌ دو خبر، إِنَّ اپنے اسم اور دو خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲۳

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٨٣﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۱۸۳:** یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے کُتِبَ فعل مجہول عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے کُتِبَ الصِّیَامُ نائب فاعل کاف حرف جر مَا مصدریہ کُتِبَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل عَلٰی حرف جار الَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كِتَابَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف كِتَابَةً کے مفعول مطلق، فعل مجہول نائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ راجین التقوٰی کی تاویل میں ہو کر کُمْ ضمیر سے حال ہے۔

اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ وَ عَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْكِیْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ ؕ وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۸۴:** اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ مرکب توصیفی مفعول فیہ ہے فعل محذوف صُوْمُوْا کا فعل امر واؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا فَ فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَیَّنْتُمْ فَرْضِیَّةَ الصِّیَامِ عَلَیْکُمْ مَنْ اسم شرط مبتدا كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال کَانَ کا اسم مَرِیْضًا معطوف علیہ اَوْ حرف عطف عَلٰی سَفَرٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَ قلم جزائیہ عِدَّةٌ موصوف مِنْ حرف جر اَیَّامٍ اُخَرَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتداء ہے اور اس کی خبر عَلَیْهِ محذوف ہے مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ عَلٰی حرف جار الَّذِیْنَ اسم موصول یُطِیْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِدْیَةٌ مبدل منہ طَعَامُ مِسْكِیْنٍ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا فَا استئنافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا تَطَوَّعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل خَیْرًا بواسطہ موصوف محذوف تَطَوُّعًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَا جزائیہ ھُوَ ضمیر مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَّهٗ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استئنافیہ اَنْ مصدریہ تَصُوْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر صِیَامُکُمْ ہو کر مصدر مبتداء خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَّکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَصِیَامُکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ (تقدیر) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيٓ أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۖ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾

**آیت نمبر ۱۸۵** شَهْرُ رَمَضَانَ مرکب اضافی مبتدا (عکبری) اَلَّذِیْ اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول فِیْهِ جار مجرور متعلق ہوئے اَلْقُرْاٰنُ ذوالحال هُدًی موصوف لِلنَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیِّنٰتٍ موصوف مِنْ حرف جار اَلْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْقُرْاٰنُ کا حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ مَعْرِفَةَ حُکْمِ التَّشْرِیْعِ فِیْهِ، مَنْ اسم شرط محل مرفوع مبتدا شَهِدَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلشَّهْرَ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَلْیَصُمْهُ جزائیہ لِیَصُمْ فعل امر هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب بنزع الخافض دراصل فِیْهِ ہے اور یہ متعلق ہے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا کَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم مَرِیْضًا معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَلٰی سَفَرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَعِدَّةٌ جزائیہ عِدَّةٌ موصوف مِنْ حرف جار اَیَّامٍ اُخَرَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَیْهِ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ یُرِیْدُ فعل اَللّٰهُ فاعل بِکُمُ متعلق اَلْیُسْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُرِیْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِکُمُ متعلق اَلْعُسْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ معللہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ تُکْمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعِدَّةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ تُکَبِّرُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، عَلٰی حرف جار مَا مصدریہ هَدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر لَعَلَّ کی، اسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین متعلق ہوئے فعل محذوف شَرَعَ کے، شَرَعَ فعل هُوَ ضمیر مستتر راجع بسوئے اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۝

**آیت نمبر ۱۸۶** الواو استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَاَلَ فعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم عِبَادِی مرکب اضافی فاعل عَنِّی جار با مجرور متعلق فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَ فصیحہ جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق یَا ضمیر منصوب متصل اس کا اسم قَرِیْبٌ صیغہ صفت اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اول اُجِیْبُ فعل اَنَا مستتر فاعل دَعْوَةَ الدَّاعِ مرکب اضافی مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف دَعَا فعل ہُوَ مستتر فاعل نون وقایہ یا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر ثانی اِنَّ اپنے اسم اور دونوں خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلْ فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذٰلِکَ لِیَسْتَجِیْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِیْ جار با مجرور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لِیُؤْمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِیْ جار با مجرور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَرْشُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر لَعَلَّ اسم اور خبر سے مل کر راجین الرشد کی تاویل میں ہو کر لِیُؤْمِنُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۖ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝

**آیت نمبر ۱۸۷** اُحِلَّ فعل مجہول لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے لَیْلَةَ الصِّیَامِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا اُحِلَّ کا الرَّفَثُ مصدر اِلٰی حرف جار نِسَآئِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، مصدر متعلق سے مل کر نائب فاعل، فعل مجہول اپنے متعلق و مفعول فیہ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ھُنَّ ضمیر مبتدا لِبَاسٌ موصوف لَکُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا لِبَاسٌ موصوف لَھُنَّ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا عَلِمَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل کُمْ ضمیر اس کا اسم کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَخْتَانُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ عَلِمَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے عَلِمْتُمْ۔ فَتَابَ عَلَیْکُمْ۔ اٰلْئٰنَ مفعول فیہ مقدم بَاشِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول کَتَبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول بصلہ مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استینافیہ کُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہر دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف جار اَنْ کے بعد اَنْ مقدر ہے یَتَبَیَّنَ فعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مرکب توصیفی ذوالحال مِنَ الْفَجْرِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال۔ ذوالحال باحال فاعل مِنْ حرف جار اَلْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مرکب توصیفی مجرور جار با مجرور متعلق ثانی فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور جار با مجرور اِشْرَبُوْا کے متعلق فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ثُمَّ عاطفہ اَتِمُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصِّیَامَ مفعول بہ اِلَی الَّیْلِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ہوا واؤ عاطفہ لَا تُبَاشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا عٰکِفُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل فِی الْمَسٰجِدِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے لَا تُبَاشِرُوْا کی ضمیر فاعل سے تِلْکَ اسم اشارہ مبتدا حُدُوْدُ اللّٰہِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمُ السَّلَامَۃَ بِاَنْفُسِکُمْ۔ لَا تَقْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم یُبَیِّنُ فعل اَللّٰہُ فاعل اٰیٰتِہٖ مرکب اضافی مفعول بہ لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ ترجیہ حال ہے اَلنَّاسِ سے۔

WWW.KitaboSunnat.com

وَلَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِھَآ اِلَی الْحُکَّامِ لِتَاْکُلُوْا فَرِیْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

**آیت نمبر ۱۸۸** واؤ استینافیہ لَا تَاْکُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَکُمْ مرکب اضافی ذوالحال بَیْنَکُمْ مرکب اضافی کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ بِالْبَاطِلِ جار با مجرور متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تُدْلُوْا دراصل لَا تُدْلُوْا ہے لَا تُدْلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بِھَا متعلق اول اِلَی الْحُکَّامِ متعلق ثانی سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَاْکُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فَرِیْقًا موصوف مِنْ جارہ اَمْوَالِ النَّاسِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ بِالْاِثْمِ جار با مجرور متعلق فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے تُدْلُوْا کے واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے تَاْکُلُوْا کی واؤ ضمیر سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رکوع نمبر ۲۴

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَیْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۸۹** يَسْـَٔلُوْنَكَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنِ الْاَهِلَّةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول ہِیَ ضمیر مبتدا مَوَاقِیْتُ موصوف لام جارہ اَلنَّاسِ وَالْحَجِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور جار با مجرور ملکر ثَابِتَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَیْسَ فعل ناقص اَلْبِرُّ اس کا اسم باء جارہ اَنْ ناصبہ تَاْتُوا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل اَلْبُیُوْتَ مفعول بہ مِنْ ظُهُوْرِهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ملکر ثَابِتًا کے متعلق ہو کر خبر لَیْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَلْبِرَّ اس کا اسم مَنْ اسم موصول اِتَّقٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ بواسطہ مضاف محذوف بِرُّ کے خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْبُیُوْتَ مفعول بہ مِنْ اَبْوَابِهَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر راجِیْنَ التَّقْوٰی کے معنی میں ہو کر حال ہے اِتَّقُوْا کی ضمیر فاعل سے۔

وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۹۰** واؤ عاطفہ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جر سَبِیْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَعْتَدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا یُحِبُّ فعل ہُوَ ضمیر فاعل اَلْمُعْتَدِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَیْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى یُقٰتِلُوْكُمْ فِیْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِیْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



آیت نمبر ۱۹۱: واؤ عاطفہ اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَيْثُ مضاف ثَقِفْتُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَلْفِتْنَةُ مبتدا اَشَدُّ اسم تفضیل اس میں ضمیر مستتر فاعل مِنَ الْقَتْلِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا تُقَاتِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عِنْدَ مضاف الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُقَاتِلُوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ قَاتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾

آیت نمبر ۱۹۲: فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ اِنْتَهَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبریں، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۖ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾

آیت نمبر ۱۹۳: واؤ عاطفہ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَتّٰی حرف جر اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لَا تَكُوْنَ فعل تامہ فِتْنَةٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يَكُوْنَ فعل مضارع ناقص اَلدِّيْنُ اس کا اسم لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص اسم اور خبر کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ اِنْتَهَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا نفی جنس عُدْوَانَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء عَلَى الظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾

آیت نمبر ۱۹۴: اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ مرکب توصیفی مبتدا، باء حرف جار اَلشَّهْرِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْحُرُمٰتُ مبتدا قِصَاصٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فلکو فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کَانَتِ الْحُرُمَاتُ قِصَاصًا فَمَنِ اسم شرط مبتدا اِعْتَدٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ب جارہ حرف جار مِثْلِ مضاف مَا مصدریہ اِعْتَدٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق دوم ہوئے فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ جزا ہے شرط با جزا مل کر جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط محذوف کی جزا ہے شرط با جزا مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم مَعَ الْمُتَّقِیْنَ مرکب اضافی ظرف کائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ ۚۖۛ وَاَحْسِنُوْا ۚۛ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۹۵﴾

**آیت نمبر ۱۹۵** واؤ استینافیہ اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار سَبِیْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تُلْقُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل ب زائدہ جارہ لاَ عمل بِاَیْدِیْکُمْ مرکب اضافی محلاً منصوب مفعول بہ اِلٰی حرف جار اَلتَّھْلُکَۃِ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ اَحْسِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم یُحِبُّ فعل مضارع ہُوَ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَۃَ لِلّٰہِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْھَدْیِ ۚ وَ لَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَکُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ الْھَدْیُ مَحِلَّہٗ ؕ فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَّرِیْضًا اَوْ بِہٖۤ اَذًی مِّنْ رَّاْسِہٖ فَفِدْیَۃٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ صَدَقَۃٍ اَوْ نُسُکٍ ۚ فَاِذَاۤ اَمِنْتُمْ ٝ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَۃِ اِلَی الْحَجِّ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْھَدْیِ ۚ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ فِی الْحَجِّ وَ سَبْعَۃٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْکَ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ ؕ ذٰلِکَ لِمَنْ لَّمْ یَکُنْ اَھْلُہٗ حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾

**آیت نمبر ۱۹۶** واؤ عاطفہ اَتِمُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ لِلّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ اِتْمَامُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَۃِ اَمَرَ بِھَا اللّٰہُ تَعَالٰی (فقیر) اِنْ شرطیہ اُحْصِرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ مَا اسم موصول اِسْتَیْسَرَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال مِنَ الْهَدْيِ جار با مجرور ثابتًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، خبر محذوف ہے عَلَيْهِ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا تَحْلِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رُءُوْسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، حَتّٰى حرف جار يَبْلُغَ فعل الْهَدْيُ فاعل مَحِلَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ہوا۔ فاء استئنافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا كَانَ فعل ماضی ناقص ھُوَ ضمیر مستتر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اسم مَرِيْضًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف بِهٖ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَذًى موصوف مِنْ حرف جار رَّاْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ فِدْيَةٌ موصوف مِنْ حرف جار صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَيْهِ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء استئنافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَمِنْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ مَنْ اسم شرط مبتدا تَمَتَّعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِالْعُمْرَةِ جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَى الْحَجِّ ظرف مستقر مُنْتَفِعًا (مظہری) کے متعلق ہو کر تَمَتَّعَ کی ھُوَ ضمیر سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ مَا اسم موصول اسْتَيْسَرَ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال مِنَ الْهَدْيِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَيْهِ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء استئنافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا لَمْ يَجِدْ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْهَدْيَ مفعول بہ محذوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ صِيَامُ مضاف ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ممیز با تمیز موصوف فِي الْحَجِّ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبْعَةٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، اِذَا مضاف رَجَعْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ صِيَامُ کا مفعول فیہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول فیہ سے مل کر مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے وَاجِبٌ عَلَيْهِ (مظہری) مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا لِ حرف جر مَنْ اسم موصول لَّمْ يَكُنْ فعل جحد ناقص اَهْلُهٗ مرکب اضافی اس کا اسم حَاضِرِي جمع مذکر سالم مضاف الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استئنافیہ اتَّقُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اعْلَمُوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



❁ رکوع نمبر ۲۵ ❁

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾

**آیت نمبر ۱۹۷** اَلْحَجُّ مبتدا اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فا فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذٰلِکَ مَنْ اسم شرط مبتدا فَرَضَ فعل ماضی معلوم ھُوَ مستتر فاعل فِیْهِنَّ ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْحَجَّ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فا جزائیہ لَا نفی جنس رَفَثَ معطوف علیہ واو عاطفہ لَا زائدہ فُسُوْقَ معطوف اول واو عاطفہ لَا زائدہ جِدَالَ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین لَا کا اسم فِی الْحَجِّ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزا، شرط با جزا جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزا شرط محذوف کی، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔ واو استینافیہ مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم تَفْعَلُوْا فعل واو ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مِنْ خَیْرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مَا سے حال ہے۔ یَعْلَمْهُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزا، شرط با جزا جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

فا تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق خَیْرَ الزَّادِ مرکب اضافی اسم اَلتَّقْوٰی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واو عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واو ضمیر فاعل نون وقایہ یائے متکلم ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جواب ندا مقدم یَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اُولِی الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا مؤخر، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ معطوف ہوا۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾

**آیت نمبر ۱۹۸** لَیْسَ فعل ناقص عَلَیْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف اَنْ ناصبہ تَبْتَغُوْا فعل واو ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور (اصل میں فِیْ اَنْ ہے) ... جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر لَیْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فا استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَفَضْتُمْ فعل اور فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور مِنْ عَرَفٰتٍ جار با مجرور اَفَضْتُمْ کے متعلق ہے۔ فا جزائیہ اُذْکُرُوْا فعل امر واو ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ عِنْدَ مضاف اَلْمَشْعَرِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مؤکد معطوف علیہ واو عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اُذْکُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ مفعول بہ کَ حرف جار مَا مصدریہ هَدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ہٗ ضمیر شان مقدر اسی کا اسم کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلِہٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فعل ناقص کا اسم (لام فارقہ بین ان نافیہ و بین ان المخففہ من المثقلہ) مِنَ الضَّآلِّیْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنْ مخففہ کی خبر، اِنْ مخففہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال هَدٰی کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ذِکْرًا کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف تاکید، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٩٩﴾

**آیت نمبر ۱۹۹:** ثُمَّ عاطفہ اَفِیْضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار حَیْثُ ظرف مکان مضاف اَفَاضَ فعل اَلنَّاسُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، اِنَّ اپنے اسم اور دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿٢٠٠﴾

**آیت نمبر ۲۰۰:** فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَضَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مَنَاسِکَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، اٰبَآءَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اَوْ عاطفہ اَشَدَّ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ذِکْرًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ معطوف ہے اٰبَآءَکُمْ پر۔ فاء استینافیہ مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے، اٰتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فِی الدُّنْیَا ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقول، قول با مقول صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنٌ [illegible] خبر [illegible] فِی الْاٰخِرَۃِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جار زائدہ خَلَاقٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے یَقُوْلُ کی ضمیر مستتر فاعل سے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۰۱** واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول رَبَّنَا اصل میں يَا رَبَّنَا ہے ادیہ ندا ہے، آتِ فعل امر اَنْتَ پوشیدہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول فِي الدُّنْيَا ظرف لغو متعلق ہوئے حَسَنَةً مفعول بہ ثانی ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ قِنَا فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

أُولَٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللّٰهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

**آیت نمبر ۲۰۲** أُولَٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِيبٌ موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول كَسَبُوا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا سَرِيعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيٓ أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَن تَأَخَّرَ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوٓا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝

**آیت نمبر ۲۰۳** واؤ عاطفہ اُذْكُرُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ فِي حرف جار أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا تَعَجَّلَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل فِي يَوْمَيْنِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ لَا نفی جنس إِثْمَ اس کا اسم عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ مَنْ تَأَخَّرَ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ کی ترکیب واضح ہے، اور یہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ لام حرف جار مَنْ اسم موصول اتَّقَىٰ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف ذٰلِكَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِتَّقُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوا فعل واؤ ضمیر فاعل أَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم إِلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُحْشَرُونَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، أَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ ۝

**آیت نمبر ۲۰۴** واؤ عاطفہ مِنَ النَّاسِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يُعْجِبُ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مضاف الیہ کَ ضمیر منصوب مفعول بہ قَوْلُهٗ مرکب اضافی فاعل فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُشْهِدُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، عَلٰی حرف جار مَا اسم موصول فِیْ قَلْبِهٖ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا ہوئی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلَدُّ مضاف الْخِصَامِ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے یُشْهِدُ کی ضمیر فاعل سے ۔۔۔ الخ

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝

**آیت نمبر ۲۰۵:** واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تَوَلّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، سَعٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق اول ہوئے۔ لام جارہ تعلیلیہ (اس کے بعد اَنْ مقدر ہے) یُفْسِدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُهْلِكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْحَرْثَ وَالنَّسْلَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق دوم ہوئے۔ فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْفَسَادَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

**آیت نمبر ۲۰۶:** واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اِتَّقِ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ شرط، اَخَذَتْ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْعِزَّةُ فاعل بِالْاِثْمِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذٰلِكَ، حَسْبُهٗ مرکب اضافی مبتدا، جَهَنَّمُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ قسمیہ مقسم بہ محذوف ہے، لام جوابیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْمِهَادُ اس کا فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے (ھِیَ)، مبتدا با خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

**آیت نمبر ۲۰۷:** واؤ عاطفہ مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول یَشْرِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَفْسَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، اِبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا رَءُوْفٌ صیغہ مبالغہ ھُوَ مستتر فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَاۗفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

**آیت نمبر ۲۰۸:** یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بارہا گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اُدْخُلُوْا فعل امر وا ضمیر ذوالحال کَآفَّۃً حال ذوالحال با حال فاعل فِی السِّلْمِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ لَا تَتَّبِعُوْا فعل نہی وا ضمیر فاعل خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب ہے پھر ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم لَکُمْ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

**آیت نمبر ۲۰۹:** فَ لہٰذا استیناف یہ اِنْ شرطیہ زَلَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْ جار بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ جَآءَتْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْبَیِّنٰتُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَ لہٰذا جزائیہ اِعْلَمُوْا فعل امر وا ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰہَ اس کا اسم عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ اس کی دو خبر اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزا، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

**آیت نمبر ۲۱۰:** ھَلْ حرف استفہام یَنْظُرُوْنَ فعل وا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ یَاْتِیَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ اَلْمَلٰٓئِکَۃُ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل فِیْ جارہ ظُلَلٍ موصوف مِنَ الْغَمَامِ جار با مجرور کَآئِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا وَ استینافیہ قُضِیَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا وَ عاطفہ اِلَی اللّٰہِ جار با مجرور متعلق مقدم تُرْجَعُ فعل مجہول اَلْاُمُوْرُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲۶ ❁

سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰھُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

**آیت نمبر ۲۱۱:** سَلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اول، کَمْ استفہامیہ ممیز مِنْ حرف جر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ذا نا آیۃ بیّنۃ مرکب توصیفی تمیز، میز یا تمییز مفعول ثانی مقدم آتینا فعل نا ضمیر فاعل ھم ضمیر متصل مفعول بہ اول، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ سَل کے مفعول ثانی کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَن اسم شرط مبتدا یُبدّل فعل ھو ضمیر فاعل نعمۃ اللہ مرکب اضافی مفعول بہ مِن حرف جار بعد مضاف ما مصدریہ جاءت فعل ہی ضمیر فاعل ہ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فا جزائیہ إنّ حرف تحقیق اللہ اس کا اسم شدید العقاب مرکب اضافی خبر، إنّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَن کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِينَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾

**آیت نمبر** ۲۶۴ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے ندائیہ، ندا ہے۔ لَا تُبْطِلُوا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل صَدَقَٰتِكُم مرکب اضافی مفعول بہ، باء حرف جار الْمَنِّ وَالْأَذَىٰ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، کاف حرف جار الَّذِي اسم موصول يُنفِقُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مَالَهُ مرکب اضافی مفعول بہ، رِئَآءَ ٱلنَّاسِ مرکب اضافی مفعول لہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُؤْمِنُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل باء حرف جار اللَّهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف إِبْطَالًا کے لَا تُبْطِلُوا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ نہیہ جواب ندا، پھر ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَ فاء استینافیہ مَثَلُهُ مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف صَفْوَانٍ موصوف عَلَيْهِ ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کا، تُرَابٌ اس کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ أَصَابَهُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تَرَكَهُ صَلْدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین صَفْوَانٍ کی صفت، موصوف با صفت مَثَلِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا يَقْدِرُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَىٰ حرف جار شَيْءٍ موصوف مِّن حرف جار مَا اسم موصول كَسَبُوا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اللَّهُ مبتدا لَا يَهْدِي فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ٱلْقَوْمَ ٱلْكَٰفِرِينَ مرکب توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَثَلُ ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَٰلَهُمُ ٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ ٱللَّهِ وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا وَابِلٌ فَـَٔاتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٢٦٥﴾

**آیت نمبر** ۲۶۵ واؤ عاطفہ مَثَلُ مضاف ٱلَّذِينَ اسم موصول يُنفِقُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل أَمْوَٰلَهُمُ مرکب اضافی مفعول بہ ٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ ٱللَّهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَثْبِيتًا موصوف مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف جَنَّةٍ موصوف باء حرف جار رَبْوَةٍ موصوف أَصَابَ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، وَابِلٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ ءَاتَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل أُكُلَهَا مرکب اضافی ذوالحال ضِعْفَيْنِ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَبْوَةٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر جَنَّۃٍ کی صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ یُصِبْ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ وَابِلٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فا جزائیہ طَلٌّ خبر ہے مبتدا محذوف اَلَّذِیْ یُصِیْبُھَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اَیَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَاۤ اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۟

**آیت نمبر ۲۶۶** ھمزہ حرف استفہام یَوَدُّ فعل اَحَدُكُمْ مرکب اضافی فاعل اَنْ مصدریہ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّۃٌ موصوف مِنْ حرف جار نَخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت اول تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا جار با مجرور متعلق ہے الْاَنْھٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَنَّۃٌ کی صفت ثانیہ لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ كُلِّ الثَّمَرٰتِ مرکب اضافی لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جَنَّۃٌ کی تیسری صفت، موصوف با صفات ثلاثہ تَكُوْنَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَوَدُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واو حالیہ اَصَابَ فعل ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال، واو حالیہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ذُرِّیَّۃٌ ضُعَفَآءُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اَصَابَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصَابَ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِعْصَارٌ موصوف فِیْهِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَارٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِحْتَرَقَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوَدُّ کے فاعل سے حال ہے۔ كَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم، یُبَیِّنُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ، لَامْ حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ جملہ اسمیہ انشائیہ ترجیہ محلاً منصوب حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

۞ رکوع نمبر ۳۷ ۞

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝

**آیت نمبر ۲۶۷:** يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب مفصل بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار طَيِّبٰتِ مضاف مَا كَسَبْتُمْ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار مَا اسم موصول اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا تَيَمَّمُوا فعل واؤ ضمیر ذوالحال تُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال وَ حالیہ لَسْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِـ جار زائدہ اٰخِذِيْهِ مرکب اضافی لفظا مجرور محلاً منصوب خبر اِلَّآ حرف استثناء اَنْ ناصبہ تُغْمِضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور یہ اصل میں باَنْ… تھا… ہے، جار با مجرور اٰخِذِيْهِ کے متعلق ہے، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال تُنْفِقُوْنَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال لَا تَيَمَّمُوا کا فاعل الْخَبِيْثَ ذوالحال مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مراد کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا واؤ استیجابیہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم غَنِيٌّ حَمِيْدٌ دو خبر، اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَ يَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَ اللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَ فَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

**آیت نمبر ۲۶۹،۲۶۸:** اَلشَّيْطٰنُ مبتدا يَعِدُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اَلْفَقْرَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَاْمُرُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْفَحْشَآءِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا يَعِدُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُمْ منصوب مفعول بہ اول مَغْفِرَةً موصوف مِنْهُ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ واؤ عاطفہ فَضْلًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا وَاسِعٌ عَلِيْمٌ اس کی دو خبر يُؤْتِي فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْحِكْمَةَ مفعول بہ اول مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ تیسری خبر، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يُؤْتَ فعل مجہول هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اَلْحِكْمَةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اُوْتِيَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل خَيْرًا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَن کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو عاطفہ مَا نافیہ یَذَّکَّرُ فعل اِلَّا حرف استثناء اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾

**آیت نمبر ۲۷۰** واو عاطفہ مَا اسم شرط محلاً منصوب مفعول بہ مقدم اَنْفَقْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْ نَّفَقَةٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر مَا سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ نَذَرْتُمْ اصل میں مَا نَذَرْتُمْ تھا مَا اسم شرط ذوالحال مِنْ نَّذْرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم نَذَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واو استینافیہ مَا نافیہ لِلظّٰلِمِيْنَ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ اَنْصَارٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾

**آیت نمبر ۲۷۱** اِنْ شرطیہ تُبْدُوْا فعل واو ضمیر فاعل الصَّدَقٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ نِعْمَ فعل مدح هُوَ ضمیر پوشیدہ ممیز، مَا بمعنی شَيْئًا تمیز، ممیز با تمیز فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم هِيَ ضمیر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ ہوا۔ واو عاطفہ اِنْ شرطیہ تُخْفُوْا فعل واو ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واو عاطفہ تُؤْتُوْا فعل واو ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول اَلْفُقَرَآءَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط فاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واو استینافیہ يُكَفِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْكُمْ جار با مجرور متعلق ہے مِنْ سَيِّاٰتِكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَيْئًا کے مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہے مبتدا محذوف اَللّٰهُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا باء حرف جار مَا تَعْمَلُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۷۲** لَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكَ ظرف مستقر کائناً کے متعلق ہو کر خبر مقدم هُدٰىهُمْ مرکب اضافی اسم مؤخر لَيْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ اعتراضیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اس کا اسم يَهْدِيْ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا واؤ عاطفہ مَا اسم شرط ذوالحال مِنْ خَيْرٍ کائناً کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فاء جزائیہ لِاَنْفُسِكُمْ ظرف مستقر کائنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ تُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِبْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا شرطیہ ذوالحال مِنْ خَيْرٍ کائناً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط يُوَفَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلٰى حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْــَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾

**آیت نمبر ۲۷۳** لام جارہ اَلْفُقَرَآءِ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُحْصِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت ذوالحال لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ضَرْبًا مصدر فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے مصدر کے، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال اول يَحْسَبُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مقدم اول اَلْجَاهِلُ فاعل اَغْنِيَآءَ مفعول بہ ثانی مِنَ التَّعَفُّفِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ثانی تَعْرِفُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِسِيْمٰهُمْ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ثالث، ذوالحال با احوال ثلاثہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائنۃٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف صَدَقَاتُكُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا يَسْــَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اِلْحَافًا مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے تَعْرِفُهُمْ کی هُمْ ضمیر سے واؤ استینافیہ مَا اسم شرط ذوالحال مِنْ خَيْرٍ کائناً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



کا اسم، بِہٖ جار با مجرور متعلق مقدم، عَلِیْمٌ اسم کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳۸ ❁

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۲۷۴**: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہٖ، بِ حرف جار اَلَّیْلِ وَالنَّھَارِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے۔ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً معطوف علیہ با معطوف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر یُنْفِقُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ فعل با فاعل و مفعول بہٖ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فَ اسم جزائیہ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اَجْرُ مضاف ھُمْ ضمیر ذوالحال عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۲ میں گزر چکی ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَیْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰی فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَی اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۲۷۵**: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَاْکُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلرِّبٰوا مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، لَا یَقُوْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، اِلَّا حرف استثناء کاف حرف جار مَا مصدریہ یَقُوْمُ فعل اَلَّذِیْ اسم موصول یَتَخَبَّطُ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہٖ اَلشَّیْطٰنُ فاعل مِنَ الْمَسِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہٖ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ یَقُوْمُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قِیَامًا کے لَا یَقُوْمُوْنَ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، بِ حرف جار، اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَلْبَیْعُ مبتدا، مِثْلُ الرِّبٰوا مرکب بمعنی ذوالحال ہوا، واؤ عاطفہ اَحَلَّ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْبَیْعَ مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ حَرَّمَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلرِّبٰوا مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال اَلْبَیْعُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، جَآءَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہٖ، مَوْعِظَةٌ موصوف مِنْ رَّبِّهٖ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِنْتَهٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ لَهٗ ظرف مستقر کائن کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول سَلَفَ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال، واؤ حالیہ اَمْرُهٗ مرکب اضافی مبتدا اِلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کائن کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال سَلَفَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ اسم شرط کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، عَادَ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب اضافی ذوالحال، ھُمْ ضمیر مبتدا فِيْهَا جار با مجرور متعلق مقدم، خٰلِدُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ اسم شرط کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝

**آیت نمبر ۲۷۶** يَمْحَقُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلرِّبٰوا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ یُرْبِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلصَّدَقٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا لَا یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُلَّ مضاف کَفَّارٍ اَثِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا ھُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۲۷۷** اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف اَلْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَقَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا، واؤ عاطفہ اٰتَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلزَّکٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اس کی ترکیب آیت نمبر ۲۷۴ میں گزر چکی ہے اور یہ معطوف علیہ ہے اور وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۲ میں گزر چکی ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۲۷۸** یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بارہا گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے، اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول بَقِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ الرِّبٰوا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ دال بر جزاء اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِیْنَ خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، موخر شرط اپنے دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾

**آیت نمبر ۲۷۹** فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ تَفْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ اِئْذَنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل باء حرف جار حَرْبٍ موصوف مِنْ حرف جار اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تُبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رُءُوْسُ مضاف اَمْوَالِ مضاف الیہ مضاف کُمْ ضمیر ذوالحال لَا تَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال اَمْوَالِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ رُءُوْسُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۚ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾

**آیت نمبر ۲۸۰** واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل تام ذُوْ عُسْرَةٍ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ نَظِرَةٌ موصوف اِلٰى مَيْسَرَةٍ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر ہے مبتدا محذوف اَلْحُکْمُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَنْ مصدریہ تَصَدَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور لَکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر دال بر جزاء اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ شرط موخر، شرط موخر دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ استینافیہ ہوا۔

وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۖ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾

**آیت نمبر ۲۸۱** واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل یَوْمًا موصوف تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْهِ جار با مجرور متعلق اول اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ثانی، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین صفت، موصوف با صفت مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُوَفّٰى فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل مَا کَسَبَتْ موصول با صلہ مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رکوع نمبر ۳۹

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۭ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ
كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۠ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ
الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـــًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ
ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ ھُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ
رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ
تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَاۗءُ اِذَا مَا دُعُوْا ۭ وَلَا تَسْـَٔــمُوْٓا
اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى
اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا
تَكْتُبُوْھَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ڛ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ
فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؁

**آیت نمبر ۲۸۲** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے، اِذَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم تَدَايَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِ باء حرف جر دَيْنٍ موصوف اِلٰٓى حرف جار اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق شرط قائم مقام جزا ہے فَاكْتُبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء شرط با جزاء جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لِيَكْتُبْ فعل امر بَّيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ كَاتِبٌ فاعل بِالْعَدْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَاْبَ فعل نہی كَاتِبٌ فاعل اَنْ ناصبہ يَّكْتُبَ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف حرف جار مَا مصدریہ عَلَّمَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف كِتَابَةً کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں مِنْ اَنْ... الخ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر قائم مقام فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَلَّمَكُمْ هٰذَا الْحُكْمَ فَلْيَكْتُبْ فعل امر ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لِيُمْلِلْ فعل امر اَلَّذِيْ اسم موصول عَلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْحَقُّ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِيَتَّقِ فعل امر ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰہَ رَبَّہٗ مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا یَبْخَسْ فعل نہی ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْہُ ظرف مستقر کائنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْئًا ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاِنْ فاء استینافیہ اِنْ حرف شرطیہ کَانَ فعل ناقص اَلَّذِیْ اسم موصول عَلَیْہِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْحَقُّ مبتدا موخر، پھر مبتدا موخر خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ کَانَ کا اسم سَفِیْھًا معطوف علیہ اَوْ عاطفہ ضَعِیْفًا معطوف اوّل اَوْ حرف عطف لَا یَسْتَطِیْعُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَنْ ناصبہ یُمِلَّ فعل ھُوَ ضمیر متصل فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین کَانَ کی خبر، کَانَ اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ فَلْیُمْلِلْ فعل امر وَلِیُّہٗ مرکب اضافی فاعل بِالْعَدْلِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِسْتَشْھِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل شَھِیْدَیْنِ موصوف مِنْ رِّجَالِکُمْ کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ یَکُوْنَا فعل ناقص الف ضمیر مرفوع متصل فعل مرفوع اس کا اسم رَجُلَیْنِ اس کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فاء جزائیہ رَجُلٌ وَّ امْرَاَتٰنِ معطوف علیہ با معطوف موصوف مِمَّنْ جارہ مَنْ اسم موصول تَرْضَوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مِنَ الشُّھَدَآءِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر تَرْضَوْنَ کے مفعول محذوف ہٗ ضمیر سے حال ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فعل محذوف لِیَشْھَدْ کا فاعل، فعل امر با فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَنْ مصدریہ ناصبہ تَضِلَّ فعل اِحْدٰھُمَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فاء عاطفہ تُذَکِّرَ فعل اِحْدٰھُمَا مرکب اضافی فاعل الْاُخْرٰی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مفعول لہ ہوا فعل محذوف لِیَشْھَدْ کا، واؤ عاطفہ لَا یَاْبَ فعل نہی اَلشُّھَدَآءُ فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف مَا زائدہ دُعُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر اس کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل نہی با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَسْئَمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر اس کا فاعل اَنْ مصدریہ ناصبہ تَکْتُبُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال صَغِیْرًا اَوْ کَبِیْرًا معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اِلٰٓی اَجَلِہٖ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض اصل میں ہے فِیْ اَنْ ... الخ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل نہی با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہوا۔

ذٰلِکُمْ اسم اشارہ مبتدا اَقْسَطُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم تفضیل با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْوَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لِلشَّھَادَۃِ جار با مجرور متعلق دونوں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَدْنٰٓی اسم تفضیل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل اَلَّا اصل میں ہے اَنْ لَّا، اَنْ مصدریہ ناصبہ لَا تَرْتَابُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں ہے فِیْ اَلَّا ... الخ جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اِلَّآ حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص ہِیَ ضمیر اس کا اسم تِجَارَةً موصوف حَاضِرَةً صفت اول تُدِيْرُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانی، موصوف با صفتین تَكُوْنَ کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا سے مستثنیٰ منقطع ہے۔ فَ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتِ التِّجَارَةُ تِجَارَةً حَاضِرَةً فَلَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكُمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف اَلَّا اصل میں اَنْ لَا ہے اَنْ مصدریہ ناصبہ لَا تَكْتُبُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل عبارت فِیْ اَنْ ... الخ ہے، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر جُنَاحٌ کی صفت، موصوف با صفت لَيْسَ کا اسم مؤخر، لَيْسَ اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَشْهِدُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف تَبَايَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل امر با فاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُضَآرَّ فعل مجہول كَاتِبٌ معطوف علیہ وَ لَا ناہیہ شَهِيْدٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَفْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم فُسُوْقٌ موصوف بِكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِتَّقُوا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل امر با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ يُعَلِّمُ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ فاعل مؤخر، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا بِكُلِّ شَیْءٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم عَلِيْمٌ صیغہ صفت اپنے ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ۭ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۭ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝

**آیت نمبر ۲۸۳** واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر ذوالحال ہوا۔ واؤ حالیہ لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَاتِبًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال كُنْتُمْ کا اسم عَلٰى سَفَرٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ رِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَلْمُعْتَمَدُ عَلَيْهِ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِنْ شرطیہ اَمِنَ فعل بَعْضُكُمْ مرکب اضافی فاعل بَعْضًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبریہ شرط فاء جزائیہ لِیُؤَدِّ فعل امر اَلَّذِی اؤْتُمِنَ موصول با صلہ فاعل اَمَانَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واو عاطفہ لِیَتَّقِ فعل امر ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اللّٰہَ رَبَّہٗ مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا واو عاطفہ لَا تَکْتُمُوا فعل نہی واو ضمیر فاعل الشَّھَادَۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واو استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَکْتُمْھَا فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم اٰثِمٌ اسم فاعل قَلْبُہٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شبہ جملہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واو استینافیہ اللّٰہُ مبتدا بِمَا جار مَا تَعْمَلُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار مجرور متعلق مقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴۰ ❁

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ
اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۲۸۴ لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ ہوا واو عاطفہ مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو استینافیہ اِنْ شرطیہ تُبْدُوْا فعل واو ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِیْ اَنْفُسِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ۔ اَوْ حرف عطف تُخْفُوْا فعل واو ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط یُحَاسِبْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰہُ فاعل اور بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ یَغْفِرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لام حرف جار مَنْ یَّشَآءُ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واو عاطفہ یُعَذِّبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کی ترکیب واضح ہے۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَ
رُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ
الْمَصِيْرُ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۸۵** اٰمَنَ فعل اَلرَّسُوْلُ فاعل بِمَآ، بِ حرف جار مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل اِلَیْہِ جار مجرور متعلق اوّل ہوئے اور مِنْ رَّبِّہٖ جار مجرور متعلق ثانی ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اَلرَّسُوْلُ پر معطوف ہے کُلٌّ مبتدا اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاللّٰہِ، بِ حرف جار اَللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا لَا نُفَرِّقُ فعل نَحْنُ ضمیر اس کا فاعل بَیْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْ رُّسُلِہٖ کائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر اٰمَنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول ہوا، واؤ عاطفہ سَمِعْنَا فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل با فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَیْکَ جار با مجرور خبر مقدم اَلْمَصِیْرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا غُفْرَانَکَ مرکب اضافی مفعول بہ فعل محذوف اِغْفِرْ کے لیے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب ندا، مقدم رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا ؕ لَہَا مَا کَسَبَتْ وَ عَلَیْہَا مَا اکْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ٝ وَ اغْفِرْ لَنَا ٝ وَ ارْحَمْنَا ٝ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۲۸۶﴾

**آیت نمبر ۲۸۶** لَا یُکَلِّفُ فعل اَللّٰہُ فاعل نَفْسًا مفعول بہ اوّل اِلَّا حرف استثناء لغو وُسْعَہَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا لَہَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول کَسَبَتْ فعل با ھِیَ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا موخر با خبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَیْہَا جار با مجرور مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول اِکْتَسَبَتْ فعل با ھِیَ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا موخر با خبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے لَا تُؤَاخِذْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر دال بر جزاء مقدم اِنْ شرطیہ نَسِیْنَا فعل نَا ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَخْطَاْنَا فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط موخر، شرط موخر دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے واؤ عاطفہ لَا تَحْمِلْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور متعلق اِصْرًا مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ حَمَلْتَہٗ فعل تَا ضمیر اس کا فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِنَا جار با مجرور ثَبَتُوْا کے متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مِنْ قَبْلِنَا کے متعلق، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور عَلَيْنَا کے متعلق ہو کر بواسطہ حَمْلًا موصوف محذوف کے لَا تَحْمِلْ کا مفعول مطلق، فعل نہی با فاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ انشائیہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے واؤ عاطفہ لَا تُحَمِّلْنَا فعل نہی اَنْتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول مَا اسم موصول لَا نفی جنس طَاقَةَ مصدر لَنَا اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر اس کا اسم بِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل نہی با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُعْفُ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَنَّا جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امر یہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِرْحَمْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اَنْتَ ضمیر مبتدا مَوْلٰنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَا فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ اُنْصُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سورۃ آل عمران

## رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۝

**آیت نمبر ۱:** الٓمّٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝

**آیت نمبر ۲، ۳، ۴:** اَللّٰهُ مبتدا لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر بدل ہے اِلٰهَ کے محل سے، مبدل منہ با بدل لَا کا اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبر اول، اَلْحَیُّ خبر ثانی اَلْقَیُّوْمُ خبر ثالث، نَزَّلَ فعل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل عَلَیْكَ جار با مجرور متعلق، اَلْکِتٰبَ ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال اول مُصَدِّقًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل لِ لام جارہ مَا اسم موصول بَیْنَ یَدَیْهِ مرکب اضافی صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال ثانی، ذوالحال با حالین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال ھُدًی مصدر لِلنَّاسِ اس کے متعلق، مصدر اپنے متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلْفُرْقَانَ مفعول بہ، سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَللّٰهُ کی خبر رابع، مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ شَدِیْدٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا عَزِیْزٌ خبر اول ذُو انْتِقَامٍ مرکب اضافی خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۝

**آیت نمبر ۵:** اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا یَخْفٰی فعل عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق شَیْءٌ موصوف فِی الْاَرْضِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِی السَّمَاۗءِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاۗءُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

بقیہ

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۶:** هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول یُصَوِّرُ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال کَیْفَ حال ہے یَشَآءُ کی هُوَ ضمیر سے ذوالحال باحال فاعل یَشَآءُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے یُصَوِّرُ کی هُوَ ضمیر سے ذوالحال باحال فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الْاَرْحَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب ما قبل میں گزر چکی ہے اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ؗ وَ مَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ ؔۘ وَ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَ مَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

**آیت نمبر ۷:** هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل عَلَیْكَ جار با مجرور متعلق اَلْكِتٰبَ ذوالحال مِنْهُ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰیٰتٌ موصوف مُّحْكَمٰتٌ صفت اول هُنَّ ضمیر مبتدا اُمُّ الْكِتٰبِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت ثانی موصوف با صفتین معطوف علیہ واؤ عاطفہ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فاء تفصیلیہ اَمَّا شرطیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے ثَبَتَ کے زَیْغٌ اس کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط فاء جزائیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مَا اسم موصول تَشَابَهَ فعل هُوَ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ مَا نافیہ یَعْلَمُ فعل تَاْوِیْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو اَللّٰهُ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے تَشَابَهَ مِنْهُ میں مِنْهُ کی هُ ضمیر سے واؤ استینافیہ اَلرّٰسِخُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر اس کا فاعل فِی الْعِلْمِ جار با مجرور متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مبتدا یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اٰمَنَّا فعل بافاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا كُلٌّ مبتدا مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ مَا نافیہ یَذَّكَّرُ فعل اِلَّا حرف استثناء لغو اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۸** رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے۔ لَا تُزِغْ فعل نہی، اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، قُلُوْبَنَا مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ مضاف، اِذْ ظرف زمان مضاف، ھَدَیْتَ فعل بَنَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف علیہ، مضاف با مضاف الیہ بَعْدَ کے لئے مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ لَا تُزِغْ کا مفعول فیہ، فعل نہی باؤ فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھَبْ فعل امر، اَنْتَ ضمیرہ فاعل، لَنَا جار با مجرور متعلق مِنْ لَّدُنْکَ جار با مجرور رَحْمَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحْمَۃً ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب ندا، با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہے قول محذوف یَقُوْلُوْنَ کا ـــــ اِنَّکَ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل، اَلْوَھَّابُ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ۭ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝۹

فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِیْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَ اشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۵۲** فَلَمَّا فاء عاطفہ اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَلَمَّآ اَحَسَّ عِیۡسٰی مِنۡہُمُ الۡکُفۡرَ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَحَسَّ فعل عِیۡسٰی فاعل مِنۡہُمۡ متعلق اَلۡکُفۡرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول مَنۡ استفہامیہ مبتداء اَنۡصَارِیۡۤ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا اِلَی اللّٰہِ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر یائے ضمیر سے حال ہے قَالَ فعل اَلۡحَوَارِیُّوۡنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول نَحۡنُ ضمیر مبتدا اَنۡصَارُ اللّٰہِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نَحۡنُ کی دوسری خبر ہے۔ واؤ استئنافیہ اشۡہَدۡ فعل امر اَنۡتَ ضمیر فاعل باء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُسۡلِمُوۡنَ اس کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ وَ اتَّبَعۡنَا الرَّسُوۡلَ فَاکۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰہِدِیۡنَ ﴿۵۳﴾

**آیت نمبر ۵۳** رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل باء حرف جار مَاۤ اَنۡزَلۡتَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعۡنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلرَّسُوۡلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الۡاَمۡرُ کَذٰلِکَ اُکۡتُبۡ فعل امر اَنۡتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اور مَعَ الشّٰہِدِیۡنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَکَرُوۡا وَ مَکَرَ اللّٰہُ ؕ وَ اللّٰہُ خَیۡرُ الۡمٰکِرِیۡنَ ﴿۵۴﴾

**آیت نمبر ۵۴** واؤ استئنافیہ مَکَرُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَکَرَ فعل اَللّٰہُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا خَیۡرُ الۡمٰکِرِیۡنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے مَکَرَ کے فاعل سے۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

اِذۡ قَالَ اللّٰہُ یٰعِیۡسٰۤی اِنِّیۡ مُتَوَفِّیۡکَ وَ رَافِعُکَ اِلَیَّ وَ مُطَہِّرُکَ مِنَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ جَاعِلُ الَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡکَ فَوۡقَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ ۚ ثُمَّ اِلَیَّ مَرۡجِعُکُمۡ فَاَحۡکُمُ بَیۡنَکُمۡ فِیۡمَا کُنۡتُمۡ فِیۡہِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۵۵﴾

**آیت نمبر ۵۵** اِذۡ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اَللّٰہُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول یَا حرف ندا اَدۡعُوۡ کے قائم مقام، اَدۡعُوۡ فعل اَنَا ضمیر فاعل عِیۡسٰی محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا اِنَّ حرف تحقیق یا ضمیر اس کا اسم مُتَوَفِّیۡکَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَافِعُ اسم فاعل مضاف کاف ضمیر مضاف الیہ معنی مفعول بہ اور اِلَیَّ متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مُطَہِّرُ اسم فاعل مضاف کاف ضمیر مضاف الیہ معنی مفعول بہ مِنۡ حرف جار اَلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا موصول با صلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے یَتَّبِعُ کے معطوف ثانی ہے واؤ عاطفہ جَاعِلُ اسم فاعل مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ معنی فاعل فَوْقَ مضاف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ اِلٰی حرف جار یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف ثالث معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ندا کا جواب ندا با جواب ندا مقول، قول با مقول اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا یا اُذْکُرُوْا کا یا مُتَذَکِّر کا ـــــ ثُمَّ حرف عطف اِلَیَّ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُکُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْکُمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فِیْ حرف جار مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور فِیْہِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِیْدًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۵۶:** فاء استئنافیہ اَمَّا حرف تفصیل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ اُعَذِّبُ فعل اَنَا ضمیر فاعل ہُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابًا موصوف شَدِیْدًا صفت اولی، فِیْ حرف جار اَلدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا، واؤ استئنافیہ مَا نافیہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار زائد نّٰصِرِیْنَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُوَفِّیْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۵۷:** واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط تفصیل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ یُوَفِّیْ فعل ہُوَ ضمیر فاعل ہِمْ ضمیر مفعول بہ اول، اُجُوْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا متضمن معنی شرط خبر قائم مقام جزاء سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا، واؤ استئنافیہ اَللّٰہُ مبتدا، لَا یُحِبُّ فعل ہُوَ ضمیر فاعل اور اَلظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِکَ نَتْلُوْهُ عَلَیْکَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَالذِّکْرِ الْحَکِیْمِ ۝

**آیت نمبر ۵۸:** ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، نَتْلُوْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ، عَلَیْکَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، مِنْ حرف جار اَلْاٰیٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلذِّکْرِ الْحَکِیْمِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر نَتْلُوْہُ کی ضمیر مفعول سے حال ہے ـــــ مرتب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٥٩﴾**

**آیت نمبر ۵۹:** اِنَّ حرف تحقیق مَثَلَ عِیْسٰی مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم کاف حرف جار مَثَلِ اٰدَمَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ تُرَابٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَہٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، کُنْ فعل امر تام اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ (یہ سیبویہ کا قول ہے) یَکُوْنُ فعل مضارع تام ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُن مِّنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٦٠﴾**

**آیت نمبر ۶۰:** اَلْحَقُّ مبتدا مِنْ رَّبِّکَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ ھٰذَا، لَا تَکُنْ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اسم مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ﴿٦١﴾**

**آیت نمبر ۶۱:** فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا حَاجَّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ فِیْہِ جار با مجرور متعلق اول ہوئے، مِنْ حرف جار بَعْدِ مضاف مَا اسم موصول جَآءَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنَ الْعِلْمِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ نَدْعُ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَکُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَکُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَکُمْ معطوف علیہ با معطوفات خمسہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف نَبْتَہِلْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اول، فَاء عاطفہ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل لَعْنَۃَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَتَعَالَوْا کی، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٢﴾**

**آیت نمبر ۶۲:** اِنَّ حرف تحقیق ھٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم لَام مزحلقہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْقَصَصُ الْحَقُّ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر اِنَّ، با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استینافیہ مَا نافیہ مِنْ حرف جر زائد اِلٰہٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتداء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اِلَّا حرف استثناء اَللّٰہُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوئی۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم لَامِ مزحلقہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ خبر اِنَّ کی، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌۢ بِالْمُفْسِدِیْنَ ﴿۶۳﴾

**آیت نمبر ۶۳** فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت با ھُوَ ضمیر فاعل ب ہو بِالْمُفْسِدِیْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَیْنَنَا وَ بَیْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَ لَا نُشْرِكَ بِهٖ شَیْـًٔا وَّ لَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴** قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر قول، یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اَھْلَ الْکِتٰبِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندا۔ تَعَالَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار کَلِمَۃٍ موصوف سَوَآءٍ بمعنی اسم فاعل مُسْتَوِیَۃٍ ھِیَ ضمیر فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف با صفت مبدل منہ، اَنْ ناصبہ لَا نَعْبُدَ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰہَ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نُشْرِکَ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل بِہٖ متعلق شَیْئًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا یَتَّخِذَ فعل بَعْضُنَا مرکب اضافی فاعل بَعْضًا مفعول بہ اول اَرْبَابًا موصوف مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور تَعَالَوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فاء استینافیہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ قُوْلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِشْھَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور اِشْھَدُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ وَ مَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَ الْاِنْجِیْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵:** يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ یہ ندا ہے یٰۤاَھْلَ اصل میں یا اَیُّھَا ہے، اور یہ جار با مجرور متعلق مقدم ہے لِمَ تُحَآجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فِيْٓ حرف جار اِبْرٰهِيْمَ ذوالحال، واؤ حالیہ، مَآ نافیہ اُنْزِلَتِ فعل مجہول التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، اِلَّا حرف استثناء مِنْۢ بَعْدِهٖ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور لِمَ تُحَآجُّوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ استفہامیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فاء حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے اَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ، فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، لَا تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۶:** ھَا کلمہ تنبیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا ھٰٓؤُلَآءِ یہ اصل میں یا ھٰٓؤُلَآءِ ہے اور یہ ندا ہے حَاجَجْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِيْ جار مَا اسم موصول لَكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عِلْمٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر ندا کا جواب ہے، ندا با جواب ندا جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ لِمَ جار با مجرور متعلق مقدم تُحَآجُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ حرف جار مَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ کی ترکیب واضح ہے اور یہ موصول با صلہ مجرور ہے، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا يَعْلَمُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا لَا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۶۷﴾

**آیت نمبر ۶۷:** مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص اِبْرٰهِيْمُ اس کا اسم يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ، كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم حَنِيْفًا مُّسْلِمًا دو خبریں، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر** ۶۸: اِنَّ حرف تحقیق اَوْلَی اسم تفضیل مضاف اَلنَّاسِ مضاف الیہ بِاِبْرٰهِیْمَ جار مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر اسم، لام مزحلقہ لَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا النَّبِیُّ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا، واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا یُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۶۹: وَدَّتْ فعل طَآئِفَةٌ موصوف مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ ظرف مستقر کَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، لَوْ مصدریہ یُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہو اور حالیہ مَا نافیہ یُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر وَدَّتْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۷۰: یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ یہ ندا ہے لِمَ یہ اصل میں لِمَا ہے جار با مجرور متعلق مقدم تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَنْتُمْ مبتدا تَشْهَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۷۱: یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ یہ ندا ہے لِمَ جار با مجرور متعلق مقدم تَلْبِسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ بِالْبَاطِلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَكْتُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۷۲: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل طَآئِفَةٌ موصوف مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ ظرف مستقر کَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، بِ حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضمیر پوشیدہ بجانب فاعل، عَلٰی حرف جار، اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اُنْزِلَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اٰمِنُوْا کے متعلق ہوئے، وَجْهَ النَّهَارِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُكْفُرُوْا فعل امر، واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یَرْجِعُوْنَ فعل، واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ، لِیَ الرُّجُوْعِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اٰخِرَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہا معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

**آیت نمبر ۷۳، ۷۴** واؤ عاطفہ لَا تُؤْمِنُوْا فعل نہی، الف واؤ ضمیر فاعل، اِلَّا حرف استثناء، لام حرف جار، مَنْ اسم موصول تَبِعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل دِيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ لَا تُؤْمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہوا قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق اَلْهُدٰى منصوب تقدیرا اسم هُدَى اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ اعتراضیہ ہوا، اَنْ ناصبہ يُّؤْتٰى فعل مجہول اَحَدٌ نائب فاعل مِثْلَ مضاف مَا اسم موصول اُوْتِيْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف يُحَاۗجُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر منصوب ذوالحال عِنْدَ رَبِّكُمْ مرکب اضافی كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض لَا تُؤْمِنُوْا کے متعلق ہوئے۔ الخ

قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق اَلْفَضْلَ اس کا اسم بِيَدِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر ذوالحال يُؤْتِيْ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ اول مَنْ يَّشَاۗءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كَائِنٌ کا فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ خبر اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، وَاسِعٌ عَلِيْمٌ دو خبر يَخْتَصُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل بِرَحْمَتِهٖ جار با مجرور متعلق مَنْ يَّشَاۗءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثالث، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، ذُوْ مضاف اَلْفَضْلِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْھُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَاۗىِٕمًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۝

**آیت نمبر ۷۵:** واؤ استئنافیہ مِنْ حرف جار اَھْلِ الْکِتٰبِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اِنْ شرطیہ تَاْمَنْ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اور بِقِنْطَارٍ متعلق سے مل کر شرط یُؤَدِّہٖ فعل یہ اصل میں یُؤَدِّیْ ہے ھُوَ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اور اِلَیْکَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء مل کر جملہ شرطیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْھُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اِنْ شرطیہ تَاْمَنْ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِدِیْنَارٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَا یُؤَدِّہٖ فعل یہ اصل میں لَا یُؤَدِّیْ ہے ھُوَ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اور اِلَیْکَ متعلق، اِلَّا حرف استثناء مَا دُمْتَ فعل ناقص تَ ضمیر اس کا اسم عَلَیْہِ متعلق مقدم قَآئِمًا کے، قَآئِمًا صیغہ صفت اپنے اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اس کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہے وَقْتَ مضاف کا، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، بِ جار اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، لَیْسَ فعل ناقص عَلَیْنَا کَائِنًا کے متعلق ہو کر فعل ناقص کی خبر، فِی الْاُمِّیّٖنَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سَبِیْلٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استئنافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا یَعْلَمُوْنَ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق اور اَلْکَذِبَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ۝

**آیت نمبر ۷۶:** بَلٰی حرف ایجاب، خیر عامل مَنْ اسم موصول اَوْفٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل اور بِعَھْدِہٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَ کو جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم یُحِبُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اور اَلْمُتَّقِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا قائم مقام شرط اپنی خبر قائم مقام جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۝

**آیت نمبر ۷۷:** اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَشْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِ جار عَھْدِ اللّٰہِ مرکب اضافی معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَیۡمَانِهِمۡ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے ثَمَنًا قَلِيلًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَا نفی جنس خَلَاقَ لَا کا اسم لَهُمۡ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فِي الۡاٰخِرَةِ ظرف کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال لَا کا اسم لَهُمۡ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا یُكَلِّمُهُمۡ فعل هُمۡ ضمیر مفعول بہ اللّٰهُ اس کا فاعل فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَا یَنۡظُرُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اِلَيۡهِمۡ فعل کے متعلق يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث ہوا واؤ عاطفہ لَهُمۡ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيۡمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيۡقًا يَّلۡوٗنَ اَلۡسِنَتَهُمۡ بِالۡكِتٰبِ لِتَحۡسَبُوۡهُ مِنَ الۡكِتٰبِ وَ مَا هُوَ مِنَ الۡكِتٰبِ ۚ وَ يَقُوۡلُوۡنَ هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ وَ مَا هُوَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ۚ وَ يَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَ هُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ۞

**آیت نمبر ۷۸** واؤ استینافیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مِنۡهُمۡ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لام مزحلقہ فَرِيۡقًا موصوف يَلۡوٗنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلۡسِنَتَهُمۡ مرکب اضافی مفعول بہ بِالۡكِتٰبِ جار با مجرور متعلق اول، لام جارہ تَحۡسَبُوۡا فعل واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ مَا نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا مِنَ الۡكِتٰبِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مِنَ الۡكِتٰبِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مجرور، جار با مجرور يَلۡوٗنَ کے متعلق ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يَقُوۡلُوۡنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ مَا نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ يَقُوۡلُوۡنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ هُمۡ ضمیر مبتدا يَعۡلَمُوۡنَ فعل با ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل عَلَى اللّٰهِ يَقُوۡلُوۡنَ کے متعلق الۡكَذِبَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فَرِيۡقًا کی صفت، موصوف با صفت اِنَّ کا اسم موخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّؤۡتِيَهُ اللّٰهُ الۡكِتٰبَ وَ الۡحُكۡمَ وَ النُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوۡلَ لِلنَّاسِ كُوۡنُوۡا عِبَادًا لِّيۡ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنۡ كُوۡنُوۡا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنۡتُمۡ تُعَلِّمُوۡنَ الۡكِتٰبَ وَ بِمَا كُنۡتُمۡ تَدۡرُسُوۡنَ ۞ وَ لَا يَاۡمُرَكُمۡ اَنۡ تَتَّخِذُوا الۡمَلٰٓئِكَةَ وَ النَّبِيّٖنَ اَرۡبَابًا ؕ اَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡكُفۡرِ بَعۡدَ اِذۡ اَنۡتُمۡ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مُسْلِمُونَ ﴿٨٠﴾

**آیت نمبر ۷۹، ۸۰:** مَا نافیہ یَکُونَ فعل ناقص لِبَشَرٍ کائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ مصدریہ ناصبہ یُؤْتِیَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول اَللّٰہُ فاعل اَلْکِتٰبَ وَالْحُکْمَ وَالنُّبُوَّۃَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف یَقُوْلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لِلنَّاسِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، کُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عِبَادًا موصوف لِیْ جار مجرور کائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار مجرور کائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل کُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم رَبّٰنِیّٖنَ صیغہ مبالغہ اَنْتُمْ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بِمَا جارہ مَا مصدریہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُعَلِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ واؤ عاطفہ بِ جارہ مَا مصدریہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَدْرُسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے صیغہ مبالغہ کے، صیغہ مبالغہ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر کُوْنُوْا فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقول، قول با مقول معطوف اول واؤ عاطفہ لَا زائدہ یَاْمُرَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَنْ مصدریہ ناصبہ تَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْمَلٰٓئِکَۃَ وَالنَّبِیّٖنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اول، اَرْبَابًا مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَاْمُرَ کا مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یُؤْتِیَ کا معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر یَکُوْنَ کا اسم مؤخر یَکُوْنَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ھمزہ استفہامیہ یَاْمُرُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْکُفْرِ جار با مجرور متعلق ہوئے بَعْدَ مضاف اِذْ مضاف الیہ مضاف اَنْتُمْ ضمیر مبتدا مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ بَعْدَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ ۚ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي ۖ قَالُوا أَقْرَرْنَا ۚ قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨١﴾

**آیت نمبر ۸۱:** واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اَخَذَ فعل اَللّٰہُ فاعل مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، لام مفتوحہ موطئہ للقسم یہاں قسم محذوف ہے مَا اسم موصول اٰتَیْتُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعل تکلم مضمومہ فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف، جَآءَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ رَسُوْلٌ موصوف مُصَدِّقٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل لِ لام جارہ مَا اسم موصول مَعَکُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ حرف جار کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا، لام جوابیہ تُؤْمِنُنَّ فعل واؤ محذوف فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ تَنْصُرُنَّ فعل واؤ محذوف فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قسم محذوف کا جواب ہے۔

قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام اَقْرَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَذْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل عَلٰی ذٰلِکُمْ متعلق اِصْرِیْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَقْرَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِنْ اَقْرَرْتُمْ، اِشْھَدُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنَا ضمیر ذوالحال مَعَکُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کے مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مِنَ الشّٰھِدِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال اِشْھَدُوْا کا فاعل، فعل با فاعل جزاء، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

**آیت نمبر ۸۲** فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، تَوَلّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا ھُمْ ضمیر فصل اَلْفٰسِقُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

**آیت نمبر ۸۳** ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اَیَتَوَلَّوْنَ، غَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم یَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَہٗ ظرف لغو متعلق مقدم اَسْلَمَ فعل مَنْ اسم موصول فِیْ حرف جار اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال طَوْعًا وَّکَرْھًا معطوف علیہ با معطوف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال با حال اَسْلَمَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہے یَبْغُوْنَ کی واؤ ضمیر سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۠ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۡ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾

**آیت نمبر ۸۴:** قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاللّٰهِ حرف جار اَللّٰهِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل اور عَلَيْنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل عَلٰى جارہ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ معطوف علیہ اپنے چاروں معطوفوں سے مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُوْتِيَ فعل مجہول مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر نائب فاعل مِنْ رَّبِّهِمْ جار با مجرور اُوْتِيَ کے متعلق فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَّا کے متعلق فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَا نُفَرِّقُ فعل نَحْنُ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم مُسْلِمُوْنَ کے صیغہ صفت اپنے فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل بَيْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْهُمْ کائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

**آیت نمبر ۸۵:** واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يَبْتَغِ فعل هُوَ ضمیر فاعل غَيْرَ الْاِسْلَامِ مرکب اضافی ممیز دِيْنًا تمییز، ممیز با تمییز مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فا جزائیہ لَنْ يُّقْبَلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر ذوالحال فِي الْاٰخِرَةِ کائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مِنَ الْخَاسِرِيْنَ کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾

**آیت نمبر ۸۶:** كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر اَللّٰهُ کا حال مقدم ہے يَهْدِي فعل اَللّٰهُ فاعل قَوْمًا موصوف كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ شَهِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَلرَّسُوْلَ اسم حَقٌّ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض شَهِدُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مقدم اَلْبَيِّنَاتُ فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف حال ذوالحال یا حال کَفَرُوْا کا فاعل بَعْدَ اِیْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمًا کی صفت موصوف باصفت یَهْدِی کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَیْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ۚ لَا یُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾

**آیت نمبر ۸۸،۸۷:** اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، جَزَآؤُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی اَنَّ حرف تحقیق عَلٰی حرف جار هِمْ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل اور فِیْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ حال اول لَا یُخَفَّفُ فعل مجہول عَنْهُمْ متعلق الْعَذَابُ نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا نافیہ یُنْظَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ثانیہ ذوالحال با حالین مجرور جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَعْنَةَ مضاف اَللّٰهِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ الْمَلٰٓئِكَةِ معطوف اول واؤ عاطفہ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ مؤکد با تاکید معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اسم مؤخر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۟ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۸۹﴾

**آیت نمبر ۸۹:** اِلَّا حرف استثنا الَّذِیْنَ اسم موصول تَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جار بَعْدِ ذٰلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَصْلَحُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط فا جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزا، مبتدا با خبر مستثنیٰ ہے عَلَیْهِمْ کی هُمْ ضمیر سے۔ الخ

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِیْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾

**آیت نمبر ۹۰:** اِنَّ حرف تحقیق الَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَعْدَ اِیْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ ازْدَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُفْرًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَنْ تُقْبَلَ فعل مجہول تَوْبَتُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر فصل الضَّآلُّوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰی بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۹۱﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۹۱:** اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَاتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ كُفَّارٌ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مَاتُوْا کا فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فلن جزائیہ لَنْ يُّقْبَلَ فعل مجہول مِنْ اَحَدِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مِلْءُ الْاَرْضِ مرکب اضافی ممیز ذَهَبًا تمییز، ممیز با تمییز نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ افْتَدٰی فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مؤخر، اور فلن يُّقْبَلَ سے مع دال بر جزاء مقدم ہے اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ نّٰصِرِيْنَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❀ رکوع نمبر ۱۰ ❀

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ۝۹۲

**آیت نمبر ۹۲:** لَنْ تَنَالُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْبِرَّ مفعول بہ حَتّٰى حرف جار اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنْ تَنَالُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استینافیہ مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ شَیْءٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ مقدم و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَيُجَازِی اللّٰهُ بِمِقْدَارِهٖ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَللّٰهَ اس کا اسم عَلِيْمٌ صفت کا صیغہ هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم تینوں مل کر خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰی نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۹۳

**آیت نمبر ۹۳:** كُلُّ الطَّعَامِ مرکب اضافی مبتدا كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر پوشیدہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول حَرَّمَ فعل اِسْرَآءِیْلُ مرفوع لفظاً فاعل عَلٰی حرف جار نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ ہوا، مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ كَانَ کا اسم حِلًّا مصدر لِ حرف جار بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول، مِنْ حرف جار قَبْلِ مضاف اَنْ مصدریہ ناصبہ تُنَزَّلَ فعل مجہول التَّوْرٰىةُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، مصدر اپنے دونوں متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر كَانَ، كَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتداء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ قول محذوف قَالَتِ الْيَهُودُ کا مقولہ ہوا۔

قُلْ فعل امر أَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول ہوا فاء جزائیہ اور شرط محذوف ہے إِذَا كُنْتُمْ وَاثِقِينَ مِنْ أَقْوَالِكُمْ۔ ائْتُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِالتَّوْرَاةِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اتْلُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط محذوف جزاء جملہ شرطیہ مقولہ۔ قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ إِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صَادِقِينَ منصوب بالیاء لفظاً اسم فاعل اپنے أَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہوا اس کی جزاء محذوف ہے فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

آیت نمبر ۹۴: فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا افْتَرَىٰ فعل ھو ضمیر فاعل عَلَى اللَّهِ ظرف لغو متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ مِنْ حرف جار بَعْدِ ذَٰلِكَ مرکب اضافی مجرور۔ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ أُولَٰئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمُ ضمیر فصل الظَّالِمُونَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء۔ شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ صَدَقَ اللَّهُ ۗ فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

آیت نمبر ۹۵: قُلْ فعل امر أَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول صَدَقَ فعل ماضی اللَّهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے إِذَا أَرَدْتُمُ النَّجَاةَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ أَوْ رِضَاءَ اللَّهِ۔ اتَّبِعُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِلَّةَ مضاف إِبْرَاهِيمَ ذوالحال حَنِيفًا صیغہ صفت ھو ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر حال۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ كَانَ ناقصہ ھو مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُشْرِكِينَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، كَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانی۔ ذوالحال با حالین مِلَّةَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء شرط محذوف اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًى لِلْعَالَمِينَ ۝

آیت نمبر ۹۶: إِنَّ حرف تحقیق أَوَّلَ مضاف بَيْتٍ موصوف وُضِعَ فعل مجہول ھو ضمیر مستتر نائب فاعل لِلنَّاسِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ إِنَّ کا اسم لام مزحلقہ الَّذِي اسم موصول با حرف جار بَكَّةَ مجرور بالفتحہ لفظاً، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مُبَارَكًا اسم مفعول ھو مستتر نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ هُدًى مصدر بمعنی اسم فاعل لِلْعَالَمِينَ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق معطوف ہوا۔ معطوف علیہ با معطوف حال ہوئے ذوالحال با حالین إِنَّ کی خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ ۖ وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا ۗ وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾

**آیت نمبر ۹۷:** فِیْهِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اٰیٰتٌ بَیِّنٰتٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَقَامُ اِبْرٰهِیْمَ مرکب اضافی خبر ہے مبتدا محذوف اَحَدُهَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط محلاً مرفوع مبتدا، دَخَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل، ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم، اٰمِنًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِلّٰهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَلَی حرف جار اَلنَّاسِ مبدل منہ، مَنْ اسم موصول، اِسْتَطَاعَ فعل هُوَ مستتر فاعل، اِلَیْهِ متعلق، سَبِیْلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہے، حِجُّ الْبَیْتِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، کَفَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق، اَللّٰهَ اس کا اسم، غَنِیٌّ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل، عَنِ الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾

**آیت نمبر ۹۸:** قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر قول، یَا حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَهْلَ الْكِتَابِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، لِمَ دراصل لِمَا ہے، لام حرف جار، مَا اسم استفہام محلاً مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، باء حرف جار، اٰیٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، شَهِیْدٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل، عَلٰی حرف جار، مَا اسم موصول، تَعْمَلُوْنَ فعل، واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَكْفُرُوْنَ کی واؤ ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾

**آیت نمبر ۹۹:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، یَا اَهْلَ الْكِتَابِ کی ترکیب ابھی گزری ہے اور یہ ندا ہے، لِمَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، عَنْ حرف جار، سَبِیْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، مَنْ اسم موصول، اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ تَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، هَا ضمیر ذوالحال، عِوَجًا بمعنی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۵۹:** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ معطوف علیہ واؤ حرف عطف اُولِي الْاَمْرِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فَاِنْ حرف شرط تَنَازَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْ شَیْءٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اَللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰہِ باء حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَرُدُّوْہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل تَاْوِیْلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّھُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَحَاکَمُوْٓا اِلَی الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ یَّکْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَیُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّضِلَّھُمْ ضَلٰلًا بَعِیْدًا ۝۶۰

**آیت نمبر ۶۰:** ھمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِمَا باء حرف جار مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قَبْلِکَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم وخبر یَزْعُمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یَتَحَاکَمُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اُمِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یَکْفُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ حال، ذوالحال با حال یَتَحَاکَمُوْا کا فاعل اِلَی الطَّاغُوْتِ جار با مجرور، متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یَزْعُمُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ عاطفہ یُرِیْدُ فعل اَلشَّیْطٰنُ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ ضَلٰلًا بَعِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعولین بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یُرِیْدُوْنَ کا معطوف ہے۔

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ تَعَالَوْا اِلٰی مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ وَاِلَی الرَّسُوْلِ رَاَیْتَ الْمُنٰفِقِیْنَ یَصُدُّوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿٦١﴾

**آیت نمبر ۶۱:** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول لَهُمْ جار با مجرور محلاً مرفوع نائب فاعل، پھر یہ قول ہوا تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار مَا اسم موصول اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَى الرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ شرط رَاَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل اَلْمُنٰفِقِيْنَ مفعول بہ اوّل يَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق صُدُوْدًا مفعول مطلق سے مل کر محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿٦٢﴾

**آیت نمبر ۶۲:** فَاء استینافیہ كَيْفَ یہ اصل میں كَيْفَ يَصْنَعُوْنَ ہے يَصْنَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل ہے اِذَا ظرف زمان مضاف اَصَابَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مُصِيْبَةٌ فاعل بَا حرف جار مَا مصدریہ قَدَّمَتْ فعل اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل، مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَحْلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم اِنْ نافیہ اَرَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم حال، ذوالحال با حال جَآءُوْا کا فاعل، کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ يَصْنَعُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًاۢ بَلِيْغًا ﴿٦٣﴾

**آیت نمبر ۶۳:** اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَعْلَمُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَا اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتْ حَالُهُمْ كَذٰلِكَ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ حرف عطف عِظْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق اوّل فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ متعلق ثانی قَوْلًا بَلِيْغًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴:** واؤ استینافیہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار زائدہ رَسُوْلٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُطَاعَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِاِذْنِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو مستثنیٰ مفرغ اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم اِذْ مضاف ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مضاف علیہ، مضاف با مضاف الیہ جَآءُوْا کا مفعول فیہ مقدم جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کی ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ فاء حرف عطف اِسْتَغْفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ حرف عطف اِسْتَغْفَرَ فعل لَهُمْ متعلق الرَّسُوْلُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ حرف عطف اِسْتَغْفَرَ فعل لَهُمْ متعلق اَلرَّسُوْلُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل با فاعل شرط، لام جوابیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ اول، تَوَّابًا رَّحِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵:** فاء استینافیہ لَا زائدہ واؤ قسمیہ جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰى حرف جر و غایت يُحَكِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ فِيْ حرف جار مَا اسم موصول شَجَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور يُحَكِّمُوْا کے متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف لَا يَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، حَرَجًا موصوف مِنْ حرف جار مَا قَضَيْتَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اول ہوا واؤ حرف عطف يُسَلِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تَسْلِيْمًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین حَتّٰى کا مجرور، جار با مجرور لَا يُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۶:** واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ اَوْ حرف عطف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اُخْرُجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ دِيَارِكُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر كَتَبْنَا کا مفعول ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثبت کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط ما نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كائنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حرف عطف لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول يُوْعَظُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثبت کا فاعل، فعل بافاعل شرط لام جوابیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَشَدَّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل تَثْبِيْتًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَّ اِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّاۤ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۶۷﴾ وَّ لَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾

**آیت نمبر ۶۷، ۶۸:** واؤ حرف عطف اِذًا مفعول فیہ مقدم لام جوابیہ کیونکہ یہاں لَوْ شرطیہ مع فعل کے مقدر ہے اور وہ لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ ہے، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ لَّدُنَّا متعلق اَجْرًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لام جوابیہ هَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِيْنَ ۚ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾

**آیت نمبر ۶۹:** واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُطِعْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا مَعَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ حرف جر اَلنَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مَعَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ كَائِنُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ حَسُنَ فعل اُولٰٓئِكَ ذوالحال رَفِيْقًا حال سے مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾

**آیت نمبر ۷۰:** ذٰلِكَ الْفَضْلُ مرکب توصیفی مبتدا، مِنَ اللّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل اَللّٰهِ اسم الجلالہ ذوالحال عَلِيْمًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رکوع نمبر ۱۰

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِیْعًا ﴿۷۱﴾

**آیت نمبر ۷۱:** یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل حِذْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اِنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال ثُبَاتٍ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف اول اَوْ حرف عطف اِنْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا بمعنی مُجْتَمِعِیْنَ کے ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّیُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِیْدًا ﴿۷۲﴾

**آیت نمبر ۷۲:** واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام مزحلقہ مَنْ اسم موصول لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَیُبَطِّئَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قسم کا جواب، قسم باجواب قسم صلہ، موصول باصلہ اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط اَصَابَتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مُصِیْبَةٌ فاعل سے مل کر شرط، قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، قَدْ علامت فعل اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف لَمْ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مَعَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم شَهِیْدًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَنْعَمَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَیَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهٗ مَوَدَّةٌ یّٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۷۳﴾

**آیت نمبر ۷۳:** واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَصَابَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فَضْلٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، لام جوابیہ لَیَقُوْلَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَا حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، منادیٰ مفعول بہ محذوف ہے قَوْمِیْ، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء، لَیْتَ حرف تمنی، نون وقایہ یاء ضمیر منصوب اس کا اسم كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم مَعَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کے مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ با اسم وخبر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ كَاَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم، لَمْ تَكُنْ فعل ناقص بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهٗ معطوف علیہا معطوف كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَوَدَّةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر كَاَنْ کی خبر، كَاَنْ با اسم وخبر جملہ اسمیہ معترضہ ہوا۔ فاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَفُوْزَ فعل اَنَا مستتر فاعل فَوْزًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ومفعول مطلق جواب تمنی ہے۔

**فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝**

**آیت نمبر ۷۴:** فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ هٰذَا كُلَّهٗ لِيُقَاتِلْ فعل امر فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے الَّذِيْنَ اسم موصول يَشْرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ بِالْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل امر با فاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُقَاتِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ يُقْتَلْ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر معطوف اول اَوْ حرف عطف يَغْلِبْ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین شرط فاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل نُؤْتِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اول اَجْرًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

**وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝**

**آیت نمبر ۷۵:** واؤ استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا لام حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال لَا تُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ حرف جار سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ حرف عطف الْمُسْتَضْعَفِيْنَ ذوالحال مِنْ جار الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ۔ قول رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اَخْرِجْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جار هٰذِهِ الْقَرْيَةِ مرکب توصیفی ہو کر موصوف الظَّالِمِ اسم فاعل اَهْلُهَا مرکب اضافی فاعل، اسم فاعل با فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور اَخْرِجْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور محلاً منصوب مفعول اول مِنْ حرف جار لَدُنْكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، وَلِيًّا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اول وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا کی ترکیب وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا کی مثل ہے اور یہ معطوف ثانی ہے، معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ الَّذِيْنَ کا صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت سَبِيْلِ اللّٰهِ کا معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف فِيْ کا مجرور، جار با مجرور لَا تُقَاتِلُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال لام کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْۤا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ ۚ اِنَّ كَیْدَ الشَّیْطٰنِ كَانَ ضَعِیْفًا ﴿۷۶﴾

**آیت نمبر ۷۶:** اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول با صلہ مبتدا، یُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ مبتدا، یُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ۔ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَیْدَ الشَّیْطٰنِ مرکب اضافی اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم ضَعِیْفًا خبر سے مل کر خبر اِنَّ، اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَ قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۫ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۷﴾

**آیت نمبر ۷۷:** ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كُفُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَیْدِیَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَقِیْمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف اول، واؤ حرف عطف اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلزَّكٰوةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فاء عاطفہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، كُتِبَ فعل مجہول عَلَیْهِمْ متعلق اَلْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر شرط، اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم، فَرِیْقٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، یَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، کاف حرف جار خَشْیَةِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف اَشَدَّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل خَشْیَةً تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف خَشْیَةً کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے، ادعو ندا ہے، لِمَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، كَتَبْتَ فعل تاء متحرک ضمیر فاعل عَلَیْنَا متعلق اَلْقِتَالَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ ندا ہو کا جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَوْلَا حرف تحضیض غیر عامل، اَخَّرْتَ فعل بافاعل، تَ ضمیر فاعل، نَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلٰی حرف جار، اَجَلٍ قَرِیْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یہ بھی قول کا مقولہ ہے۔

قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَتَاعُ الدُّنْیَا مرکب اضافی مبتدا، قَلِیْلٌ خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْاٰخِرَةُ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل، ہِیَ مستتر فاعل، لِ حرف جار، مَنْ اسم موصول، اِتَّقٰی فعل، ھُوَ ضمیر فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، دونوں مل کر متعلق، اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول، واؤ ضمیر نائب فاعل، فَتِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰۤؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا یَكَادُوْنَ یَفْقَهُوْنَ حَدِیْثًا ۝۷۸

**آیت نمبر ۷۸:** اَیْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تَکُوْنُوْا فعل تام واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، یُدْرِكْ فعل، اَلْمَوْتُ فاعل کُمْ ضمیر منصوب ذوالحال، واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط، کُنْتُمْ فعل ناقص، تُمْ ضمیر اس کا اسم، فِیْ حرف جار، بُرُوْجٍ موصوف مُشَیَّدَةٍ اسم مفعول ہِیَ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، جزاء محذوف ہے یُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ، شرط با جزاء حال، ذوالحال با حال یُدْرِكْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استیغنافیہ اِنْ حرف شرط، تُصِبْ فعل، ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، حَسَنَةٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِنْ حرف شرط، تُصِبْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سَیِّئَةٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ عِنْدِكَ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، کُلٌّ مبتدا (چونکہ اس میں عموم کا معنی پایا جاتا ہے اس لئے اس کا مبتدا بنانا درست ہے) مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا، لام حرف جار، هٰۤؤُلَآءِ الْقَوْمِ مرکب توصیفی ذوالحال، لَا یَكَادُوْنَ فعل مقارب، واؤ ضمیر اس کا اسم، یَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، حَدِیْثًا مفعول بہ سے مل کر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ز وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ط وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾

**آیت نمبر ۷۹:** مَا اسم شرط مبتدا، اَصَابَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال، مِنْ حَسَنَةٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کَ ضمیر منصوب مفعول، فعل با فاعل ومفعول بہ شرط، فاء جزائیہ مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف هِيَ کی، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا اسم شرط مبتدا، اَصَابَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْ سَيِّئَةٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، کَ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ شرط، فاء جزائیہ مِنْ نَّفْسِكَ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف هِيَ کی خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال رَسُوْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ لِلنَّاسِ متعلق، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰى فعل بَاء حرف جار زائد اَللّٰهِ اسم الجلالہ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال شَهِيْدًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ مستانفہ ہوا۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ج وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾

**آیت نمبر ۸۰:** مَنْ اسم شرط مبتدا، يُطِعْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت، فعل اَطَاعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مَنْ اسم شرط مبتدا، تَوَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال عَلَيْهِمْ متعلق مقدم حَفِيْظًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ز فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ط وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ج فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾

**آیت نمبر ۸۱:** واؤ استینافیہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، طَاعَةٌ خبر ہے مبتدا محذوف شَأْنُنَا کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَرَزُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ عِنْدِكَ متعلق سے مل کر شرط، بَيَّتَ فعل طَآئِفَةٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل غَيْرَ مضاف اَلَّذِيْ اسم موصول تَقُوْلُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ غَيْرَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، يَكْتُبُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يُبَيِّتُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کذالک یلاین فَعَلُوا ذٰلِکَ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَكَّلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا کی ترکیب وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا کی طرح ہے آیت نمبر ۷۰ میں گزر چکی ہے۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾

**آیت نمبر ۸۲:** ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے یُعْرِضُوْنَ عَنِ الْقُرْاٰنِ لَا يَتَدَبَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْقُرْاٰنَ ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط لام جوابیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق اِخْتِلَافًا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾

**آیت نمبر ۸۳:** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ مستتر مفعول بہ اَمْرٌ موصوف مِنْ حرف جار اَلْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، اَذَاعُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ حرف شرط رَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَى الرَّسُوْلِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اُولِي الْاَمْرِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط لام جوابیہ عَلِمَ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَسْتَنْۢبِطُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ عَلِمَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْلَا امتناعیہ فَضْلُ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ، معنیً فاعل عَلَيْكُمْ متعلق ہوئے، مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق معطوف علیہ واؤ حرف عطف رَحْمَتُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتداء اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَانِ مبتدا با خبر شرط لام جوابیہ اِتَّبَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ فاعل اَلشَّيْطٰنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۸۴:** فَا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ یا اِنْ تَرَکُوْکَ مُنْفَرِدًا۔ قَاتِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال لَا تُکَلَّفُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء نَفْسَکَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَ حرف عطف حَرِّضِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ عَسٰی فعل مقارب اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم اَنْ حرف مصدری ناصب یَکُفَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاْسَ مضاف اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ [illegible] ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بَاْسًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ ہوا وَ حرف عطف اَشَدُّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل تَنْکِیْلًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

**مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّكُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ مِّنْهَا ۚ وَ مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَیِّئَةً یَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ﴿۸۵﴾**

**آیت نمبر ۸۵:** مَنْ اسم شرط مبتدا، یَشْفَعْ فعل ھُوَ مستتر فاعل شَفَاعَةً حَسَنَةً مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر شرط، یَکُنْ فعل ناقص لَہٗ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِیْبٌ موصوف مِنْھَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَ حرف عطف مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَیِّئَةً یَّکُنْ لَّہٗ کِفْلٌ مِّنْھَا کی ترکیب مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّکُنْ لَّہٗ نَصِیْبٌ مِّنْھَا کی مثل ہے اور یہ معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم مُقِیْتًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

**وَ اِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَاۤ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ﴿۸۶﴾**

**آیت نمبر ۸۶:** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حُیِّیْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل بِتَحِیَّةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَا جزائیہ حَیُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَا حرف جار اَحْسَنَ اسم تفضیل ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْھَا متعلق سے مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا اَوْ حرف عطف رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم حَسِیْبًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

**اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حَدِيثًا ﴿٨٧﴾

**آیت نمبر ۸۷:** اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا لَا نفی جنس اِلٰہَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر اِلٰہَ کے محل سے بدل ہے مبدل منہ بابدل لَا کا اسم اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ لَا بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَیَجْمَعَنَّکُمْ لام موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے یَجْمَعَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰی حرف جار یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی ذوالحال لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْہِ جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر لَا نفی جنس با اسم وخبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا اَصْدَقُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰہِ متعلق حَدِیْثًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿٨٨﴾

**آیت نمبر ۸۸:** فَاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا لام حرف جار کُمْ ضمیر محلاً مجرور ذوالحال فِی الْمُنٰفِقِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم فِئَتَیْنِ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال کُمْ ضمیر کا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا اَرْکَسَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ باء حرف جار مَا کَسَبُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ اَلْمُنٰفِقِیْنَ سے حال ہے۔

ھمزہ حرف استفہام تُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ناصبہ تَھْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول اَضَلَّ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر تُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یُضْلِلْ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر شرط فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَہٗ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سَبِیْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٨٩﴾

**آیت نمبر ۸۹:** وَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ حرف مصدریہ تَکْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف حرف جار مَا کَفَرُوْا بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف کُفْرًا کے تَکْفُرُوْنَ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعول مطلق معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



علیہ، فَ حرف عطف تَكُوْنُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، سَوَآءً مُسْتَوِیِیْنَ کے معنی میں ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر وَدُّوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَ فائے فصیحہ ہے اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ یا اِنْ بَانَتْ عَدَاوَتُهُمْ، لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور ہو کر منصوب مفعول بہ اول، اَوْلِیَآءَ مفعول بہ ثانی، حَتّٰی حرف جار وغایت یُهَاجِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، فَ جزائیہ خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، وَ حرف عطف اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَیْثُ مضاف وَجَدْتُّمُوْ فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر حَیْثُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ وَ حرف عطف لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اول، وَلِیًّا معطوف علیہ، وَ حرف عطف لَا زائدہ نَصِیْرًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ اِلٰی قَوْمٍۢ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ یُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ یُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَیْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ یُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَیْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَیْهِمْ سَبِیْلًا ۹۰

**آیت نمبر ۹۰:** اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَصِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار قَوْمٍ موصوف بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ معطوف علیہ با معطوف کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، مِیْثَاقٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال حَصِرَتْ فعل صُدُوْرُهُمْ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر حَصِرَتْ کا مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول لہ حال، ذوالحال با حال جَآءُوْا کا فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلَّذِیْنَ کا صلہ، موصول با صلہ خُذُوْهُمْ اور اُقْتُلُوْهُمْ کی ضمیر منصوب سے مستثنیٰ ہے۔

وَ اؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر شرط، لَ لام جوابیہ سَلَّطَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَیْكُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَ حرف عطف لَ لام برائے تاکید قٰتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَ استینافیہ اِنْ حرف شرط اِعْتَزَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَ حرف عطف لَمْ یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، وَ اؤ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عطف اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْکُمْ متعلق اَلسَّلَمَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط فا جزائیہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالۃ فاعل لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کا متعلق ہو کر مفعول بہ اول عَلَیْہِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سَبِیْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِیْنَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّاْمَنُوْكُمْ وَ یَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِیْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ یَعْتَزِلُوْكُمْ وَ یُلْقُوْۤا اِلَیْكُمُ السَّلَمَ وَ یَكُفُّوْۤا اَیْدِیَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَ اقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَ اُولٰٓىِٕكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴿۹۱﴾

**آیت نمبر ۹۱** سین علامت فعل تَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اٰخَرِیْنَ موصوف یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یَاْمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف یَاْمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر یُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صفت، موصوف با صفت تَجِدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كُلَّمَا حرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَى الْفِتْنَةِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل، متعلق شرط، اُرْكِسُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط لَمْ یَعْتَزِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف یُلْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْكُمْ متعلق اَلسَّلَمَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ یَكُفُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَیْدِیَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ خُذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، حَیْثُ مضاف ثَقِفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اقْتُلُوْا کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُولٰٓىِٕكُمْ اسم اشارہ مبتدا جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ اول، عَلَیْهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۳ ❁

وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّ دِیَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَ اِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ فَدِیَةٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰٓ أَهۡلِهِۦ وَتَحۡرِيرُ رَقَبَةٖ مُّؤۡمِنَةٖۖ فَمَن لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ
تَوۡبَةٗ مِّنَ ٱللَّهِۗ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمٗا ﴿٩٢﴾

**آیت نمبر ۹۲:** واؤ استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لِمُؤۡمِنٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، أَن حرف مصدری ونصب یَقۡتُلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مُؤۡمِنًا مفعول بہ إِلَّا حرف استثناء خَطَـًٔا بواسطہ موصوف محذوف قَتۡلًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَن اسم شرط مبتدا، قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مُؤۡمِنًا مفعول بہ خَطَـًٔا بواسطہ موصوف محذوف مفعول مطلق چاروں مل کر شرط، فا جزائیہ تَحۡرِيرُ مضاف رَقَبَةٖ مُّؤۡمِنَةٖ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف دِيَةٌ موصوف مُّسَلَّمَةٌ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل، إِلَىٰٓ أَهۡلِهِۦ جار با مجرور متعلق ہوئے، إِلَّا حرف استثناء أَن حرف مصدری ونصب یَصَّدَّقُوا فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مضاف الیہ وَقۡتَ مضاف محذوف کا، مضاف با مضاف الیہ مُسَلَّمَةٌ کا مفعول فیہ، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ دِيَةٌ کی صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف اَلْوَاجِبُ کی، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَن کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

فا استینافیہ إِن حرف شرط کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ ھُوَ مُؤۡمِنٌ مبتدا با خبر ذوالحال با حال اسم، مِن حرف جار قَوۡمٍ موصوف عَدُوٍّ موصوف لَّكُمۡ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت قَوۡمٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر شرط، فا جزائیہ تَحۡرِيرُ مضاف رَقَبَةٖ مُّؤۡمِنَةٖ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْوَاجِبُ کی، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ إِن حرف شرط کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِن حرف جار قَوۡمٍ موصوف بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُم معطوف علیہ با معطوف کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مِّيثَٰقٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر قَوۡمٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر شرط، فا جزائیہ دِيَةٌ موصوف مُّسَلَّمَةٌ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل إِلَىٰٓ أَهۡلِهِۦ متعلق سے مل کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَحۡرِيرُ رَقَبَةٖ مُّؤۡمِنَةٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف اَلْوَاجِبُ کی، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فا استینافیہ مَن اسم شرط مبتدا لَّمۡ يَجِدۡ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فا جزائیہ صِيَامُ مضاف شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْوَاجِبُ کی، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَن کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ تَوۡبَةٗ موصوف مِّنَ ٱللَّهِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول لہ فعل محذوف شَرَعَ اللّٰہُ ذٰلِکَ کا، واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص ٱللَّهُ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلِيمًا حَكِيمٗا دو خبر، فعل ناقص با اسم وخبریں جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَمَن يَقۡتُلۡ مُؤۡمِنٗا مُّتَعَمِّدٗا فَجَزَآؤُهُۥ جَهَنَّمُ خَٰلِدٗا فِيهَا وَغَضِبَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِ وَلَعَنَهُۥ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



أَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ﴿۹۳﴾

**آیت نمبر ۹۳** واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَقْتُلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مُؤْمِنًا مفعول بہ مُتَعَمِّدًا مفعول مطلق، فعل با فاعل ومفعولین شرط، فاء جزائیہ جَزَآؤُهٗ مرکب اضافی مبتدا جَهَنَّمُ خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ خَالِدًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فِيهَا متعلق سے مل کر جزآؤہٗ کی ضمیر سے حال ہے۔ واؤ حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے حَكَمَ اللّٰهُ بِأَنَّ جَزَآءَهٗ جَهَنَّمُ، غَضِبَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر معطوف اول ہوا واؤ حرف عطف لَعَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق عَذَابًا عَظِيمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ محذوف با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوا وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ أَلْقَىٰ إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُونَ عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ ۚ كَذَٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوا ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿۹۴﴾

**آیت نمبر ۹۴** يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے۔ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ضَرَبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل فِيْ جارہ سَبِيلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم شرط، فاء جزائیہ تَبَيَّنُوا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَقُولُوا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال تَبْتَغُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَرَضَ مضاف اَلْحَيَاةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال لَا تَقُولُوا کا فاعل، لام جارہ مَنْ موصول اَلْقٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلسَّلَامَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اَلْقٰى کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول، لَسْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فاء تعلیلیہ عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ تعلیلیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فعل ناقص کا اسم، فعل ناقص با اسم و خبر مقدم معطوف علیہ، فاء عاطفہ مَنَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا فاعل عَلَيْكُمْ متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ هٰذَا الْاَمْرَ تَبَيَّنُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر اس کا اسم، باء حرف جار مَا موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور خَبِيْرًا کے متعلق مقدم خَبِيْرًا

**آیت نمبر ۱۰۵:** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے عَلَيْكُمْ اسم فعل اِلْزَمُوْا کے معنی میں ہے، اِلْزَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا کا جواب ہوا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ لَا يَضُرُّ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مَنْ اسم موصول ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ دال بر جزاء مقدم ہوا اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِهْتَدَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط مؤخر، پھر شرط دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِلَى اللّٰهِ میں اِلٰی حرف جار اَللّٰهِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنٌ شبہ فعل کے، کَائِنٌ شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ہوا مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا میں مَرْجِعُ مضاف كُمْ ضمیر ذوالحال، جَمِيْعًا بمعنی مُجْتَمِعِیْنَ ہو کر حال، ذوالحال با حال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر معطوف علیہ، فاء حرف عطف يُنَبِّئُ فعل ھُوَ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، بِمَا حرف جار مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل فاعل سے مل کر كُنْتُمْ کی خبر، كُنْتُمْ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر مَا موصولہ کے لئے صلہ، مَا موصولہ اپنے صلہ سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر يُنَبِّئُ فعل کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۰۶:** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اثْنٰنِ موصوف ذَوَا عَدْلٍ مرکب اضافی صفت اولیٰ مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف اٰخَرٰنِ موصوف مِنْ حرف جار غَيْرِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصوف باصفت معطوف، معطوف خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر ندا کا جواب، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بر حضر۔ حَضَرَ فعل أَحَدَكُمُ مرکب اضافی مفعول بہ، الْمَوْتُ فاعل، حِيْنَ الْوَصِيَّةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے فَشَهَادَةُ اثْنَيْنِ ثَابِتَةٌ شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنْ حرف شرط أَنْتُمْ یہ اصل میں ضَرَبْتُمْ ہے ضَرَبْتُمْ فعل با فاعل مفسر ضَرَبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، فِي الْأَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر، مفسر با مفسر معطوف علیہ، فَا حرف عطف أَصَابَتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مُصِيبَةُ الْمَوْتِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَالشَّاهِدَانِ آخَرَانِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔

تَحْبِسُوْنَ فعل، واؤ ضمیر فاعل، هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ حرف جار، بَعْدِ الصَّلٰوةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَا عاطفہ، يُقْسِمَانِ فعل الف ضمیر فاعل، بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قسم، لَا نَشْتَرِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے۔ ثَمَنًا ذوالحال، واؤ حالیہ، لَوْ شرطیہ، كَانَ فعل ناقص، هُوَ مستتر اسم، ذَا قُرْبٰى مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَلَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا شرط باجزاء حال، ذوالحال باحال لَا نَشْتَرِيْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، لَا نَكْتُمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، شَهَادَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم باجواب قسم تَحْبِسُوْنَ کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

إِنْ شرطیہ، ارْتَبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط اور جزاء محذوف ہے فَحَلِّفُوْهُمَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم، إِذًا حرف جزا ہے، و جزاء مہملہ، لَا م مزحلقہ، مِنَ الْاٰثِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، إِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَإِنْ عُثِرَ عَلٰٓى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ إِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ إِنَّآ إِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۰۷:** فَا استینافیہ، إِنْ حرف شرط، عُثِرَ فعل مجہول، عَلٰى حرف جار، أَنَّ حرف تحقیق، هُمَا ضمیر منصوب اس کا اسم، اِسْتَحَقَّ فعل الف ضمیر فاعل، إِثْمًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ، أَنَّ کی خبر، أَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور عُثِرَ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ شرط، فَا جزائیہ، اٰخَرٰنِ موصوف، مِنْ حرف جار، الَّذِيْنَ اسم موصول، اِسْتَحَقَّ فعل، عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق، الْاَوْلَيٰنِ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر اٰخَرٰنِ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا، يَقُوْمٰنِ فعل الف ضمیر فاعل، مَقَامَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَا عاطفہ، يُقْسِمٰنِ فعل با الف ضمیر فاعل، بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قسم، لام جواب، شَهَادَتُنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مرکب اضافی مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل مِنْ شَهَادَتِهِمَا مستتر فاعل مِنْ شَهَادَتِهِمَا ظرف لغو متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر قسم کا جواب، قسم با جواب قسم معطوف، معطوف علیہ با معطوف اٰخَرَانِ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا اعْتَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء لَّمِنَ لام مزحلقہ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اسْمَعُوْا ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ۠ ﴿۱۰۸﴾

**آیت نمبر ۱۰۸** ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَدْنٰى مضاف، اَنْ حرف مصدری ناصبہ يَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِ حرف جار اَلشَّهَادَةِ مجرور، جار با مجرور متعلق اول عَلٰى وَجْهِهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے فعل با فاعل و متعلقین معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَخَافُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ناصبہ تُرَدَّ فعل مجہول اَيْمَانٌ نائب فاعل بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر يَخَافُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر اَدْنٰى کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، لَا يَهْدِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَ عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۫ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَ كَهْلًا ۚ وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۚ وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾

**آیت نمبر ۱۰۹ تا ۱۱۰** يَوْمَ مضاف يَجْمَعُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلرُّسُلَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عاطفہ یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول اُجِبْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبدل منہ، اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر قول، یَا حرف ندا، اُدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل عِیْسٰی محلاً منصوب موصوف اِبْنَ مَرْیَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نِعْمَتِیْ مصدر مضاف یَاء ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل عَلَیْکَ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی حرف جر وَالِدَتِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف نِعْمَتِیْ کے متعلق ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف اَیَّدْتُّ فعل تَاء مضموم ضمیر فاعل کَ ضمیر منصوب ذوالحال تُکَلِّمُ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال فِی الْمَھْدِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَھْلًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال تُکَلِّمُ کا فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اَیَّدْتُّ کا مفعول بہ، بَاء حرف جر رُوْحِ الْقُدُسِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف عَلَّمْتُ فعل تَاء مضموم فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَلْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَالتَّوْرٰۃَ وَالْاِنْجِیْلَ معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف تَخْلُقُ فعل اَنْتَ ضمیر ذوالحال بِاِذْنِیْ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل مِنَ الطِّیْنِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، کاف بمعنی مِثْل مضاف ھَیْئَۃِ الطَّیْرِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَنْفُخُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل فِیْھَا جار با مجرور، متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اول، فَاء عاطفہ تَکُوْنُ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال بِاِذْنِیْ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسَۃً کے متعلق ہو کر اسم، طَیْرًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُبْرِئُ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال بِاِذْنِیْ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، اَلْاَکْمَہَ وَالْاَبْرَصَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ اِذْ کا مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف تُخْرِجُ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال بِاِذْنِیْ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلْمَوْتٰی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف کَفَفْتُ فعل تَاء مضموم فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، عَنْکَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اِذْ مضاف جِئْتَ فعل تَاء مفتوح ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، بِالْبَیِّنٰتِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ ھٰذَآ اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی مستثنٰی مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



الیہ کَفَفْتُ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ ہو کر اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ یَغْشِیَ کا مفعول فیہ یَغْشِیَ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ معنی فاعل و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر اُذْکُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ندا کا جواب، ندا اپنے جواب ندا سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ یَوْمَ سے بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَا نفی جنس کا عِلْمَ اس کا اسم لَنَا جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، عَلَّامُ الْغُیُوْبِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاِذْ اَوْحَیْتُ اِلَى الْحَوَارِیّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِیْ وَبِرَسُوْلِیْ ۚ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱۱** واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف اَوْحَیْتُ فعل تا مضموم ضمیر فاعل اِلَى الْحَوَارِیّٖنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسَّر، اَنْ حرف تفسیر اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِیْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ با جارہ رَسُوْلِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو اٰمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر اِذْ کا مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر یہ معطوف ہے اِذْ اَیَّدْتُّکَ پہ۔ آگے قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِشْهَدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، باء جارہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل، فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ هَلْ یَسْتَطِیْعُ رَبُّكَ اَنْ یُّنَزِّلَ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱۲** اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اَلْحَوَارِیُّوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ کی ترکیب اوپر آیت نمبر ۱۱۰ کے شروع میں گزری ہے اور یہ ندا ہے، هَلْ حرف استفہام یَسْتَطِیْعُ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، اَنْ حرف مصدری ناصبہ یُنَزِّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَآئِدَةً موصوف مِنَ السَّمَآءِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت یُنَزِّلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَسْتَطِیْعُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، اِذْ اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاجْتَنِبُوْا فِيْهِ الشُّبُهَاتِ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَ نَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَ نَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۳:** قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، نُرِيْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، اَنْ حرف مصدری ناصب نَاْكُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَطْمَئِنَّ فعل قُلُوْبُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ نَعْلَمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، اَنْ مخففہ من المثقلہ، کاف ضمیر شان مقدر اس کا اسم، قَدْ علامت فعل، صَدَقْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ نَكُوْنَ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم، عَلَيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، مِنَ حرف جار، اَلشّٰهِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر نُرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَ ارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۴:** قَالَ فعل عِيْسَى موصوف اِبْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَللّٰهُمَّ اصل میں یَا اَللّٰهُ ہے اور یہ ندا ہے، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ دوسرا ندا ہے، اَنْزِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَآئِدَةً موصوف مِنَ السَّمَآءِ ظرف مستقر كَآئِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اول، تَكُوْنُ فعل ناقص هِيَ مستتر اس کا اسم لَنَا جار با مجرور مبدل منہ، لام جارہ اَوَّلِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰخِرِنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل ظرف مستقر كَآئِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم، عِيْدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰيَةً موصوف مِنْكَ جار با مجرور كَآئِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مَآئِدَةً کی دوسری صفت، موصوف با صفتین اَنْزِلْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُرْزُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتَ ضمیر مبتداء خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل، نَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا دوم کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱۵:** قَالَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر منصوب اس کا اسم مُنَزِّلُ اسم فاعل مضاف ھَا ضمیر مضاف الیہ عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اسم فاعل اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استیعابیہ مَنْ اسم شرط مبتداء یَکْفُرْ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل بَعْدُ مبنی بر ضم مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر منصوب اس کا اسم اُعَذِّبُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَذَابًا موصوف مِنَ الْعٰلَمِیْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صفت عَذَابًا موصوف اپنے صفت سے مل کر مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۶ ❁

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝

**آیت نمبر ۱۱۶:** واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ اس کی ترکیب اوپر آیت نمبر ۱۱۰ میں گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے ھمزۃ حرف استفہام اَنْتَ ضمیر مبتدا قُلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل لِلنَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول اِتَّخِذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ ہوا و بمعنی مَعَ اُمِّیْ مرکب اضافی مفعول معہ اِلٰھَیْنِ موصوف مِنْ جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول بہ ہے۔

قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول سُبْحٰنَکَ مرکب اضافی فعل محذوف نُسَبِّحُکَ کا مفعول مطلق ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ یَکُوْنُ فعل ناقص لِیْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری ناصب اَقُوْلَ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم لِیْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بِ حرف جار زائدہ حَقٍّ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال لَیْسَ کی خبر، فعل ناقص با اسم

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



وخبر صلہ، موصول باصلہ اَقُوْلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر یَكُوْنُ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اس کا اسم قُلْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، عَلِمْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزا، شرط باجزا جملہ شرطیہ ہوا۔ تَعْلَمُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِیْ نَفْسِیْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہوکر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا اَعْلَمُ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول فِیْ نَفْسِكَ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہوکر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معللہ ہوا۔ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اس کی ترکیب اوپر آیت ۱۰۹ میں گزر چکی ہے۔

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبَّكُمْ ۚ وَ كُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَ اَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۱۷﴾

**آیت نمبر ۱۱۷:** مَا نافیہ قُلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ اَمَرْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر مفعول بہ بِہٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَنْ مصدریہ اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ موصوف رَبِّیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبَّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف صفت، موصوف باصفت اُعْبُدُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل قُلْتُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم عَلَیْهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم شَهِیْدًا صیغہ صفت اَنَا مستتر اس کا فاعل مَا دُمْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم فِیْهِمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوکر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا شَهِیْدًا کا، صیغہ صفت با فاعل ومفعول فیہ ومتعلق مقدم شبہ جملہ ہوکر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء استینافیہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم تَوَفَّیْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلرَّقِیْبَ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، عَلٰی جار كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم شَهِیْدٌ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل، متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَ اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۱۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۱۱۸:** اِنْ حرف شرط تُعَذِّبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر شرط فَاِنَّھُمْ فا جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم عِبَادُكَ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَغْفِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر شرط فَاِنَّكَ فا جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اَنْتَ مبتدا الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۭ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

**آیت نمبر ۱۱۹:** قَالَ اللّٰهُ فعل اور فاعل مل کر قول ھٰذَا مبتدا یَوْمُ مضاف یَنْفَعُ فعل الصّٰدِقِیْنَ مفعول بہ صِدْقُھُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِھَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاَنْھٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَنّٰتٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ خٰلِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل فِیْھَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَبَدًا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر اَلْاَنْھٰرُ کا حال ہے۔ رَضِیَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْہُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا اور یہ بھی درست ہے کہ یہ جملہ دعائیہ معترضہ ہو۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

**آیت نمبر ۱۲۰:** لِلّٰہِ جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول فِیْھِنَّ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا عَلٰی جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ترکیب سُوْرَةُ الْأَنْعَامِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ۬ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ①

**آیت نمبر ۱** اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جار، اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف، اَلَّذِيْ اسم موصول، خَلَقَ فعل، هُوَ ضمیر فاعل، اَلسَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ابتدائیہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، باء جارہ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْدِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ابتدائیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ②

**آیت نمبر ۲** هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ طِيْنٍ ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ قَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَجَلًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استئنافیہ اَجَلٌ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مبتدا عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، تَمْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③

**آیت نمبر ۳** واؤ استئنافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَللّٰهُ بمعنی اَلْمَعْبُوْدُ اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل فِي السَّمٰوٰتِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِي الْاَرْضِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر اول يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل سِرَّكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَهْرَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف هُوَ کی دوسری خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ④

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



آیت نمبر ۴: واؤ استئنافیہ مَا نافیہ تَأْتِي فعل مضارع هِمْ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء كَانُوا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم عَنْهَا جار با مجرور متعلق مقدم مُعْرِضِينَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، مِنْ جارہ زائدہ آيَةٍ موصوف مِنْ جارہ آيَاتِ رَبِّهِمْ مضاف اپنے دونوں مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ⑤**

آیت نمبر ۵: فَ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانُوا مُعْرِضِينَ عَنْهَا قَدْ علامت فعل كَذَّبُوا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے لَمَّا حینیہ مضاف جَاءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَا عاطفہ سَوْفَ علامت فعل يَأْتِي فعل هِمْ مفعول بہ أَنْبَاءُ مضاف مَا اسم موصول كَانُوا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے يَسْتَهْزِئُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ أَنْبَاءُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

**أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ وَأَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ⑥**

آیت نمبر ۶: ہمزہ حرف استفہام لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَمْ استفہامیہ ممیز مِنْ جارہ قَرْنٍ موصوف مَكَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الْأَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا نکرہ تامہ بمعنی شَيْئًا موصوف لَمْ نُمَكِّنْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت شَيْئًا مِنَ التَّمْكِينِ کے معنی میں ہو کر مَكَّنَّا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ أَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے السَّمَاءَ ذوالحال مِدْرَارًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْأَنْهَارَ مفعول بہ اول تَجْرِي فعل هِيَ مستتر فاعل مِنْ تَحْتِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فَا عاطفہ أَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَا جارہ ذُنُوبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ أَنْشَأْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ بَعْدِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے قَرْنًا آخَرِينَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اور مِنْ قَرْنٍ کی صفت، موصوف با صفت كَمْ کی تمیز، ممیز با تمیز مفعول بہ مقدم مِنْ قَبْلِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر لَمْ يَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑦

**آیت نمبر ٧:** واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے کِتٰبًا موصوف فِيْ قِرْطَاسٍ جار بامجرور کائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ، فا عاطفہ لَمَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِاَيْدِيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، لام جوابیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ هٰذَآ اسم اشارہ مبتداء اِلَّا حرف استثناء سِحْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ⑧

**آیت نمبر ٨:** واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْلَا حرف تحضیض اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَلَكٌ نائب فاعل، تینوں مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَلَكًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ قُضِيَ فعل مجہول الْاَمْرُ نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يُنْظَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ⑨

**آیت نمبر ٩:** واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، مَلَكًا مفعول بہ ثانی، یہ تمام مل کر شرط، لام جوابیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول رَجُلًا مفعول بہ ثانی، یہ تمام مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ لَبَسْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول يَلْبِسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑩

**آیت نمبر ١٠:** واؤ استینافیہ لام موطئہ قسم اور قسم وَاللّٰهِ محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اسْتُهْزِئَ فعل مجہول بَا جارہ رُسُلٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ جار بامجرور کائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور محلاً مرفوع نائب فاعل ہوئے، فعل مجہول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



با جواب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فا عاطفہ حَاقَ فعل بآء جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول سَخِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم یَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ حَاقَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

❁ رکوع نمبر ٢ ❁

قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ ۝

**آیت نمبر ١١:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، سِیْرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اُنْظُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل كَیْفَ ظرف زمان كَانَ کا مفعول فیہ ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ محلاً منصوب اُنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

**سوال:** عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ مؤنث ہے اور یہ كَانَ کا اسم ہے تو پھر كَانَ کو مذکر کیوں لایا گیا؟

**جواب:** كَانَ کو مذکر لانے کی وجہ یہ ہے کہ عَاقِبَةُ مؤنث حقیقی نہیں ہے بلکہ مؤنث لفظی اور مجازی ہے۔

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ۭ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

**آیت نمبر ١٢:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لام جارہ مَنْ استفہامیہ محلاً مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول فِیْ جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر هُوَ محذوف کی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

كَتَبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی نَفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَلرَّحْمَةَ مفعول بہ، یہ دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستأنفہ ہوا۔ لام موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے یَجْمَعَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر ذو الحال اِلٰی جارہ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مَحْشُوْرِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذو الحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

لَا نفی جنس رَیْبَ اسم، فِیْهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے یَوْمِ الْقِیٰمَةِ سے۔ اَلَّذِیْنَ اسم موصول خَسِرُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

**آیت نمبر ۱۳** الواو استئنافیہ لَهٗ جار با مجرور ثابتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا موصول سَكَنَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل فِي حرف جار الَّيْلِ معطوف علیہ واؤ حرف عطف النَّهَارِ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ استئنافیہ ہوا۔ واؤ استئنافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، السَّمِيْعُ خبر اول الْعَلِيْمُ خبر ثانی مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۴** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل با فاعل قول، ھمزہ حرف استفہام غَيْرَ مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف فَاطِرِ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مل کر لفظ اَللّٰهِ کی صفت، موصوف باصفت غَيْرَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَتَّخِذُ کا مفعول بہ اول، اَتَّخِذُ فعل اَنَا ضمیر فاعل وَلِيًّا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، يُطْعِمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُطْعَمُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لفظ اَللّٰهِ سے حال ہے۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اُمِرْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب اَكُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم اَوَّلَ مضاف مَنْ اسم موصول اَسْلَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر اُمِرْتُ کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَكُوْنَنَّ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ نہیہ مقولہ، قول محذوف قِيْلَ لِيْ کا، قول با مقولہ معطوف ہے اِنِّيْ پر۔

قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

**آیت نمبر ۱۵** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَذَابَ مضاف يَوْمٍ عَظِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء مقدم، اِنْ حرف شرط عَصَيْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل، دونوں مل کر شرط مؤخر، شرط با جزاء خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



خبریہ ہوا۔

مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۱۶

**آیت نمبر ۱۶:** مَنْ اسم شرط مبتدا، يُصْرَفْ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فا کلمہ جزائیہ قَدْ علامت فعل رَحِمَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْفَوْزُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷

**آیت نمبر ۱۷:** واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط يَمْسَسْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِضُرٍّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فا جزائیہ لَا نفی جنس كَاشِفَ اسم فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل با متعلق اسم، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ یا مَوْجُوْدٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ با بدل نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل لَا کی خبر (حاشیۃ الجمل) لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط يَمْسَسْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بِخَيْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَلَا رَادَّ لَهٗ غَيْرُهٗ شرط با جزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا فا تعلیلیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰى جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، قَدِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱۸

**آیت نمبر ۱۸:** واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْقَاهِرُ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فَوْقَ عِبَادِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ اس کی دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝۱۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۱۹:** قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَیُّ شَیْءٍ مرکب اضافی مبتدا، اَکْبَرُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل شَهَادَةً تمیز، اسم فاعل با فاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، شَهِیْدٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل، بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، بَیْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، صیغہ صفت با فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ، اُوْحِیَ فعل مجہول، اِلَیَّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، ھٰذَا اسم اشارہ موصوف، اَلْقُرْاٰنُ صفت، موصوف با صفت نائب فاعل، لام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اُنْذِرَ فعل، اَنَا مستتر فاعل، كُمْ ضمیر مفعول، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، واؤ بمعنی مَعَ، "مَنْ" اسم موصول، بَلَغَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول معہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے اُوْحِیَ فعل مجہول نائب فاعل اور متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ھمزہ حرف استفہام، اِنَّ حرف تحقیق، كُمْ ضمیر اس کا اسم، لام مزحلقہ برائے تاکید، تَشْهَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، اَنَّ حرف تحقیق، مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، اٰلِهَةً اُخْرٰی مرکب توصیفی اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر تَشْهَدُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَآ اَشْهَدُ فعل، اَنَا مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ فعل امر، اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوف، مَا کافہ، ھُوَ ضمیر مبتدا، اِلٰهٌ وَّاحِدٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، اِنَّ حرف تحقیق، نون وقایہ، یاء ضمیر اس کا اسم، بَرِیْءٌ صیغہ صفت، اَنَا مستتر اس کا فاعل، مِنْ جارہ مَا موصول، تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

**اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۟**

**آیت نمبر ۲۰:** اَلَّذِیْنَ اسم موصول، اٰتَیْنَا فعل، نَا ضمیر فاعل، ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول، اَلْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، ہٗ ضمیر مفعول بہ، کاف جارہ، مَا مصدریہ، یَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، اَبْنَآءَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مَعْرِفَةً کے مفعول مطلق ہوا، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ کی ترکیب اسی سورت کی آیت نمبر ۱۲ میں گزر چکی ہے۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

**وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۱:** واو استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مِمَّنْ جار مِنْ اسم موصول اِفْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، کَذِبًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ کَذَّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاٰیٰتِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل کے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق، ہٗ ضمیر اس کا اسم، لَا یُفْلِحُ فعل اَلظّٰلِمُوْنَ فاعل، فعل با فاعل خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

**وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ۝**

**آیت نمبر ۲۲:** واو استینافیہ یَوْمَ مضاف، نَحْشُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، لام جار، اَلَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَیْنَ ظرف مکان تَزْعُمُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، شُرَکَآؤُکُمْ مرکب اضافی موصوف، اَلَّذِیْنَ اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص، تُمْ ضمیر اس کا اسم، تَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ شُرَکَآؤُکُمْ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول بہ، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

**ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ۝**

**آیت نمبر ۲۳:** ثُمَّ عاطفہ، لَمْ تَکُنْ فعل ناقص، فِتْنَتُھُمْ مرکب اضافی اسم، اِلَّا حرف استثناء، اَنْ مصدریہ، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، واو قسمیہ جارہ، اَللّٰہِ اسم الجلالہ موصوف، رَبِّنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، مَا نافیہ کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُشْرِکِیْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر قسم کا جواب، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

**انْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ ۚ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝**

**آیت نمبر ۲۴:** اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، کَذَبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال کَیْفَ ظرف زمان کَذَبُوْا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال با حال کَذَبُوْا کا فاعل، عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، واو استینافیہ ضَلَّ فعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۖ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِن يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٢٥﴾**

**آیت نمبر ۲۵** واو استئنافیہ مِنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَسْتَمِعُ فعل هُوَ مستتر فاعل إِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو عاطفہ یا حالیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم أَكِنَّةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ أَنْ حرف مصدری ناصبہ يَفْقَهُوا فعل واو ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا یا يَسْتَمِعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واو عاطفہ فِي جار آذَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے اور وَقْرًا بواسطہ عطف جَعَلْنَا کا مفعول بہ ہے۔ واو عاطفہ إِنْ حرف شرط يَرَوْا فعل واو ضمیر فاعل كُلَّ آيَةٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط لَا يُؤْمِنُوا فعل واو ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، یہ تمام مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

حَتَّىٰ ابتدائیہ إِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَاءُوا فعل واو ضمیر ذوالحال يُجَادِلُونَ فعل واو ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ، یہ تمام مل کر حال، ذوالحال با حال جَاءُوا کا فاعل، كَ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، يَقُولُ فعل الَّذِينَ كَفَرُوا موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، إِنْ نافیہ هَٰذَا اسم اشارہ مبتدا إِلَّا حرف استثناء أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ ۖ وَإِن يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٦﴾**

**آیت نمبر ۲۶** واو عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يَنْهَوْنَ فعل واو ضمیر فاعل عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واو حرف عطف يَنْأَوْنَ فعل واو ضمیر ذوالحال، واو حالیہ إِنْ نافیہ يُهْلِكُونَ فعل واو ضمیر فاعل إِلَّا حرف استثناء أَنفُسَهُمْ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واو عاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُونَ فعل واو ضمیر فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال يَنْأَوْنَ کا فاعل عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

**وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢٧﴾**

www.KitaboSunnat.com
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۲۷** واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ مضاف وُقِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلَی النَّارِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول یٰا حرف ندا، اور منادیٰ محذوف ہے قَوْمِی لَیْتَ حرف تمنی نَا ضمیر اس کا اسم نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لَا نُکَذِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل باء جارہ اٰیٰتِ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف اول واؤ عاطفہ نَکُوْنُ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین لَیْتَ کی خبر لَیْتَ با اسم و خبر ندا کا جواب ندا با جواب ندا مقولہ قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرٰی کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور جزاء محذوف ہے لَرَاَیْتَ شَیْئًا عَظِیْمًا شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**فائدہ:** یٰلَیْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُکَذِّبَ بِاٰیٰتِ رَبِّنَا وَنَکُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ یالیتنا لنا رد و انتفاء تکذیبنا بآیات ربنا کی تاویل میں ہے۔

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

**آیت نمبر ۲۸** بَلْ حرف عطف و اضراب بَدَا فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ بَدَا کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط لام جوابیہ عَادُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لام مزحلقہ كٰذِبُوْنَ فعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال عَادُوْا کا فاعل لام جارہ مَا موصول نُهُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور عَادُوْا کے متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَقَالُوْۤا اِنْ هِیَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾

**آیت نمبر ۲۹** واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنْ نافیہ هِیَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء حَیَاتُنَا مرکب اضافی موصوف اَلدُّنْیَا صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم باء جارہ زائدہ مَبْعُوْثِیْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر مَا منصوب خبر مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾

**آیت نمبر ۳۰** واؤ استئنافیہ لَوْ حرف شرط تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف وُقِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰی رَبِّهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول نائب فاعل و متعلق سے مل کر مضاف الیہ پھر یہ مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزا محذوف ہے لَرَاَیْتَ اَمْرًا عَظِیْمًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، همزہ حرف استفہام لَیْسَ فعل ناقص هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم، بَاء زائدہ الْحَقِّ محلا منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلٰی حرف ایجاب غیر عامل، واؤ قسمیہ جارہ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَعْرَضْتُمْ عَنِ الْحَقِّ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص اَنْتُمْ ضمیر اسم، تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾

**آیت نمبر ۳۱** قَدْ حرف تحقیق خَسِرَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِلِقَآءِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول السَّاعَةُ فاعل بَغْتَةً بمعنی مُبَاغِتَةً کے ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل (حاشیہ الجمل) فعل با فاعل و مفعول بہ شرط۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل حَسْرَةَ مصدر مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ عَلٰی جارہ مَا اسم موصول فَرَّطْنَا فعل نَا مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَحْمِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَوْزَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ اَلَا حرف تنبیہ سَآءَ فعل ذم مَا موصول يَزِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے یعنی هُوَ مبتدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۳۲

**آیت نمبر ۳۲** واؤ استینافیہ مَا نافیہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مبتدا اِلَّا حرف استثناء لَعِبٌ وَّلَهْوٌ معطوف علیہ با معطوف خبر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لام ابتدائیہ اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مرکب توصیفی مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل ہی مستتر فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

**سوال:** اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مبتدا مؤنث ہے اور خَيْرٌ خبر مذکر ہے حالانکہ تذکیر اور تانیث کے اعتبار سے دونوں میں مطابقت ضروری ہے؟

**جواب:** یہاں خَيْرٌ مِنْ کے ساتھ مستعمل ہے یہ اصل میں خَيْرٌ مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ہے اور جب اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہو تو وہ ہمیشہ مفرد مذکر آتا ہے۔

ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ لَا تَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝۳۳

**آیت نمبر ۳۳** قَدْ یہاں برائے تحقیق ہے نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لام مزحلقہ يَحْزُنُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ باسم و خبر نَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَا يُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر اِنَّ باسم و خبر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَلظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بِاٰيٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق مقدم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

**سوال:** باب عَلِمَ يَعْلَمُ کے بعد تو اَنَّ آتا ہے تو آیت میں نَعْلَمُ کے بعد اِنَّ کیوں آیا ہے؟

**جواب:** باب عَلِمَ کے بعد اِنَّ اس لئے ہے کہ اس کی خبر پہ لام تاکید یہ داخل ہے۔

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰىٓ اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳۴

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۳۴** واؤ استینافیہ لام موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے واللہ قَدْ علامت فعل، کُذِّبَتْ فعل مجہول رُسُلٌ موصوف مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ مَا مصدریہ کُذِّبُوْا فعل واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اُوْذُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل حَتّٰی حرف غایت وجارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَتٰی فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ نَصْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اُوْذُوْا کے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جواب ہے قسم محذوف کا، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لام موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل كَ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف بَعْضٌ کے فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

**آیت نمبر ۳۵** واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر شان اس کا اسم کَبُرَ فعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے اِعْرَاضُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنْ حرف شرط اِسْتَطَعْتَ فعل تَا متحرک فاعل اَنْ حرف مصدری وناصب تَبْتَغِيَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَفَقًا موصوف فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ سُلَّمًا موصوف فِي السَّمَآءِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَبْتَغِيَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَاْتِيَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بِاٰيَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر اِسْتَطَعْتَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَافْعَلْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اول کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ جَمَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی جارہ الْهُدٰى مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ هٰذَا یا اِنْ عَرَفْتَ مَشِيْئَةَ اللّٰهِ عَدَمَ هِدَايَتِهِمْ لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٣٦﴾**

**آیت نمبر ۳۶** إِنَّ حرف تحقیق کفوفہ مَا کافہ یَسْتَجِیْبُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْمَوْتٰی مفعول بہ فعل محذوف یَبْعَثُ کا یَبْعَثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر مفسر، یَبْعَثُ فعل ھُمْ مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر یَسْتَجِیْبُ پر معطوف ہے۔

**وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٧﴾**

**آیت نمبر ۳۷** واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول لَوْلَا حرف تحضیض نُزِّلَ فعل مجہول عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے۔ اٰیَۃٌ موصوف مِنْ رَّبِّہٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَنْ حرف مصدری وناصب یُنَزِّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اٰیَۃً مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق خبر اِنَّ کی، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لٰکِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یُنَزِّلَ کی ھُوَ ضمیر سے حال ہے، قول پر معطوف ہے۔

**وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم ۚ مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾**

**آیت نمبر ۳۸** واؤ استینافیہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّۃٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ زائدہ طَآئِرٍ موصوف یَطِیْرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاء جارہ جَنَاحَیْہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اُمَمٌ موصوف اَمْثَالُکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ فَرَّطْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِی الْکِتٰبِ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، جملہ ان مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰی رَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق مقدم یُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۳۹

**آیت نمبر ۳۹** وَ واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا، صُمٌّ معطوف علیہ واؤ عاطفہ بُكْمٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اول فِي الظُّلُمٰتِ جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوکر خبر دوم مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَنْ اسم شرط مبتدا يَّشَاِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالۃ فاعل، مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط يُضْلِلْهُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے تمام مل کر جزاء، شرط با جزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا يَّشَاْ فعل هُوَ مستتر فاعل، مفعول بہ محذوف ہے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط يَجْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، عَلٰى حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مَهْدِيًّا کے متعلق ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴۰

**آیت نمبر ۴۰** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام رَءَيْتَ فعل تَاء متحرک فاعل كُمْ حرف خطاب اور اس کا مفعول اول محذوف ہے یعنی اِيَّاهُ، هَمزہ حرف استفہام غَيْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط اَتٰى فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، عَذَابُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَتَتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلسَّاعَةُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنْ تَدْعُوْنَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَادْعُوا الْاَصْنَامَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝۴۱

**آیت نمبر ۴۱** بَلْ حرف عطف بمعنی اضراب اِيَّاهُ مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ يَكْشِفُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْسَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصول تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ تَنْسَوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ يَكْشِفُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سے مل کر شرط اور جزاء محذوف ہے بَلْ اِیَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ شرط اور جزاء مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ۝

**آیت نمبر ۴۲** واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم ہے قسم محذوف ہے واللہ۔ قَدْ حرف تحقیق اَرْسَلْنَاۤ فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰۤى جار اُمَمٍ موصوف مِّنْ قَبْلِكَ جار مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت موصوف صفت مجرور جار مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ الْبَاْسَآءِ والضَّرَّآءِ معطوف علیہ با معطوف مجرور جار مجرور اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَتَضَرَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر یا يَتَضَرَّعُوْنَ کے معنی میں ہو کر اَخَذْنَا کے مفعول سے حال ہے۔

فَلَوْلَاۤ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝

**آیت نمبر ۴۳** فاء عاطفہ یا استینافیہ لَوْلَا حرف تحضیض تَضَرَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف مضاف جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاْسُنَا مرکب اضافی فاعل فعل با فاعل و مفعول بہ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم تَضَرَّعُوْا کا، تَضَرَّعُوْا فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ قَسَتْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل فعل با فاعل معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ زَيَّنَ فعل لَهُمْ جار مجرور متعلق ہوئے الشَّيْطٰنُ فاعل مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول با صلہ زَيَّنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ۝

**آیت نمبر ۴۴** فاء عاطفہ یا استینافیہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم فَتَحْنَا کا نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ جار مجرور متعلق سے مل کر صلہ موصول با صلہ مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ شرط فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار مجرور متعلق ہوئے اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ حَتّٰۤى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَرِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِمَا جار مجرور ما اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور فَرِحُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَخَذْنٰا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَغْتَةً مفعول مطلق من غیر لفظہ، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم مُبْلِسُوْنَ کا هُمْ ضمیر مبتدا مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

**آیت نمبر ۴۵:** فاء عاطفہ قُطِعَ فعل مجہول دَابِرُ مضاف الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مجرور نائب فاعل ہے، فعل مجہول با نائب فاعل اَخَذْنٰا پر معطوف ہے اور اس میں تکلم سے غیبوبت کی طرف انتقال ہے واؤ استئنافیہ اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

**آیت نمبر ۴۶:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، همزہ استفہام رَاَيْتُمْ فعل اس کا مفعول اول محذوف ہے سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ معنیٰ استفہامیہ مبتدا اِلٰهٌ موصوف غَيْرُ اللّٰهِ صفت اول يَاْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، اور بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانی، موصوف با صفتین مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط اَخَذَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل سَمْعَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَبْصَارَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ خَتَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى قُلُوْبِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے فَمَنْ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان يُنْظَرُ كا مفعول فیہ ہو کر اَلْاٰيٰتِ کا حال مقدم نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰيٰتِ ذوالحال، با حال مقدم مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يَصْدِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مجریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾

**آیت نمبر ۴۷:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول همزہ حرف استفہام رَاَيْتَ فعل تاء ملفوظ فاعل كُمْ حرف خطاب اور مفعول بہ اول محذوف ہے عَذَابُ اللّٰهِ هَلْ حرف استفہام يُهْلَكُ فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء اَلْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ مرکب توصیفی

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مقاً منصوب مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط، اَتٰی فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، عَذَابُ اللّٰہِ مرکب اضافی ذوالحال بَغْتَةً اَوْ جَھْرَةً معطوف علیہ با معطوف مُباغِتًا اَوْ مُجاھِرًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے۔ ھَلْ یُھْلَکُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾**

**آیت نمبر ۴۸** واو استینافیہ، مَا نافیہ، نُرْسِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، اَلْمُرْسَلِیْنَ ذوالحال، اِلَّا حرف استثناء، مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ، مَنْ اسم شرط مبتدا، اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واو عاطفہ، اَصْلَحَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ لَا حرف نفی مہملہ، خَوْفٌ مبتدا، عَلَیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واو عاطفہ لَا نافیہ، ھُمْ مبتدا، یَحْزَنُوْنَ فعل واو ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾**

**آیت نمبر ۴۹** واو استینافیہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول، کَذَّبُوْا فعل واو ضمیر فاعل، بِاٰیٰتِنَا ظرف لغو متعلق ہوئے، یہ تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، یَمَسُّ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْعَذَابُ فاعل، باء جارہ، مَا مصدریہ، کَانُوْا فعل ناقص واو ضمیر اسم، یَفْسُقُوْنَ فعل واو ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَمَسُّ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾**

**آیت نمبر ۵۰** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل، لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، خَزَآئِنُ اللّٰہِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، واو عاطفہ لَا اَعْلَمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلْغَیْبَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واو عاطفہ لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَلَکٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قُلْ کا مقولہ، قول با مقولہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا موصول یُوْحٰی فعل مجہول ہُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ هَلْ حرف استفہام یَسْتَوِی فعل الْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ معطوف علیہ با معطوف فاعل فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ ہمزہ حرف استفہام فا عاطفہ از معطوف علیہ محذوف ہے لَا تَتَفَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾

**آیت نمبر ۵۱:** واؤ استئنافیہ اَنْذِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و ناصب يُّحْشَرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال لَيْسَ فعل ناقص لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِّنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِيٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِيْعٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال يُحْشَرُوْا کا نائب فاعل اِلٰى رَبِّهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر يَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ اَنْذِرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اسم يَتَّقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، حرف ترجی با اسم و خبر جملہ انشائیہ ہو کر راجین التقوی کی تاویل میں ہو کر يَخَافُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

**آیت نمبر ۵۲:** واؤ عاطفہ لَا تَطْرُدِ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ با جارہ اَلْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور يَدْعُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ لَا تَطْرُدْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہوا۔ يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَجْهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، یہ تمام مل کر يَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ مَا نافیہ عَلَيْكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر حِسَابِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ مِنْ حِسَابِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مقدم عَلَيْهِمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر ملکر ذوالحال باحال اسم مؤخر، مَا حجازیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ یا مستانفہ ہوا۔

فَاء عاطفہ یا تعقیبیہ فی جواب نفی تَطْرُدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر معطوف ہے، اور اس آیت کی تقدیر عبارت یوں ہے مَا يَكُوْنُ مُؤَاخَذَةٌ كُلِّ وَاحِدٍ بِحِسَابِ صَاحِبِهِ فَكَيْفَ يَقَعُ طَرْدُكَ اِيَّاهُمْ ..... الخ۔ فَاء عاطفہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ کا تَطْرُدَ پر عطف ہے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۵۳** واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِتْنَةً مفعول مطلق مقدم، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِبَعْضٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَام جارہ تعلیلیہ يَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام هٰٓؤُلَآءِ مبتدا، مَنَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے مِنْ بَيْنِنَا جار با مجرور متعلق دوم ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فَتَنَّا کے ..... الخ ھمزہ حرف استفہام لَيْسَ ناقصہ لفظ اَللّٰهُ اس کا اسم، بَا جارہ زائدہ اَعْلَمَ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِالشّٰكِرِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر لَيْسَ با اسم و خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

**آیت نمبر ۵۴** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول سَلٰمٌ مبتدا عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**سوال** سَلٰمٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

**جواب** اس میں دعا کا معنی ہے اور جب نکرہ محل دعا میں ہو تو اس کا مبتدا واقع ہونا درست ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



كَتَبَ فعل رَبُّكُمْ مرکب بمعانی فاعل، عَلٰی نَفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، الرَّحْمَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بھی مقولہ کی جگہ میں ہے، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال متداخل یا حال فاعل سُوْٓءًا مفعول بہ بِجَهَالَةٍ ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْۢ بَعْدِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ اَنَّ حرف تحقیق هُوَ ضمیر اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اس کی دو خبر، اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفرد کے معنی میں ہو کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، یا جملہ اسمیہ خبریہ اَلرَّحْمَةَ سے بدل ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ۠ ﴿۵۵﴾

**آیت نمبر ۵۵:** واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِيْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا، واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لِيَظْهَرَ الْحَقُّ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَسْتَبِيْنَ فعل سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

**سوال:** تَسْتَبِيْنَ کو مؤنث کیوں ذکر کیا گیا ہے؟

**جواب:** سَبِيْلُ کا لفظ مؤنث ہے اس لئے فعل مؤنث لایا گیا ہے اگرچہ کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

**آیت نمبر ۵۶:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق ی ضمیر اس کا اسم نُهِيْتُ فعل مجہول تُ ضمیر مرفوع ضمیر نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و ناصبہ اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر نُهِيْتُ کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا، قَدْ علامت فعل ضَلَلْتُ فعل تُ ضمیر مرفوع متصل ضمیر فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا اسم مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مَا حجازیہ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا، اِذًا حرف جواب و جزاء اور اس میں شرط کا معنی بھی ہے اور تقدیر عبارت یہ ہوگی اِنِ اتَّبَعْتُ اَهْوَآءَكُمْ ضَلَلْتُ وَمَا اهْتَدَيْتُ۔

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۵۷** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم عَلٰی جار بَيِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّیْ ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ کَذَّبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا یا یٌ سے حال ہوا۔ مَا نافیہ عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَلْحُکْمُ مبتدا اِلَّا حرف استثناء لام جار اَللّٰہِ اسم الجلالۃ ذوالحال يَقُصُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَيْنِیْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۵۸** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ محلاً منصوب اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ نائب فاعل بَيْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور متعلق، شبہ فعل مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

**آیت نمبر ۵۹** واؤ استینافیہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَفَاتِحُ الْغَيْبِ مرکب اضافی ذوالحال لَا يَعْلَمُ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر مرفوع فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا موصول فِیْ جار اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الْغَیْبِ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَسْقُطُ فعل مِنْ جارہ زائدہ وَرَقَةٍ مجرور لفظاً مجرور محلاً مرفوع وَالحال اِلَّا حرف استثناء یَعْلَمُ فعل ہُوَ مستتر فاعل ہَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال۔ وَالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ حَبَّةٍ لفظاً محلاً مرفوع موصوف فِیْ جارہ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ مرکب اضافی مجرور ہوا۔ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اول ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا زائدہ رَطْبٍ لفظاً محلاً مرفوع معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ یَابِسٍ لفظاً محلاً مرفوع معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ تَسْقُطُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء فِیْ جارہ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر لَا یَعْلَمُهَا کی تاکید یا بدل۔۔۔۔۔ الخ

وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾

**آیت نمبر ۶۰**: واؤ استینافیہ ہُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْ اسم موصول یَتَوَفّٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِالَّیْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل، مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ہُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول جَرَحْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِالنَّهَارِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول۔ ثُمَّ عاطفہ یَبْعَثُ فعل ہُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور متعلق اول ہوئے۔ لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُقْضٰی فعل مجہول اَجَلٌ مُّسَمًّى مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَبْعَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ عاطفہ اِلَیْهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُكُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ۔ ثُمَّ عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ہُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِ جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۸

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾

**آیت نمبر ۶۱**: واؤ استینافیہ ہُوَ ضمیر مبتدا اَلْقَاهِرُ اسم فاعل ہُوَ مستتر فاعل فَوْقَ عِبَادِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرْسِلُ فعل ہُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے حَفَظَةً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جَآءَ فعل اَحَدَكُمُ مرکب اضافی مفعول بہ الْمَوْتُ فاعل ہے جو مل کر شرط، تَوَفَّتْهُ فعل، ہٗ ضمیر مفعول بہ رُسُلُنَا مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُفَرِّطُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

## ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾

**آیت نمبر ۶۲:** ثُمَّ عاطفہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، اِلٰی حرف جار لفظ اللّٰهِ موصوف، مَوْلٰىهُمْ مرکب اضافی موصوف الْحَقِّ صفت، موصوف با صفت اَللّٰهِ اسم الجلالہ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تَوَفَّتْهُ پر معطوف ہے اَلَا حرف تنبیہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْحُكْمُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

## قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾

**آیت نمبر ۶۳:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، يُنَجِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب ذوالحال تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اسم فاعل کے معنی میں ہو کر تَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ كُمْ ضمیر کا حال ہے، ذوالحال با حال يُنَجِّيْ کا مفعول بہ، مِنْ جار ظُلُمٰتِ مضاف الْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور يُنَجِّيْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَامْ موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے، اِنْ حرف شرط اَنْجٰى فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ هٰذِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے نَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ جس پر لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ دال ہے لام جوابیہ نَكُوْنَنَّ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مِنَ الشَّاكِرِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کی جزاء ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔

## قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾

**آیت نمبر ۶۴:** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، يُنَجِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْهَا جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جار، كُلِّ كَرْبٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾

**آیت نمبر ۶۵:** قُلْ فعل امر انت مستتر فاعل سے مل کر قول۔ هُوَ ضمیر مبتدا۔ الْقَادِرُ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ اَنْ حرف مصدری و نصب یَبْعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابًا موصوف مِنْ فَوْقِكُمْ جار با مجرور معطوف علیہ اَوْ عاطفہ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ جار با مجرور معطوف، معطوف معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر عَذَابًا کی صفت، موصوف باصفت یَبْعَثَ کا مفعول ہے۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ۔ اَوْ عاطفہ یَلْبِسَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال شِيَعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول۔ واؤ عاطفہ يُذِيْقَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْضَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول۔ بَاْسَ بَعْضٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی۔ یہ تمام مل کر معطوف ثانی۔ معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر مجرور۔ جار با مجرور الْقَادِرُ کے متعلق ہوئے۔ اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر۔ مبتدا با خبر مقولہ۔ قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر انت مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان کَیْفِیَّتًا کے مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِيْفًا کے مفعول مطلق مقدم۔ نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعولین محلاً منصوب مفعول بہ اُنْظُرْ کا۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اسم يَفْقَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر۔ حرف ترجی با اسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا۔

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾

**آیت نمبر ۶۶:** واؤ استیناف كَذَّبَ فعل بِهٖ جارہ ہ ضمیر ذوالحال۔ واؤ حالیہ هُوَ الْحَقُّ مبتدا خبر مل کر حال۔ ذوالحال با حال مجرور۔ جار با مجرور متعلق ہوئے قَوْمُكَ مرکب اضافی فاعل۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر انت مستتر فاعل سے مل کر قول۔ لَسْتُ فعل ناقص تُ ضمیر مرفوع اس کا اسم عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم بِ جارہ زائدہ وَكِيْلٍ صیغہ صفت انا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر۔ فعل ناقص با اسم و خبر مقولہ۔ قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ؗ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

**آیت نمبر ۶۷:** لام جارہ كُلِّ نَبَاٍ مرکب اضافی مجرور۔ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم۔ مُسْتَقَرٌّ مبتدا موخر۔ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۶۸:** واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیْتَ فعل بافاعل متحرک فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخُوْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْٓ اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَ جزائیہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، حَتّٰی حرف غایت و جار اَنْ کے بعد اَنْ مقدر ہے یَخُوْضُوْا ناصب فِیْ جار حَدِیْثٍ موصوف غَیْرِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی اَعْرِضْ کے لئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ یُنْسِیَنَّ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَلشَّیْطٰنُ فاعل تینوں مل کر شرط فَ جزائیہ لَا تَقْعُدْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل بَعْدَ الذِّکْرٰی مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل مَعَ مضاف اَلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثانی فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا عَلَى الَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّلٰکِنْ ذِکْرٰی لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ۝۶۹

**آیت نمبر ۶۹:** واؤ استینافیہ مَا نافیہ عَلٰی جار اَلَّذِیْنَ موصول یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حِسَابِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، یہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ سے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اور یہ بھی درست ہے کہ مِنْ حِسَابِهِمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ہو اور شَیْءٍ ذوالحال مؤخر ہو، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہملہ ذِکْرٰی خبر ہے مبتدا محذوف هِیَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا، لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم یَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر رَاجِیْنَ التَّقْوٰی کی تاویل میں ہو کر حال ہے یَتَّقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے۔

وَذَرِ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَذَکِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا کَسَبَتْ ۖ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ کُلَّ عَدْلٍ لَّا یُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا کَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِیْمٌۢ بِمَا کَانُوْا یَکْفُرُوْنَ ۝۷۰

**آیت نمبر ۷۰:** واؤ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دِیْنَهُمْ مرکب اضافی پہلا مفعول بہ لَعِبًا وَّلَهْوًا معطوف علیہ با معطوف دوسرا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل هُمْ مفعول بہ اَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مرکب توصیفی فاعل، یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ ذَرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ ذَکِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



أَنْ حرف مصدری و ناصب تُبْسَلَ فعل مجہول بِمَا جار مَا مصدریہ كَسَبَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار
با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول کے نَفْسٌ ذوالحال لَيْسَ فعل ناقص لَهَا جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِيٌّ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِيْعٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال
مؤخر، ذوالحال با حال اسم مؤخر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق بتاویل
مصدر ذَكِّرْ کا مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ ذَكِّرْ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ إِنْ شرطیہ تَعْدِلْ فعل هِيَ مستترہ فاعل كُلَّ عَدْلٍ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق شرط، لَا يُؤْخَذْ
فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْهَا ظرف لغو متعلق ہوئے یہ تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر لَيْسَ پر معطوف ہے
أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، الَّذِيْنَ اسم موصول أُبْسِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِمَا جار مَا مصدریہ كَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے
مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ خبر اول، لَهُمْ ظرف مستقر
كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَرَابٌ موصوف مِنْ حَمِيْمٍ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف
علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ أَلِيْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف موصوف، بِمَا جار مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس
کا اسم يَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور،
جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر أُولٰٓئِكَ کی دوسری
خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

قُلْ أَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ
كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ أَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا
ط قُلْ إِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ط وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾

**آیت نمبر ۷۱:** قُلْ فعل امر أَنْتَ مستترہ فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام نَدْعُوْا فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصول لَا يَنْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ
لَا يَضُرُّ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر ذوالحال عَلٰٓى أَعْقَابِنَا
ظرف مستقر رَاجِعِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال نائب فاعل بَعْدَ مضاف إِذْ مضاف هَدٰى فعل نَا ضمیر مفعول بہ مقدم اَللّٰهُ
فاعل، یہ تینوں مل کر إِذْ کا مضاف الیہ، پھر بَعْدَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نُرَدُّ کا مفعول فیہ، کاف جار، الَّذِيْ اسم موصول
اِسْتَهْوَتْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلشَّيٰطِيْنُ فاعل فِي الْأَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے حَيْرَانَ "اِسْتَهْوَتْ" کے مفعول سے حال ہے، فعل
با فاعل و مفعول و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

محذوف رَدًّا کے نُرَدُّ کا مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ معطوف معنٰی معطوف علیہ با معطوفین صلہ کا صلہ، موصول باصلہ تَدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَصْحٰبٌ موصوف یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْهُدَی جار باِلمجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ائْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر قَائِلِیْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر یَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق هُدَی اللّٰهِ مرکب اضافی اسم هُوَ ضمیر فصل الْهُدٰی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُمِرْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل، لام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُسْلِمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لام جار رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ۔

## وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِیْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۲** واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ اَقِیْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوۃَ مفعول بہ یہ تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اُمِرْنَا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْ اسم موصول اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق مقدم تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق مقدم صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ۬ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝

**آیت نمبر ۷۳** واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُحِقًّا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، کُنْ فعل تام فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَکُوْنُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قَوْلُهٗ مرکب اضافی مبتدا اَلْحَقُّ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْمُلْکُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یُنْفَخُ فعل مجہول فِی الصُّوْرِ جار با مجرور ظرف لغو نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے یَوْمَ یَقُوْلُ سے۔ عٰلِمُ مضاف اَلْغَیْبِ وَالشَّهَادَۃِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا

www.KitaboSunnat.com



باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حرف عطف ھُوَ مبتدا، اَلْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ اس کی دو خبر۔ مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّیْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝**

**آیت نمبر ۷۴:** واؤ حرف عطف اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اِبْرٰهِیْمُ فاعل لام جارہ اَبِیْهِ مرکب اضافی مبدل منہ، اٰزَرَ بدل مبدل منہ بابدل مجرور۔ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل بافاعل و متعلق قول، ھمزہ حرف استفہام تَتَّخِذُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَصْنَامًا مفعول اوّل اٰلِهَةً مفعول ثانی۔ فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔ فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْمَكَ مرکب اضافی معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اوّل، فِیْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی۔ فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ۔ اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

**وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ۝**

**آیت نمبر ۷۵:** واؤ عاطفہ کَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِرَاءَةً کے مفعول مطلق مقدم نُرِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِبْرٰهِیْمَ مفعول بہ اوّل مَلَكُوْتَ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی۔ فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا اور معطوف علیہ محذوف ہے اَرَیْنَا اِبْرٰهِیْمَ ضَلَالَ قَوْمِهٖ وَاَبِیْهِ۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ یَكُوْنَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر۔ فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مجرور۔ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلْنَا ذٰلِكَ کے۔ الخ

**فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْهِ الَّیْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ ۝**

**آیت نمبر ۷۶:** فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَنَّ فعل عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلَّیْلُ فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل كَوْكَبًا مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب شرط۔ شرط با جزاء معطوف ہے قَالَ اِبْرٰهِیْمُ پر۔ الخ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہے مل کر قول ھٰذَا مبتدا رَبِّیْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَمَّا ظرف متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، تینوں مل کر شرط۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ لَاۤ اُحِبُّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلْاٰفِلِیْنَ مفعول بہ۔ تینوں مل کر مقولہ۔ قول با مقولہ جزاء۔ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ ۝**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۷۷:** فَلَمَّا فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقَمَرَ ذوالحال بَازِغًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ھٰذَا رَبِّیْ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ فَلَمَّا فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ لَمْ یَهْدِنِیْ فعل، نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، رَبِّیْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط۔ لام جوابیہ لَاَكُوْنَنَّ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنْ جار الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ اس پر جواب قسم دال ہے۔

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۸:** فَلَمَّا فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم رَاٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل الشَّمْسَ ذوالحال بَازِغَةً حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ھٰذَا رَبِّیْ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھٰذَآ اَكْبَرُ مبتدا با خبر ھٰذَا رَبِّیْ کی تاکید ہے۔ فَلَمَّا فاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَفَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر شرط۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یاء حرف ندا، اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل قَوْمِ اصل میں قَوْمِیْ ہے منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا ہے اِنَّ حرف تحقیق، یاء ضمیر اِنَّ کا اسم بَرِیْٓءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل مِنْ جار، مَا موصول تُشْرِكُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے صیغہ صفت، با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ کی، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۷۹:** اِنَّ حرف تحقیق، یاء ضمیر اِنَّ کا اسم وَجَّهْتُ فعل تاء مضموم ضمیر ذوالحال حَنِيْفًا حال، ذوالحال با حال فاعل وَجْهِيَ مرکب اضافی مفعول بہ، لام جار الَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور وَجَّهْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر اِنَّ کی، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر مبتدا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا حجازیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝**

**آیت نمبر ۸۰:** واؤ استینافیہ حَآجَّ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ قَوْمُهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ ھمزہ حرف استفہام تُحَآجُّوْٓنِّيْ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یائے ضمیر منصوب ذوالحال قَدْ حرف تحقیق هَدٰىنِ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یائے ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ فِي اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَآ اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا موصول تُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ۔ اِلَّآ حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و ناصب يَّشَآءَ فعل رَبِّيْ مرکب اضافی فاعل شَيْـــًٔا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مضاف الیہ ہے وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَسِعَ فعل رَبِّيْ مرکب اضافی فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ عِلْمًا تمیز، فعل با فاعل و مفعول بہ و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُعْرِضُوْنَ عَنِ التَّاَمُّلِ لَا تَتَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

**وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝**

**آیت نمبر ۸۱:** واؤ استینافیہ كَيْفَ ظرف زمان کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، اَخَافُ فعل اَنَا مستتر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل، مَا موصول اَشْرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اَشْرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا اسم موصول لَمْ يُنَزِّلْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، عَلَيْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سُلْطٰنًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال لَمْ يُنَزِّلْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اَشْرَكْتُمْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَا تَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ عَرَفْتُمْ قَوْلِيْ۔ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ مرکب اضافی مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْاَمْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**آیت نمبر ۸۲:** اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَمْ یَلْبِسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِیْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِظُلْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اُولٰٓئِكَ مبتدا ثانی لَهُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْاَمْنُ مبتدا مؤخر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا مُهْتَدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف معطوف علیہ با معطوف اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰهَآ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۸۳﴾

**آیت نمبر ۸۳:** واؤ استینا فیہ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا حُجَّتُنَا مرکب اضافی ذوالحال اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اِبْرٰهِیْمَ مفعول بہ ثانی عَلٰی قَوْمِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا نَرْفَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل دَرَجٰتٍ مفعول فیہ کیونکہ اس سے پہلے فِیْ محذوف ہے مَنْ اسم موصول نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ نَرْفَعُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ دو خبریں اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَیْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰی وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۵﴾

**آیت نمبر ۸۴، ۸۵:** واؤ استینا فیہ وَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے تِلْكَ حُجَّتُنَا پہ، كُلًّا مفعول بہ مقدم هَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ نُوْحًا مفعول بہ مقدم هَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّیَّتِهٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰی وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ معطوف علیہ معطوفات تمام سے مل کر ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال بواسطہ عطف کے هَدَیْنَا کا مفعول بہ ہے واؤ استیناف یا اعتراضیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا كُلٌّ مبتدا مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال:** کُلٌّ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا واقع ہونا کیسے درست ہے؟

**جواب:** کُلٌّ میں صفت عموم کی وجہ سے اس کا مبتدا بننا درست ہے نیز اس کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے اصل میں کُلٌّ واحِدٍ مِّنْهُمْ ہے۔

**وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ؀**

**آیت نمبر ۸۶:** واؤ عاطفہ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ عطف کے واسطے سے هَدَيْنَا کا مفعول بہ ہے واؤ استینافیہ كُلًّا مفعول بہ مقدم فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَي الْعٰلَمِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

**وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؀**

**آیت نمبر ۸۷:** واؤ عاطفہ مِنْ جارہ اٰبَاۗىِٕهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ ذُرِّيّٰتِهِمْ مرکب اضافی معطوف اول واؤ عاطفہ اِخْوَانِهِمْ مرکب اضافی معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف هَدَيْنَا کے متعلق ہوئے واؤ عاطفہ اجْتَبَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ هَدَيْنَا پر معطوف ہے واؤ عاطفہ هَدَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

**ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ؀**

**آیت نمبر ۸۸:** ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا هُدَى اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اول يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول يَّشَاۗءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ عِبَادِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال يَهْدِيْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ اَشْرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط لام جوابیہ حَبِطَ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ حَبِطَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء حال ہے عِبَادِهٖ سے۔

**اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ؀**

**آیت نمبر ۸۹:** اُولٰۗىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا الَّذِيْنَ اسم موصول اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول الْكِتٰبَ و

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَلْحُکْمَ وَالنُّبُوَّةَ معطوف علیہ با معطوف مفعول ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء استیفانیہ اِنْ شرطیہ یَکْفُرْ فعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے هٰٓؤُلَآءِ فاعل مرفوع فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل وَكَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے قَوْمًا موصوف لَّيْسُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم بِهَا جار با مجرور متعلق مقدم بِ باء جارہ زائدہ كٰفِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمًا کی صفت، موصوف با صفت وَكَّلْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝۹۰

**آیت نمبر ۹۰:** اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا الَّذِيْنَ اسم موصول هَدَى فعل لفظ اللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا شِئْتَ سُلُوْكَ الطَّرِيْقِ الْقَوِيْمِ یا اِنْ شِئْتَ اَنْ يَّكُوْنَ حَالُكَ مِثْلَ حَالِهِمْ بِ باء جارہ هُدٰىهُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے اقْتَدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور ھاء برائے سکتہ ہے، فعل با فاعل و متعلق مقدم جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَآ اَسْـَٔلُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَجْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء ذِكْرٰى موصوف لِلْعٰلَمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۹۱

**آیت نمبر ۹۱:** واؤ استینافیہ مَا نافیہ قَدَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، حَقَّ قَدْرِهٖ مرکب اضافی مفعول مطلق اِذْ ظرف مضاف قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلٰى بَشَرٍ جار با مجرور متعلق، مِنْ حرف جارہ زائدہ شَيْءٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاعل، اَلْکِتٰبَ موصوف، اَلَّذِیْ اسم موصول، جَآءَ فعل، بِہٖ جار مجرور متعلق ہوئے مُوْسٰی فاعل، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَلْکِتٰبَ کی صفت، موصوف با صفت ذوالحال، نُوْرًا معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ، ھُدًی موصوف، لِلنَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْکِتٰبَ کا حال اول، تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر پہلا مفعول ہے، قَرَاطِیْسَ موصوف، تُبْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَثِیْرًا مفعول بہ یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَرَاطِیْسَ کی صفت، موصوف با صفت تَجْعَلُوْنَ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین اَلْکِتٰبَ کا حال ثانی، ذوالحال با حالین اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ، خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ حالیہ عُلِّمْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل مَا موصول لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر مؤکد، اَنْتُمْ تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ اٰبَآؤُکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ عُلِّمْتُمْ کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے تَجْعَلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔ (روح المعانی)

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰہُ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال یَلْعَبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فِیْ خَوْضِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝۹۲

**آیت نمبر ۹۲** واؤ استینافیہ ھٰذَا مبتدا، کِتٰبٌ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مُبٰرَکٌ صفت ثانیہ، مُصَدِّقُ اسم فاعل اَلَّذِیْ اسم موصول بَیْنَ یَدَیْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل ھُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ مل کر صلہ، موصول با صلہ مُصَدِّقُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ صفت ثالثہ، موصوف با صفات ثلاثہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اُمَّ الْقُرٰی مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ حَوْلَهَا مرکب بمعنا ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف تُنْذِرَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف اَنْزَلْنٰهُ کے متعلق ہوئے

واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مبتدا، یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور بِہٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، عَلٰی صَلَاتِهِمْ جار با مجرور متعلق مقدم یُحَافِظُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ یُؤْمِنُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٩٣﴾

**آیت نمبر ۹۳:** واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل، مِنْ جارہ مَنْ موصولہ، افْتَرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، عَلَى اللّٰهِ متعلق، كَذِبًا مفعول بہ، پھر یہ چاروں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اُوْحِيَ فعل مجہول اِلَيَّ جار با مجرور ظرف لغو نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مقولہ، مقولہ با قول معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سین علامت فعل، اُنْزِلُ فعل اَنَا مستتر فاعل، مِثْلَ مضاف، مَا موصولہ اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اُنْزِلُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مِنْ کا مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ فعل مجہول نائب فاعل اور متعلق سے مل کر اَوْ قَالَ میں جو قَالَ ہے اس کی ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، اِذْ ظرف زمان مضاف، الظّٰلِمُوْنَ مبتدا، فِيْ جار غَمَرٰتِ الْمَوْتِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، کَائِنُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل، واؤ حالیہ الْمَلٰٓئِكَةُ مبتدا، بَاسِطُوْا اسم فاعل مضاف اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، اسم فاعل با مضاف و مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال کَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرٰی کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزا محذوف ہے لَرَاَيْتَ اَمْرًا عَظِيْمًا ـــــ اس شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔

اَخْرِجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ يَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر بَاسِطُوْا میں مستتر ضمیر فاعل سے حال ہے ـــــ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم تُجْزَوْنَ کا، تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، عَذَابَ الْهُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ، بِـ جار مَا مصدریہ، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم، تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، غَيْرَ الْحَقِّ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلَ کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم عَنْ اٰيٰتِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم تَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے تُجْزَوْنَ کے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۚ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۹۴** واؤ استینافیہ لام موطئہ لقسم ہے قسم محذوف ہے واللہ قد علامت فعل جِئْتُمُوْنَا فعل تُمْ ضمیر فاعل نا ضمیر مفعول فُرَادٰى حال، ذوالحال باحال فاعل نا ضمیر مفعول ہے کاف جارہ مَا مصدریہ خَلَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول ہے اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور ہوا جار، كَمَا خَلَقْنَا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مجیئا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا واؤ حالیہ تَرَكْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مَا موصول خَوَّلْنَا فعل نا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول ہے یہ تینوں مل کر صلہ، موصول مفعول ہے وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جِئْتُمُوْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ شُفَعَآءَكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم فِيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكٰٓؤُا ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال خبر، اَنَّ با اسم وخبر زَعَمْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ شُفَعَآءَكُمْ کی صفت، موصوف باصفت مفعول ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لام موطئہ لقسم الا قسم محذوف ہے قد علامت فعل تَقَطَّعَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور تَزْعُمُوْنَ کے دونوں مفعول محذوف ہیں اصل میں تھا تَزْعُمُوْنَهُمْ شُفَعَآءَ، فعل بافاعل ومفعولین خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم محذوف کا جواب ہے، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۖ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۹۵** اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم فَالِقُ مضاف اَلْحَبِّ وَالنَّوٰى معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر اول، يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَيَّ مفعول ہے مِنَ الْمَيِّتِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل بافاعل ومتعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ومفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ اسم فاعل کے معنی میں ہو کر معطوف ہے، واؤ عاطفہ مُخْرِجُ اسم فاعل مضاف اَلْمَيِّتِ مضاف الیہ بمعنی مفعول بہ مِنَ الْحَيِّ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر دوم اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكُمُ اسم اشارہ مبتدا اللّٰهُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فا عاطفہ اَنّٰى استفہامیہ کَیْفَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، تُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل موخر ہونے کی بنا پر حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۹۶

**آیت نمبر** ۹۶: فَالِقُ الْاِصْبَاحِ مرکب اضافی ھُوَ مبتدا محذوف کی خبر ہے یا اِنَّ کی خبر ثالث ہے (روح المعانی) واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اللَّيْلَ مفعول بہ اول سَكَنًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین باعتبار معنی کے فَالِقُ الْاِصْبَاحِ پر عطف ہے۔ واؤ عاطفہ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دونوں کا اللَّيْلَ پر عطف ہے اور حُسْبَانًا کا سَكَنًا پر عطف ہے۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا تَقْدِيْرُ مضاف الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۹۷

**آیت نمبر** ۹۷: واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل بمعنی خَلَقَ ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے، النُّجُوْمَ مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، فِيْ جارہ ظُلُمٰتِ مضاف الْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر تَهْتَدُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قَدْ تحقیق، علامت فعل فَصَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاٰيٰتِ منصوب بالکسرہ مفعول بہ، لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور فَصَّلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ مُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝۹۸

**آیت نمبر** ۹۸: واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہو کر فعلو جواب یُسْتَقَرُّ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے لَكُمْ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مُسْتَوْدَعٌ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے لَكُمْ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے اور فاء کی شرط محذوف ہے إِذَا كَانَ الْأَمْرُ كَذٰلِكَ فَقَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ کی ترکیب قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ کی طرح ہے جو ابھی گزری ہے۔

وَهُوَ الَّذِيٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

**آیت نمبر ۹۹:** واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِي اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَآءً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا، فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا، فاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے خَضِرًا موصوف نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے حَبًّا مُتَرَاكِبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ خَضِرًا کی صفت، موصوف با صفت اَخْرَجْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف الَّذِي کا صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مِنَ النَّخْلِ جار با مجرور مبدل منہ مِنْ طَلْعِهَا جار با مجرور بدل البعض، مبدل منہ با بدل ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قِنْوَانٌ موصوف دَانِيَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

واؤ عاطفہ جَنّٰتٍ موصوف مِنْ اَعْنَابٍ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ہے نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ پر، واؤ عاطفہ الزَّيْتُوْنَ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ الرُّمَّانَ ذوالحال مُشْتَبِهًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ہے فعل محذوف اَخُصُّ کا اور یہ بھی جائز ہے کہ جَنّٰتٍ پر معطوف ہو، اُنْظُرُوْٓا فعل امر وَا ضمیر فاعل اِلٰى ثَمَرِهٖٓ جار با مجرور متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف اَثْمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل امر با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَيَنْعِهٖ کا ثَمَرِهٖ پر عطف ہے اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اٰيٰتٍ موصوف لَام جار قَوْمٍ موصوف يُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَ خَلَقَهُمْ وَ خَرَقُوْا لَهٗ بَنِیْنَ وَ بَنٰتٍۭ بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا یَصِفُوْنَ ۟

**آیت نمبر ۱۰۰:** واو استینافیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی مقدم اَلْجِنَّ مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو حالیہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَلْجِنَّ سے حال ہے۔ واو عاطفہ خَرَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَصَاحِبِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بَنِیْنَ وَ بَنٰتٍ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے۔ سُبْحٰنَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف نُسَبِّحُنَا کا۔ نُسَبِّحُنَا فعل نَا ضمیر فاعل، و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ۔ واو عاطفہ تَعٰلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ یَصِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۱۳ ﴾

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰى یَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝

**آیت نمبر ۱۰۱:** بَدِیْعُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنّٰى اسم استفہام كَیْفَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، وَلَدٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال یَكُوْنُ کا اسم مؤخر، لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واو حالیہ لَمْ تَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم صَاحِبَةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے وَلَدٌ سے۔ واو استینافیہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واو استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، بِ جارہ كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ۝

**آیت نمبر ۱۰۲:** ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا لفظ اَللّٰهُ خبر اول، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثنا هُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ با بدل اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثالث، خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اضافی خبر رابع مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔فا فصیحہ اذا اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ یا اِذَا کَانَتْ لِلّٰہِ هٰذِهِ الصِّفَاتُ،فَاعْبُدُوْهُ فعل امر واو ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واو استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا،عَلٰی جارہ کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور،جار با مجرور متعلق مقدم وَکِیْلٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ؗ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝

**آیت نمبر ۱۰۳** لَا نافیہ تُدْرِکُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْاَبْصَارُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واو عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا یُدْرِکُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلْاَبْصَارَ مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ با معطوف ذٰلِکُمْ کی خبر خامس ہے یا واو استینافیہ یا عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ دو خبر،مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا۔

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ۝

www.kitabosunnat.com

**آیت نمبر ۱۰۴** قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم بَصَآئِرُ فاعل مِنْ رَّبِّکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔فا استینافیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، اَبْصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط،فا جزائیہ لِنَفْسِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاِبْصَارُ کی،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واو عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا عَمِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،فا جزائیہ عَلَیْهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف عَمَاهُ کی مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر،مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف،معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔واو استینافیہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے،بَا جارہ زائدہ حَفِیْظٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر،مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ وَلِیَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَیِّنَهٗ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۰۵** واو استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور نُصَرِّفُ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِیْفًا کے مفعول مطلق مقدم،نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔واو عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقُوْلُوْا فعل واو ضمیر فاعل سے مل کر قول،دَرَسْتَ فعل تَا مفتوحہ ضمیر فاعل،فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ،قول با مقولہ بتاویل مصدر مجرور،جار با مجرور معطوف اوّل،اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیَعْتَبِرُوْا لِاِعْتِبَارِهِمْ کے معنی میں ہو کر معطوف علیہ،واو عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُبَیِّنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ،لام جارہ قَوْمٍ موصوف یَعْلَمُوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور لِنُبَيِّنَ کے متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین ظرف لغو متعلق ہوئے نُصَرِّفُ کے۔

اِتَّبِعْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَ اَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۱۰۶

**آیت نمبر ۱۰۶** اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا موصول اُوْحِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْكَ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر اُوْحِیَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِتَّبِعْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۲ میں گزر چکی ہے۔

وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَاۤ اَشْرَكُوْا ؕ وَ مَا جَعَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَ مَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ۝۱۰۷

**آیت نمبر ۱۰۷** واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا نافیہ اَشْرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے حَفِیْظًا صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ کی ترکیب وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ کی طرح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ لَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَیَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۱۰۸

**آیت نمبر ۱۰۸** واؤ استینافیہ لَا تَسُبُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا اور یہ لَا یَكُنْ مِنْكُمْ سَبُّ الَّذِیْنَ ... الخ کی تاویل میں ہے اور اس میں سَبُّ الَّذِیْنَ معطوف علیہ ہے فاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَسُبُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، عَدْوًا مفعول لہ بِغَیْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر یَسُبُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر سَبُّ الَّذِیْنَ پر معطوف ہے كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم، زَیَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لام جار كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے عَمَلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ثُمَّ عاطفہ اِلٰى رَبِّهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ باء جارہ مَا موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یُنَبِّئُ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٠٩

**آیت نمبر ۱۰۹** واؤ استینافیہ اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم ہو قسم محذوف سے اِنْ شرطیہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، یہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ لام جوابیہ يُؤْمِنُنَّ فعل واؤ محذوف بوجہ التقائے ساکنین فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے لَيُؤْمِنُوا بِهَا جس پر جواب قسم دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَلْاٰيٰتُ مبتدا عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا يُشْعِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ شرط، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد يُشْعِرُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١٠

**آیت نمبر ۱۱۰** واؤ استینافیہ نُقَلِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَفْـِٕدَتَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَبْصَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، کاف جارہ مَا مصدریہ لَمْ يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَقْلِيْبًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال يَعْمَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ فِيْ جارہ طُغْيَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۱** واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَزَّلْنَا فعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے الْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ كَلَّمَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْمَوْتٰى فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ حَشَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی ذوالحال قُبُلًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل ہے فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ يَشَآءَ فعل اللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف زمان کے مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنِيْنَ کے متعلق ہو کر كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اسم يَجْهَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۲** واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لام جارہ كُلِّ نَبِيٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوًّا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی مقدم شَيٰطِيْنَ مضاف الْاِنْسِ وَالْجِنِّ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يُوْحِيْ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل اِلٰى بَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے زُخْرُفَ الْقَوْلِ مرکب اضافی مفعول بہ غُرُوْرًا مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شَيٰطِيْنَ سے حال ہو کر عَدُوًّا کی صفت ۔۔۔ الخ

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ ہے اس کی شرط محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بمعنا کان الامر کذلک یا ان کان الاِیحاءُ مِنْ بَعْضِہِمْ اِلٰی بَعْضٍ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مع مَا موصولہ یَفْتَرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول معہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جواب شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لِتَصْغٰۤى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِيَرْضَوْهُ وَ لِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۳** الواؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ ادراس کے بعد اَنْ مقدرہ ہے تَصْغٰی فعل اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَفْـِٕدَۃُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَۃِ متعلق، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور معطوف ہے غُرُوْرًا پر۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدرہ ہے یَرْضَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدرہ ہے یَقْتَرِفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ ھُمْ ضمیر مبتدا مُقْتَرِفُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ۝

**آیت نمبر ۱۱۴** الھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَمِیْلُ اِلٰی زِیْنَۃِ الدُّنْیَا، غَیْرَ اللّٰہِ مرکب اضافی اَبْتَغِیْ کا مفعول بہ مقدم اور حَکَمًا تمیز ہے فعل کی نسبت الی المفعول سے، فعل با فاعل و مفعول بہ مقدم و تمیز جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہے قُلْ لَّھُمْ قول محذوف کا، قول با مقولہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْکِتٰبَ ذوالحال مُفَصَّلًا اسم مفعول ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰہِ سے حال ہے۔

واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَلْکِتٰبَ مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مُنَزَّلٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِالْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال نائب فاعل مِنْ رَّبِّکَ جار با مجرور متعلق ہوئے اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر اَنَّ کی، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد یَعْلَمُوْنَ کی دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فاؤ فصیحہ برشرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ هٰذَا یا اِنْ كَانَ اَهْلُ الْكِتٰبِ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَا تَكُوْنَنَّ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

آیت نمبر ۱۱۵ واؤ استینافیہ تَمَّتْ فعل كَلِمَةُ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ صِدْقًا وَّعَدْلًا معطوف علیہ با معطوف صَادِقًا وَعَادِلًا کے معنی میں ہو کر حال ذوالحال با حال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِكَلِمٰتِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر لَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے تَمَّتْ کے فاعل سے واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱۶ واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تُطِعْ فعل مضارع اَنْتَ مستتر فاعل اَكْثَرَ مضاف مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط يُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ نافیہ يَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء يَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱۷ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مَنْ موصولہ يَضِلُّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ سَبِيْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بِهٖ محذوف کا مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْمُهْتَدِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱۸** فاءِ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كُنْتُمْ مُتَحَقِّقِيْنَ بِالْاِيْمَانِ كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول بصلہ مجرور، جار با مجرور كُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۱۹** واؤ استئنافیہ مَا استفہامیہ مبتداء، لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَاْكُلُوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول بصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْكُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور اصل میں فِیْ اَنْ تَاْكُلُوْا ہے جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے كَائِنٌ کے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل فَصَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ حَرَّمَ فعل هُوَ مستتر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ اُضْطُرِرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ حَرَّمَ کا فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول بصلہ فَصَّلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے لفظ اَللّٰهُ سے۔ ارق

واؤ استئنافیہ اِنَّ حرف تحقیق كَثِيْرًا اس کا اسم لام مزحلقہ يُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، باء جارہ اَهْوَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم هُوَ ضمیر مبتداء اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل اور بِالْمُعْتَدِيْنَ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَیُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا یَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾

**آیت نمبر ۱۲۰** واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ظَاهِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ بَاطِنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاِثْمَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، سین علامت فعل، یُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل باء جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَقْتَرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّیٰطِیْنَ لَیُوْحُوْنَ اِلٰۤی اَوْلِیٰٓـِٕهِمْ لِیُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

**آیت نمبر ۱۲۱** واؤ عاطفہ لَا تَاْكُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصول لَمْ یُذْكَرْ فعل مجہول عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لام مؤکدہ فِسْقٌ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْكُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلشَّیٰطِیْنَ اس کا اسم لام مؤکدہ یُوْحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰۤی اَوْلِیٰٓـِٕهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدرہ ہے یُجَادِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ اَطَعْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر شرط ہوا، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لام مؤکدہ مُشْرِكُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

**سوال:** جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو تو اس پر فاء کا داخل ہونا واجب ہے تو اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جزاء ہے اس پر فاء داخل کیوں نہیں کی گئی؟

**جواب (۱):** یہاں اِنْ شرطیہ سے پہلے لام موطئہ قسم محذوف ہے لہٰذا اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ اس کا جواب قسم ہے اور جزاء محذوف ہے فَاِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جس پر جواب قسم دال ہے۔

**جواب (۲):** علامہ ابوالبقاء فرماتے ہیں جب شرط فعل ماضی ہو تو اس وقت جزاء سے فاء کا حذف کرنا جائز ہے اگرچہ جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

**آیت نمبر ۱۲۲:** ہمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَنْتُمْ مِثْلُهُمْ مَنْ موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مَيْتًا خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَا عاطفہ اَحْيَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے نُوْرًا موصوف يَمْشِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فِي النَّاسِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر يَمْشِيْ کے فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق نُوْرًا کی صفت موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مبتداء کاف جارہ مَنْ موصول مَثَلُهٗ مرکب اضافی مبتدا فِي الظُّلُمٰتِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق كَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر ذوالحال لَيْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم با جارہ زائدہ خَارِجٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل با فاعل و متعلق لفظا مجرور محلا منصوب خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال كَائِنٌ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَنْ كَانَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم زُيِّنَ فعل مجہول لِلْكٰفِرِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَ مَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

**آیت نمبر ۱۲۳:** واؤ استیناف كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا مرکب اضافی مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَمْكُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ يَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاَنْفُسِهِمْ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے يَمْكُرُوْا کے فاعل سے۔۔۔ الخ یا جملہ مستانفہ ہے واؤ حالیہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے يَمْكُرُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٤﴾

**آیت نمبر ۱۲۴:** واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَنْ نُّؤْمِنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل حَتّٰى جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُؤْتٰى فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل مِثْلَ مضاف مَا موصول اُوْتِيَ فعل مجہول رُسُلُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نُؤْتٰى کا مفعول بہ، فعل مجہول با نائب و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنْ نُّؤْمِنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَيْثُ مضاف يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل رِسَالَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف يَعْلَمُ کا جس پر اَعْلَمُ دال ہے۔ سَ حرف سین علامت فعل يُصِيْبُ فعل اَلَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا موصول با صلہ مفعول بہ مقدم صَغَارٌ موصوف عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ موصوف شَدِيْدٌ صفت اول بَا جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُصِيْبُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢٥﴾

**آیت نمبر ۱۲۵:** فَا استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُرِدْ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل اَنْ حرف مصدری و ناصبہ يَهْدِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر يُرِدْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط يَشْرَحْ فعل هُوَ مستتر فاعل صَدْرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلْاِسْلَامِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُرِدْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مصدری ونصب یُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ۔ فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یُرِدْ کا مفعول بہ۔ فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَدْرَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل ضَیِّقًا موصوف حَرَجًا صفت موصوف با صفت مفعول بہ ثانی۔ فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَاَنَّمَا حرف استدراک مکفوفہ کافہ یَصَّعَّدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے۔ فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے حَرَجًا کی ضمیر سے۔ کَذٰلِكَ ظرف مستقر کَجَعْلًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم یَجْعَلُ فعل لفظ اللّٰہ فاعل الرِّجْسَ مفعول بہ عَلَی جار الَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے۔ فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۱۲۶ واؤ استئنافیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، صِرَاطُ رَبِّكَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مُسْتَقِیْمًا حال ہے فعل محذوف اِسْتَقَامَ کی ضمیر فاعل سے۔ قَدْ حرف تحقیق فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّذَّکَّرُوْنَ کی ترکیب قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ کی طرح ہے جو آیت نمبر ۹۸ میں گزری ہے۔

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

**آیت نمبر** ۱۲۷ لَہُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَارُ السَّلٰمِ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّہِمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استئنافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا وَلِیُّہُمْ مرکب اضافی ذوالحال، بِ جار مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰۗؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝

**آیت نمبر** ۱۲۸ واؤ استئنافیہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ۔ فعل با فاعل ومفعول بہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔ اُذْکُرْ فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔ یَا حرف ندا، قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ الْجِنِّ مرکب اضافی مفعول بہ۔ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، قَدْ علامت فعل اِسْتَکْثَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنَ الْاِنْسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے۔ فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



و متعلق نداء کا جواب، ندا مع جواب ندا مقابلہ کا مقولہ ہو کر یحشرھم کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَوْلِیٰٓـؤُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الْاِنْسِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا اور یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے، اِسْتَمْتَعَ فعل بَعْضُنَا مرکب اضافی فاعل بِبَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَجَلَنَا مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَجَّلْتَ فعل تَاء ملفوظہ ضمیر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت بَلَغْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، ندا مع جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَلنَّارُ مبتدا مَثْوٰی مضاف کُمْ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا زَمَانَ مضاف محذوف کا، مضاف با مضاف الیہ مستثنٰی مفرغ ہو کر خٰلِدِیْنَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مَثْوٰی کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾

**آیت نمبر ۱۲۹** واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَوْلِیَةً کے مفعول مطلق مقدم نُوَلِّیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ اول بَعْضًا مفعول بہ ثانی بِ باء حرف جار مَا موصولہ كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۲۷ میں دیکھیے اور یہ صلہ ہے، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۶ ❁

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤی اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَشَهِدُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۰﴾

**آیت نمبر ۱۳۰** یَا حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ مضاف اَلْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، ھمزہ حرف استفہام لَمْ یَاْتِ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ یَقُصُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیٰتِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُنْذِرُوْنَ فعل

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل لِقَآءَ مضاف یَوْمِکُمْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف مِنْکُمْ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین لَمْ یَأْتِ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جواب نداء، ندا باجواب نداء مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَھُمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول شَھِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰٓی اَنْفُسِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ شَھِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کٰفِرِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ اعتراضیہ غَرَّتْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

## ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ۝۱۳۱

**آیت نمبر ۱۳۱:** ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ یَکُنْ فعل ناقص رَبُّکَ مرکب اضافی اسم مُھْلِکَ الْقُرٰی مرکب اضافی ذوالحال بِظُلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم وخبر منصوب بنزع الخافض بِاَنْ مقدر کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ حالیہ اَھْلُھَا مرکب اضافی مبتدء غٰفِلُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اَلْقُرٰی سے۔

## وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ۝۱۳۲

**آیت نمبر ۱۳۲:** واؤ استینافیہ لِکُلٍّ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَرَجٰتٌ موصوف مِنْ جارہ مَا مصدریہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استینافیہ مَا حجازیہ رَبُّکَ مرکب اضافی اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصول یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر محلًا منصوب خبر مَا حجازیہ، مَا اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

## وَ رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَ يَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ۝۱۳۳

**آیت نمبر ۱۳۳:** واؤ استینافیہ رَبُّکَ مرکب اضافی مبتدا، اَلْغَنِیُّ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اوّل ذُو الرَّحْمَةِ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



مرکب اضافی خبر دوم مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط یَشَاْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط یُذْھِبْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ یَسْتَخْلِفْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ بَعْدِکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا موصول یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، کاف جار کَمَا مصدریہ اَنْشَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، ذُرِّیَّۃِ مضاف قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اَنْشَاَ کے متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِخْلَافًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿١٣٤﴾

**آیت نمبر ۱۳۴** اِنَّ حرف تحقیق مَا موصولہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اسم لام مزحلقہ لَاٰتٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ، اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم باء جارہ زائدہ مُعْجِزِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر لفظاً منصوب خبر مَا، اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿١٣٥﴾

**آیت نمبر ۱۳۵** قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ ندا ہے اِعْمَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلٰی مَکَانَتِکُمْ ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل جملہ انشائیہ امریہ جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم عَامِلٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ، اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ تَکُوْنُ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَاقِبَةُ الدَّارِ مرکب اضافی اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

**سوال:** تَعْلَمُوْنَ تو دو مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے تو یہاں اس کا ایک مفعول کیوں ہے؟

**جواب:** یہاں تَعْلَمُوْنَ 'تَعْرِفُوْنَ' کے معنی میں ہے اور تَعْرِفُوْنَ ایک مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق ہُ ضمیر اس کا اسم لَا یُفْلِحُ فعل اَلظّٰلِمُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ، اسم و خبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِیْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا یَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ یَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۳۶** واؤ استینافیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مِنْ جارہ مَا موصولہ ذَرَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ اَلْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ذَرَاَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَصِیْبًا ذوالحال موخر، ذوالحال با حال جَعَلُوْا کا مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فا عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول هٰذَا اسم اشارہ مبتدا لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق اوّل ہوئے بِزَعْمِهِمْ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا لام جارہ شُرَكَآءُ نَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فا عاطفہ مَا موصولہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم لِشُرَكَآئِهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فا، جزائیہ لَا یَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر قائم مقام جزا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فا، جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا یَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا سَآءَ فعل ذم مَا موصولہ یَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، مبتدا محذوف ہے هُوَ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ زَیَّنَ لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِیُرْدُوْهُمْ وَ لِیَلْبِسُوْا عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا یَفْتَرُوْنَ ۝

**آیت نمبر ۱۳۷** : واؤ استینافیہ کَ اِلٰی ذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

